طلسمِ خیال
کرشن چندر

طلسمِ خیال

(افسانے)

کرشن چندر

پیدائش: ۲۳ر نومبر ۱۹۱۳ء ——— وفات: ۸ ر مارچ ۱۹۷۷ء

طلسمِ خیال

(افسانے)

آپ ہمارے کتابی سلسلے کا حصہ بن سکتے ہیں،
مزید اس طرح کی شاندار، مفید اور نایاب برقی
کتب (Pdf) کے حصول کے لیے ہمارے
وٹس ایپ گروپ میں شمولیت اختیار کریں

ایڈمن پینل

عبداللہ عتیق : 0347-8848884

حسنین سیالوی : 0305-6406067

سدرہ طاہر : 0334-0120123

کرشن چندر

اراولی پبلشر

۴ وجے مارکیٹ رجاپور (نزد بھاگیہ لکشمی اپارٹمنٹ)

سیکٹر ۹ - روہنی - دلی —— ۱۱۰۰۸۵

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

نام کتاب : طلسمِ خیال

مصنف : کرشن چندر

کتابت : کہکشاں گرافکس

قیمت : 175/-

اشاعت : 2008

ISBN : 81-88533-04-1

ناشر

رتکا چوپڑہ

Tilisma-Khayal

By

Krishan Chander

ARAVALI PUBLISHERS

4, Vijay Market, Rajapur

(Near Bhagya Laxmi Apartments)

Sector-9, Rohini-Delhi- 110085

فہرست

دیباچہ

پروفیسر سیّد فیّاض محمود ایم، اے

کہانیاں کہنے اور سننے کا شوق انسان کے دل میں ہزار ہا سال سے موجود ہے ۔اوّل اوّل تو یہ کہانیاں شاید سچے واقعات پر مبنی ہوں گی ۔ مگر انہیں بیان کرتے وقت راوی ضرور کہیں نہ کہیں کہانی کے کسی پہلو کو اپنی مرضی کے مطابق یا کوئی خاص اثر پیدا کرنے کی غرض سے بڑھا چڑھا کر بیان کر دیتا ہو گا۔ اگر یہ واقعہ کسی سردار کی مدح ہوتا تو شاید واقعات کو اور جلا دیکر اور ان میں اضافہ کر کے اپنے ممدوح کو خوش کرنے کے لئے وہ مبالغہ اور اپنی قوت اختراع سے بھی کام لے لیتا ہو گا۔ بعد میں فرضی بہادر دل عاشقوں اور شکاریوں کے قصے بھی لوگوں نے تراشنے شروع کر دیئے ہوں گے ۔ایسی کہانیاں ہر قوم کے پرانے ادبیات میں پائی جاتی ہیں۔ عام طور پر ایسے قصے ان کی مذہبی کتابوں میں ملتے ہیں۔ ان کہانیوں کا مقصد انسانی زندگی کے کسی پہلو پر اخلاقی روشنی ڈالنا ہوتا ہے۔

مگر ان قدیم کہانیوں میں جس چیز پر زور دیا جاتا ہے ۔وہ ان کے افراد کی محیر العقول قوتیں ہیں۔ کہیں کسی شخص کے صبر کی تعریف ہوتی ہے تو کہیں اس کی بہادری کی کہیں اس کی نیکی کی اور کہیں اس کی حیرت انگیز مستقل مزاجی کی۔ عام طور پر ان افراد کو کسی نہ کسی صورت میں غیبی مدد ملتی رہتی ہے کہ ایسے خارق العادت انسان اور غیر معمولی واقعات سے فقط ہمیں عالم غیب اور خدائے قدوس کی جبروت اور اس کے انسان پر جو احسانات ہیں۔ ان کے سوا اور کچھ معلوم نہیں ہو سکتا۔ اگر چہ ان سے لوگ اچھے سبق بھی حاصل کرتے ہیں۔ اور سنا ہے کہ عبرت بھی پکڑ لیتے ہیں۔

ایسی کہانیاں کسی خاص اصول کے ماتحت وضع نہیں کی جاتی تھیں۔ عام طور پر ان

میں مختصراً کسی آدمی یا عورت کی ساری زندگی کے حالات ہی بیان کردیئے جاتے تھے رفتہ رفتہ لوگ محسوس کرتے گئے کہ اس اختصار سے کسی شخص کی زندگی کے چیدہ چیدہ واقعات کا ذکر ہوگیا۔ مگر اس سے اس شخص کی ذہنی حالت، دلی کیفیت اور معاشرتی زندگی کے حال سے کچھ زیادہ آگاہی نہیں ہوئی۔ اس لئے لمبی لمبی داستانیں، رومانیں اور بعد میں ناول لکھے جانے لگے جن میں آدمی کی پیدائش سے لیکر اس کی شادی تک یا پھر موت تک کے حالات بیان کئے جاتے۔ جیسے جیسے لوگ زیادہ خود شناس ہوتے گئے ویسے ویسے وہ ناول لکھنے کے اصول بھی وضع کرتے گئے۔ چنانچہ مصنفین اپنے ناول ان اصولوں پر پورے اتانے کی کوشش میں کافی ذہین کاوش خرچ کرنے لگے۔ آہستہ آہستہ ان ضوابط میں تبدیلی ہوتی گئی اور ہر نئے مقتدر ناولسٹ نے اپنی خاص طرز نکال لی۔ کوئی زندگی کے کسی ایک پہلو پر زور دیتا تو دوسرا کسی اور نگاہ سے لکھتا بعض تو محض اپنی کہانی کی ساخت یعنی پلاٹ پر زور دینے اور بعض کردار نگاری پر بعض ماحول اور طریقۂ بودو باش پر تو بعض معاشرت اور کسی خاص تمدن کی تصویر کشی پر بعض کسی زمانہ کا نقشہ کھینچتے تو بعض کسی قوم یا ملک کی ذہنیت کا تجزیہ کرتے اور آج کل کے زمانہ میں تو مغرب میں ایسے ناول بھی لکھے جانے لگے ہیں جو محض خیالات کے ایک لامتناہی سلسلہ کی عکاسی کرتے ہیں۔ اور انسان کے شعوری اور لا شعوری کی جذبات کی تحلیل کو اپنا مطمع نظر بناتے ہیں غرض وہاں ناولوں کی بھی کئی ایک قسمیں ہیں اور اس کے فن کے ہزار نکات۔

افسانہ نگاری جس سے ہم سب کی مراد مختصر افسانہ لکھنے سے ہے بحیثیت ایک علیحدہ صنف ادب کے اُنیسویں صدی کی اختراع ہے۔ اس سے پہلے مصنف کہانیاں لکھتے تھے۔ مگر ان میں اور قدیم زمانہ کی کہانیوں میں بہت کم فرق ہوتا تھا۔ فنی لحاظ سے جسے ہم اب افسانہ کہتے ہیں ۔ ایک علیحدہ چیز ہے۔ اس میں اور ناول میں بہت بڑا فرق ہے۔ ظاہر میں تو ضخامت کا فرق ہی ان دونوں کو ایک دوسرے سے ممیز کرتا ہے۔ مگر دراصل ان میں ایک ایسا بنیادی فرق ہے جس کا ضخامت سے کوئی تعلق نہیں۔ مشہور عالم روسی افسانہ نگار چیکوف کے کئی ایک افسانے سو سو صفحوں سے زیادہ طویل ہیں۔ مگر انہیں کسی صورت میں ناول نہیں کہا جاسکتا ناول میں کسی ایک شخص یا دو تین یا دس سے یا پچاس اشخاص کی زندگی، ان کے دوسرے تعلقات، میل جول، خیالات اور واقعات کا حال مفصل طریقہ سے لکھا جاسکتا ہے۔ ایک کنبہ چھوڑ ایک قبیلہ اور ایک قبیلہ سے

قطع نظر ایک ملک کا حال چند مفروضہ اور نمایاں شخصیتوں کے تجربات زندگی کے ذریعہ سے ایک ناول میں بیان ہوتا ہے۔ مگر افسانہ میں کسی ایک حادثہ، ایک واقعہ، ایک پہلو، اور ایک جھلک کی تصویر سے زیادہ مضمون کی گنجائش نہیں۔ کیوں کہ اس میں سب سے مقدم چیز ی وحدت اثر ہے۔ کوئی واقعہ، کوئی بات، کوئی لفظ، کئی ایسا اشارہ اس میں موجود نہیں ہو سکتا جو لا تعلق اور بے ضرورت ہو یا جس سے افسانہ کی یکرنگی میں فرق پڑ جائے۔ یا جس سے قاری کی توجہ مرکزی واقعہ یا کردار یا نکتہ سے ہٹ جائے چنانچہ ساخت کے لحاظ سے وہ افسانہ کامیاب ہوگا۔ جس میں کوئی غیر متعلق شے موجود نہ ہو اگر افسانہ عملی ہے یعنی کسی خارجی واقعہ سے تعلق رکھا ہے تو اسمیں کوئی شاخ کئی شوشہ ایسا نہیں نکلنا چاہیے۔ جس کا افسانوی عمل سے بلاواسطہ رشتہ نہ ہو اور اگر افسانہ کرداری ہے تو اس میں اس کردار یا ان کرداروں کے سوا جس کا اس افسانہ سے بدنی تعلق ہے کوئی بے ضرورت فرد نہیں شامل ہونا چاہیے جتنے افراد افسانہ میں داخل کئے گئے ہیں۔ انہیں فقط ایسی باتیں کرنی چاہئیں۔ جن کا اس افسانہ سے بلاواسطہ تعلق ہو۔ دیگر حشو و زائد سے افسانہ کو بالکل پاک ہونا چاہیے۔ حتیٰ کہ اس کی زبان بھی ایسی دھلی ہوئی اور صاف ہونی چاہیے جو بذاتہ جاذب توجہ ہو۔ الفاظ کا انتخاب ایسا ہونا چاہیے جس سے کم از کم الفاظ میں زیادہ سے زیادہ اثر پیدا ہو سکے۔

شاید کوئی صاحب سوال کر بیٹھیں کہ فنی لحاظ سے کس قسم کا افسانہ بہترین ہوتا ہے۔ بہترین المیہ طربیہ، مزاحیہ، معاشری، رومانی، تاریخی یا اخلاقی اس کا جواب میں یہ دوں گا کہ افسانہ وہ کامیاب ہے جس کی سچائی ایک آدمی ایک قوم ایک مذہب تک محدود نہ ہو بلکہ جو فطرت انسانی کی صحیح ترین ترجمانی کرے مگر افسانہ کی نوعیت افسانہ نگاری کی ذہنیت سے تعلق رکھتی ہے زندگی میں غمی، خوشی، مزاح، روحانیت، پھیکا پن سب کچھ موجود۔ ہے۔ یہ افسانہ نگاری کی دماغی اور نفسیاتی ساخت پر منحصر ہے کہ وہ زندگی کی بے پایاں وسعتوں سے کن واقعات کا انتخاب کرے۔ عام طور پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ جس طرف مصنف کا رجحان ہو اسے دنیا کا ہر واقعہ اسی رنگ میں رنگا ہوا نظر آتا ہے۔ بعض لوگ دنیا میں فقط رنج و الم ہی دیکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک ہر محبت ناکام اور عاشق نامراد ہوتا ہے۔ بعض اپنی طبیعت سے مجبور ہو کر مایوسی اور قنوطیت سے شدید نفرت کرتے ہیں۔ اور ان کی نظر میں ایسے مصنف فقط زندگی کا ایک رخ ہی پیش کرتے ہیں مثال کے طور پر ایک منظر کو لیجیے۔

ایک تنگ و تاریک گلی ہے۔ جس کے دونوں طرف کم حیثیت مکانوں کی قطاریں چلی جاتی ہیں۔ گلی کے درمیان ایک نالی ہے۔ گلی کچی ہونے کے باعث عالم طور پر کیچڑ سے بھری رہتی ہے۔ اس پر بھی چھوٹے لڑکے لڑکیاں گھروں کے باہر ادھر اُدھر کھیلنے میں یا چیخنے چلانے میں مصروف رہتے ہیں۔ لوگوں کی آمد و رفت بھی ہے۔ کھڑکیوں میں سے مرد یا عورت یا جوان لڑکے لڑکیاں نیچے یا سامنے جھانک بھی لیتے ہیں۔ لوگ فارغ البال نہیں اب دیکھئے ایک رومانی افسانہ نگار ایسے منظر میں کیا دیکھتا ہے۔

ایک جوان لڑکی کھڑکی میں کھڑی دھوپ میں اپنے بال سکھا رہی ہے کبھی کپڑے سے انہیں پونچھ لیتی ہے تو کبھی ہاتھوں سے انہیں جھٹک کر کندھوں پر بکھیر لیتی ہے بالوں سے ایک لمحہ اس کی توجہ ہٹتی تو وہ نیچے گلی میں کھیلتے ہوئے بچوں کو ایک اچٹتی نظر سے دیکھ لیتی ہے۔ مگر دراصل اس کی نظر ادھر اُدھر سے ہٹ کر ایک سامنے کے مکان کی کھڑکی سے گزرتی ہوئی ایک چارپائی پر لیٹے ہو نوجوان پر پڑتی ہے جو بظاہر کتاب پڑھنے میں مشغول ہے۔ مگر توجہ تمام تر کتاب کے صفحوں تک محدود نہیں ہے وغیرہ وغیرہ۔

ایک فطرت نگار اس سے مندرجہ ذیل تاثرات اخذ کرتا ہے۔

گلی کچھ زیادہ چوڑی نہیں اور اگرچہ دن کافی چڑھ آیا ہے مگر گلی میں ابھی تک تاریکی کے آثار موجود ہیں۔ لڑکے لڑکیاں جو ایک سوکھی جگہ دیکھ کر کھیلنے میں مشغول ہیں زیادہ تر پتلے دُبلے ہیں۔ ایک بوڑھی اور کبڑی عورت ہاتھ میں لکڑی لئے آہستہ آہستہ چلی آرہی ہے اسے اس خشک جگہ سے گذرنا ہے۔ جہاں وہ لڑکے کھیل رہے ہیں مگر وہ اس کیلئے نہیں ہٹتے وہ چھڑی سے انہیں ہٹاتی ہے۔ مگر ہر کوئی دو ایک انچ اپنی جگہ سے سرک کے پھر وہیں آکھڑا ہوتا ہے۔ اور وہ بڑھیا اونچی آواز میں بڑبڑاتی ہے۔ وہ اس کی بات نہیں سنتے۔ اتنے میں ایک لڑکا کسی دوسرے کو دھکا دیتا ہے۔ اور وہ دوسرا پیچھے جو ہٹتا ہے۔ تو بڑھیا کی چھڑی والے ہاتھ سے آکر ٹکرتا ہے چھڑی گر جاتی ہے۔ اور اس کے ساتھ وہ بڑھیا بھی۔ سب بچے بڑھیا کو گرتے دیکھ کر بھاگ جاتے ہیں۔ بڑھیا بیچاری کے چوٹ آجاتی ہے اور اسکے آنسو نکل آتے ہیں۔ بصد مشکل وہ اپنے آپ کو اٹھاتی ہے اور پھر اپنی چھڑی کو پکڑے آگے بڑھ جاتی ہے۔ جب وہ آگے نکل جاتی ہے تو لڑکے واپس آکر کھیلنے لگتے ہیں۔ اور ان میں سے کئی بھی اس بڑھیا کے متعلق سوال نہیں کرتا۔ وغیرہ اور وغیرہ۔

اسی طرح ایک معاشرتی افسانہ لکھنے والا یہ واقعات دیکھتا ہے۔

ایک گھر سے خاوند کپڑے وپڑے پہن کر باہر کام پر جانیکو ہے کہ بیوی اس کے سامنے کھانا لا کے رکھتی ہے۔ اتفاق سے کھانے میں نمک زیادہ ہوتا ہے۔ میاں اعتراض کرتا ہے۔ بیوی مزاج کی تیز ہے وہ ''جواب باصواب'' دیتی ہے۔ خاوند اور بھڑکتا ہے بیوی کہتی ہے تمہیں تو کچھ پسند ہی نہیں آتا۔ میاں کہتا ہے تمہیں تو کسی چیز کا سلیقہ ہی نہیں بیوی کہتی ہے تمہیں تو بولنے کی عادت ہے۔ میاں کہتا ہے تم اپنی طرف تو دیکھو، غرض یہ کہ میاں روٹی ہاتھ میں اٹھالیتا ہے اور چنگیر پھینک دتیاہے۔ بیوی اور بھی تلملاتی ہے۔ میاں کھانا زہر مار کر کے جلد اٹھتا ہے۔ پانی بھی نہیں پیتا اور دروازہ زور سے بند کر کے باہر چلا جاتا ہے۔ ''اگر افسانہ کو اور زوردار بنانا ہو تو میاں کو آدھا کھانا کھلایئے اور اسے غصہ سے بھرا ہو کام پر بھیج دیجئے۔ خاوند کے جانے کے بعد ماں برتن اٹھاتی ہے کہ اتنے میں اس کا چھوٹا بچہ جو اس دوران میں اس کی ٹانگوں سے چمٹا ہوا تھا۔ اس کی توجہ کسی اپنی بات کیطرف کھینچنا چاہتا ہے۔ وہ اسے جھٹکا دیکر علیحدہ کرتی ہے وہ گر پڑتا ہے اور رونے لگتا ہے مگر وہ پرواہ نہیں کرتی وہ اور زیادہ چلاتا ہے مگر ماں اس پر خفا ہوتی ہے۔ وہ باز نہیں آتا۔ تنگ آکر وہ خاوند کا غصہ اس بے قصور پر نکالتی ہے اور اسے ایک چپت رسید کرتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

ایسے ہی اسی گلی میں رہنے والوں کے متعلق آپ کئی پہلو سے افسانے وضع کر سکتے ہیں۔ اور وہ سب کے سب حقیقت پر مبنی ہوں گے۔ مگر وہ نفس مضمون میں، نقطہ نگاہ میں اور اثر میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوں گے۔ یہ تو ایک گلی میں رہنے والے باشندوں کا حال ہے۔ آپ ایک ہی واقعہ کو لیجئے ''سڑک پر ایک کیلے کا چھلکا پڑا ہے، صبح کا وقت ہے۔ لڑکے لڑکیاں اسکول جارہے ہیں۔ ایک جوان لڑکی جو اپنے دھیان میں چلی جارہی ہے۔ اس چھلکے پر قدم رکھتے ہی پھسل جاتی ہے۔ اور سنبھل نہیں سکتی۔ وہ بھی اور اس کی کتابیں بھی گر پڑتی ہیں۔ اس کے ساتھ والیوں میں دو ایک ہنس دیتی ہیں اور ایک اس اٹھنے میں مدد دیتی ہے اب اس واقعہ کو رومانی عینک سے دیکھئے۔ ۱۰

''لڑکی ایک نازک بدن دوشیزہ ہے جسکی رنگت سرخ و سفید ہے آنکھیں سرمئی ہیں اور عام طور پر کبھی پلکوں سے چھپی ہوئی ہوتی ہیں۔ مگر اب شرم سے بالکل ہی بند ہوئی جاتی ہیں۔ جب وہ اپنی سہیلی کے سہارے کھڑی ہوتی ہے۔ اور کتابیں اکٹھی کر کے چلنے لگتی ہے او اسکی

نظر سامنے اٹھتی ہے اور اسے ایک جوان شکیل اور خوش پوش طالب علم دیکھائی دیتا ہے ۔ جو اس کی ۔ طرف نہایت ہمدردی سے دیکھ رہا ہے۔ حیا سے اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اور وہ پہلے سے اور بھی زیادہ خوب صورت معلوم ہوتی ہے۔ طالب علم کھڑے کا کھڑا رہ جاتا ہے۔ مگر لڑکی پھر مڑ کے نہیں دیکھتی ۔ وہ طالب علم کے لئے بہت اداس اور پریشان کن ہوتا ہے۔ دوسرے دن وہ اسی وقت وہاں سے گزرتا ہے اور دور دور نظر ڈالتا ہے۔ خوش قسمتی سے وہ لڑکی پھر اس وقت اپنی سہیلیوں سمیت وہاں سے گزرتی ہے۔ کیونکہ اس کے اسکول کا راستہ یہی ہے اور آج بھی اس کی نظریں اس طالب علم سے دوچار ہوتی ہیں۔ اسی طرح روز دیکھنے انہیں ایک دوسے کی شکل سے اُنس ہو جاتا ہے اور پھر وہ لڑکا اپنا کام چھور کر لڑکیوں کے پیچھے پیچھے انہیں گھر چھوڑنے جاتا ہے اور ایک دن بزأت کر کے جب وہ لڑکی اپنے گھر میں داخل ہونے لگتی ہے۔ تو وہ اسے سلام بھی کر دیتا ہے۔ وہ اپنا سر جھکا دیتی ہے۔ اس طرح اشاروں اشاروں میں ان کی محبت کا آغاز ہوتا ہے۔ بعد میں آپ اسے کوئی سارنگ دے دیجئے ۔ لڑکے اور لڑکی کو ہندو بنا کے ان کی کچھ مدت بعد شادی کروا دیجئے یا لڑکے کو مسلمان اور لڑکی کو ہندو تصور کر کے ان کی محبت کو ناکام رہنے دیجئے اور جو کچھ آپ کی مرضی ہو کیجئے۔

کوئی اور افسانہ نگار شاید یہ لکھے:۔

"لڑکی نے سنبھلنے کی بہت کوشش کی مگر گرنے سے نہ بچ سکی۔ اور گری تو ایسی کہ اس کا ٹخنہ دوہرا ہو گیا اور پھر جو وہ اٹھی تو اس سے چلا نہ گیا۔ لڑکیوں کی "مائی" ساتھ تھی۔ اور وہ ان سب کے بستے ایک ٹوکری میں رکھ کر سر پر اٹھائے ہوئے تھی۔ جب اس نے دیکھا کہ لڑکی کے ٹخنے میں موچ آگئی ہے تو اس نے کہا بی بی تم اب اسکول کیا جاؤ گی گھر واپس چلی جاؤ۔ میں تمہیں تانگہ کرا دیتی ہوں۔ لڑکی بیچاری غریب تھی۔ اس کے پاس تانگے کا کرایہ کہاں تھا۔ اور اسے یہ بھی معلوم تھا کہ گھر میں بھی روپے پیسے وافر نہیں ماتا جی دل میں کڑھیں گی۔ اس لئے اس نے کہا نہیں کچھ نہیں ہوا ہے۔ میں اسکول چلتی ہوں۔ راجکماری کا سہارا لے لیتی ہوں۔ چنانچہ وہ اپنی سہیلی کا سہارا لئے ہوئے درد کو دبائے بہت مشکل سے اسکول پہنچی۔ وہاں جا کے دیکھا کہ ٹخنہ اتنے میں ہی بہت سوج گیا ہے۔ اور درد بھی اب بہت زیادہ ہونے لگ گیا ہے۔ چنانچہ استانی نے اسے جبراً گھر بھیجا۔ جب اس کی ماتا جی نے اسے دیکھا تو انہیں دوہری تکلیف ہوئی۔ ایک تو تانگے کا

کرایہ پھر مرہم پٹی اور تیمار داری۔ ان کی اپنی صحت اچھی نہ تھی۔ وغیرہ وغیرہ''

اسی طرح آپ اسی ایک چھوٹے سے واقعہ کو کئی ایک صورتوں میں پیش کر سکتے ہیں ۔ یہ فقط افسانہ نگاری کی ذہنی کیفیت اور رجحان طبیعت پر منحصر ہے۔ اگر وہ آپ کو رولانا چاہتا ہے اور اس کا دل خود رقیق ہے تو وہ درد اور رنج کے معمولی سے واقعہ کو اس قدر بڑھا کے لکھے گا۔ کہ آپ پڑھتے پڑھتے رو دیں گے۔ مگر فنی لحاظ سے یہ ایک ناقابل معافی نقص ہے۔ افسانہ کی مختصر سی زمین میں ہمیں اس کفایت سے کام لینا ہوتا ہے کہ کہیں مبالغہ سے کام نہیں لیا جاسکتا۔ اور اگر کوئی افسانہ نگار عقل کی پاسبانی سے تنگ آکر دل کو تنہا چھوڑ دے اور اپنے قارئین کو دل بھر کے رُلائے تو یہ اس کا اپنا قصور ہے اس کا افسانہ اس جیسے رقیق القلب حضرات کو پسند آجائے تو آجائے۔ فنی اعتبار سے وہ افسانہ بہت گھٹیا ہوگا۔ کیوں کہ ادب میں 'درد و رنج اور الم کے جذبات سے ہم کام ضرور لے سکتے ہیں مگر اتنا ہی جتنے کی ہمیں اپنے تجربۂ حیات کے پیش کرنے میں ضرورت ہو یا جتنا درد زندگی کے مختلف عناصر میں مناسب طور پر موجود ہو۔ ہمارے ہاں جذبات نگاری اور جذباتیت میں بہت کم فرق پایا جاتا ہے۔ عام افسانہ نگاری نہ کسی جذبۂ عظیم کے قابل ہوتے ہیں اور نہ اس کے متحمل اس لئے وہ اکثر رکیک اور عامیانہ جذبات کو ہی اس رنگ میں پیش کرتے ہیں ۔ کہ لوگ ان سے بہت متاثر ہو جاتے ہیں۔ انہیں نہ ادبی صنعتوں سے کام ہوتا ہے۔ اور نہ نزاکت بیان سے غرض وہ جب تک اپنے آپ کو پورے طور پر اس جذبہ کے ادا کرنے میں صرف نہیں کر دیتے انہیں چین نہیں آتا۔ حالانکہ اکثر مختصر الفاظ میں آپ گہرے سے گہرے جذبہ کو اس طریق پر ادا کر سکتے ہیں۔ کہ اس کا دو صفحوں تک پھیلے ہوئے بیان سے قاری پر زیادہ اثر ہو۔

میں نے اس دیباچہ میں افسانہ نگاری کے ای دو ایک پہلوؤں پر سالئے رائے زنی کی ہے کہ ہمارے دوست کرشن چندر صاحب کے افسانوں کو ان اصولوں کی روشنی میں پرکھا جائے۔ کرشن چندر صاحب فطرتاً رومانی واقع ہوئے ہیں ۔ اگرچہ وہ موجودہ زمانہ کے سماجی اقتصادی مسائل سے بے خبر بھی نہیں جیسا کہ ان کے افسانہ صرف ایک آنہ اور مجھے کتے نے کاٹا اور ''قبر'' سے ظاہر ہے مگر ان کی فطری شعریت اور کشمیر کی پہاڑیوں سے ان کی روحانی نسبت انہیں روحانیت کی طرف لے جاتی ہے مثلاً ان کے پہلے افسانہ ''جہلم میں ناؤ پر'' کو لیجئے اس میں جو چیز دلکش ہے وہ ان کا بدصورت عورت کا کردار ہے جنہیں وہ سرسری طور پر بیان کر گئے ہیں۔ اس

بد صورت عورت میں زندگی ہے وہ ان کی ''بیماری کلی'' میں نہیں میرا خیال ہے کہ اگر وہ واقعیت پر ست ہوتے تو اس بد صورت عورت کے کردار کی طرف زیادہ توجہ دیتے۔ مگر انہیں وہ نوجوان کالج کی طالبہ علم زیادہ قابل توجہ معلوم ہوئی۔

ان کی روحانیت ان کے افسانہ صرف ایک آنہ جو ایک اقتصادی قسم کا افسانہ ہے میں بھی چھپی نہیں رہتی ہے۔ سروش اسٹیشن کے ویٹنگ روم میں رات بسر کرتا ہے۔ تو ایک بھکارن اسے کھانا کھلاتی ہے اور اس مروّت کے باوجود صبح کو وہاں سے چل دیتی ہے۔ اور سروش سے شکریہ کی طالب نہیں ہوتی۔ ''گوماں'' میں جب پنڈت جی کو تھانیدار گرفتار کر کے لئے جارہا ہے تو گوماں ایک روپوں سے بھری ہوئی تھیلی لئے ہوئے آتی ہے اور راوی سے کہتی ہے ''بھائی میرے بھائی کو چھوڑ ادو '' مصنف نے اس سے پہلے ہمیں گوماں کے کردار کے متعلق کچھ نہیں بتایا۔ سوائے اس کے کہ جب پنڈت جی نے اس پر دست درازی شروع کی تو اس نے ان کا منہ نوچ لیا تھا۔ اب گوماں روپے لے کے آتی ہے تو پنڈت جی کی زندگی میں ایک انقلاب پیدا ہو جاتا ہے اور آگے بڑھ کے وہ گومتی کے پاؤں چھو لیتے ہیں اور نمناک لہجہ میں بولتے ہیں۔ ''بس بہن تمہارے روپے مجھے پہنچ گئے۔ میں قید سے آزاد ہو گیا'' ایسی باتیں اور یہ جذبات فضا ہم کرشن چندر صاحب کی روان انگیز دنیا میں بکثرت پاتے ہیں ''مصور کی محبت'' ایک خالص رومانی چیز ہے اور ایک کامیاب چیز ہے۔ اس میں انہوں نے نہ مبالغہ سے اور نہ کسی جذباتی اسراف سے کام لیا ہے۔ شام سندر کی شخصیت اس کے خطوط سے نمایاں طور پر واضح ہوتی ہے اور نگی سے اس کی دلچسپی جس بتدریج طریقہ پر ترقی پکڑتی ہے۔ وہ انہوں نے بہت سچائی سے بیان کی ہے اور پھر اس کہانی کا انجام موزوں اور پُر اثر ہے۔

مگر یہ کہنا کہ وہ رومان نگاری میں واقعیت کو نظر انداز کر دیتے ہیں صحیح نہ ہوگا۔ ان کے افسانہ ''قبر'' میں کنہیالال کے چھ بڑے بھائیوں کا رکمن سے جو سلوک ہے اُسے انہوں نے بہت احسن طریقہ سے بیان کیا ہے۔ مثلاً ذیل یک چند ایک سطور ملاحظہ ہوں۔

''انسانی ہمدردی کے اس شدید مظاہرے کیوقت میری بھابیوں کی صورتیں دیکھنے کے لائق ہوتی ہیں۔ یا پھر کبھی یوں ہوتا ہے کہ رکمن ہمارے گھر اداس اور غمگین صورت بنائے آئی اور پہلا بھائی کیا بات ہے رکمن؟ دوسرا بھائی، رکمن کیوں کیا بات ہے؟ تیسرا بھائی۔ رکمن اداس کیوں

ہو چوتھائی بھائی۔ کیا کسی نے تجھے کچھ کہا ہے؟ پانچویں بھائی کی باری آنے سے پہلے ہی رکمن پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور سسکیوں کے درمیان کہتی جاتی ہے۔ چچا نے ماں کو آج پھر پیٹ ڈالا چچا نے ...... "چچا نے ...... ہوں ...... ہوں۔ پانچویں بھائی نے گرج کر کہا" چچا نے مارا ...... کیوں ...... اسے کیا حق ہے تمہاری ماں کو پیٹنے کا؟ وہ کہاں سے آیا سالا حرامزادہ شہدا۔ کیوں جی؟ میں پوچھتا ہوں اسے تمہاری ماں کو پیٹنے کا کیا حق ہے؟ وغیرہ

ان چھیئ بھائیوں کا کردار ایک دوسرے سے مختلف نہیں اور نہ ہی مصنف کو ان کی طرف علیحدہ علیحدہ توجہ دینے کی ضرورت ہے وہ ان سب کی باتوں سے مجموعی طور پر ایک خاص اثر پیدا کرنا چاہتے ہیں اور ان ہوس کو کنہیالال کی نوخیز اور جوان محبت کی ضد کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ یہ اثر پورے طور پر پیدا ہو جاتا ہے اور جو طنز کہانی کے اس حصہ میں پنہاں ہے۔ وہ اس کی واقعیت کو اور بھی دوبالا کر دیتی ہے۔

"اندھے چھترپتی" میں جہاں چھترپتی کی مکھنی سے محبت روحانیت کی خوشبو سے لبریز ہے۔ وہیں اس میں واقعیت سے گریز نہیں کیا گیا۔ مثلاً جب چھترپتی واپس دیس میں آتا ہے تو جس طرح سب لوگ اسکی آؤ بھگت کرتے اور جس طرح بڑی بوڑھیاں اس کے چاؤ ملہار کرتی ہیں وہ قابل تعریف ہے اور جس طرح سب لوگ اسکے سامان کو اس سے بٹورتے ہیں۔ وہ بھی حقیقت سے دور نہیں۔

بلکہ کرشن چندر تو واقعیت نگاری کرتے وقت زندگی کے بعض گھناؤنے تجربات کے استعمال سے بھی پرہیز نہیں کرتے "مجھے کتے نے کاٹا" میں غریب کسان اور اس کی بیوی سے جو برتاؤ ہوتا ہے وہ ان کی نظر میں کھب جاتا ہے اور ایسے ہی "صرف ایک آنہ میں سروش کی بیچارگی اور لوگوں کی بے اعتنائی، بھوک اور افلاس اور بے روزگاری کے جو دردناک مناظر کرشن چندر پیش کرتے ہیں وہ اس امر پر دلالت کرتے ہیں۔ کہ ہماری زندگی بدنما اور تکلیف دہ پہلو بھی ان کی نظر سے پوشیدہ نہیں وہ فقط رنگین خواب ہی نہیں دیکھتے۔ ان کی دنیا میں قوس و قزح کی سی دلآویز فضائیں ہی نہیں موجود ہوتیں وہ کنہیالال کی شادی اس کے بیشمار بچے اور ان کی محنت اور بیماری اور آنیوالی موت کو بھی اپنی دنیا میں جگہ دیتے ہیں۔

مگر روحانیت ان کی طبیعت پر اس قدر حاوی ہے کہ "لاہور سے بہرام گلی تک" میں

جب وہ نوری چھنم کے آبشار کو دیکھ کر واپس آ رہے ہیں تو انہیں ایک خمیدہ کمر اور ناتواں بڑھیا ملتی ہے جو ان سے بھیک مانگتی ہے جو چیز کرشن چندر صاحب کو اس بڑھیا کے متعلق قابل غور اور تعجب معلوم ہوتی ہے۔ وہ اس کا نام ہے اور نام اس کا جیسا کہ وہاں کی عورتوں کا کوتا ہی ہے "نور جہاں" ہے اور یہ کہ چاندنی میں اس کے بال چاندی کی طرح چمک رہے تھے"

کرشن چندر صاحب کے افسانوں میں جو متین ظرافت جگہ بہ جگہ اپنی جھلک دیکھائی ہے وہ ان کے طرز بیان میں اور بھی دلکشی پیدا کر دیتی ہے۔ یہ ظرافت جہاں کہیں بھی موجود ہے بیساختہ اور بے تکلف ہے۔ وہ "مجھے کتے نے کاٹا" میں ہو خواہ لاہور سے بہرام گل تک "میں یا "یرقان" میں۔ ان کی ظرافت کو سرمد ھم ہے مگر شستہ اور بعض دفعہ اس مسکراہٹ سے مشابہ ہوئی ہے جو آنکھوں ہی آنکھوں میں رہے اور جس سے سوائے لبوں کی ایک خفیف سی جنبش کے چہرے کے نقوش میں اور کوئی حرشت پیدا نہ ہو مثلاً "مجھے کتے نے کاٹا" میں لکھتے ہیں "میں نے اکثر شریف اجنبیوں کو مسکرا مسکرا کر اپنے آپ سے باتیں کرتے سنا ہے یا چھڑی اس طرح زور زور سے تہد بدی انداز میں ہلاتے ہوئے دیکھا ہے۔ گویا کسی کو قلبی دشمن کے حملوں کا جواب دیا جا رہا ہے اس وقت ان کے بشرے سے ادنی درشتی اور بربریت کا اظہار ہوتا ہے کہ چوک میں کھڑا ہوا پولیس کا سپاہی بھی مشتبہ نگاہوں سے دیکھ دیکھ کر دل میں سوچتا ہے کہ کہیں یہ وہی پاگل خانہ سے بھاگا ہوا صودائی تو نہیں جس کا حلیہ میری ڈائیر میں محفوظ ہے" اب اگر آپ اس عبارت کا تجزیہ کریں تو آپ کو اس میں کوئی جملہ بذاتہ ظریفانہ نظر نہیں آئے گا۔ مگر آپ ساری عبارت کے پڑھنے سے اپنا دماغ میں ایک ہلکا سا مسرت کا جھونکا محسوس کریں گے۔ ان کا مذاق ہمیشہ مہذب اور بے ضرر ہوتا ہے۔ 'لاہور سے بہرام گل' تک میں، دو ایک دفعہ بہت پُر لطف گفتگو لکھتے ہیں خصوصیت سے قربان علی اور چوکی کے حسین محالدار کے درمیان جو چونچیں ہوتی ہیں۔ ان میں ظریفانہ رنگ کافی کاڑھا ہوتا ہے۔

ان کے افسانہ "یرقان" میں ان تینوں خصوصیات کی آمیزش ہے اور یہ افسانہ میری نظر میں ان کا بہترین افسانہ ہے ظرافت اس کے جملہ جملہ سے مترشح ہے۔ مندرجہ ذیل سطور ملاحظہ ہوں" ہمارا قصبہ بہت چھوٹا ہے اتنا کہ اس میں صرف پانچ حکیم تین ڈاکٹر اور دو وید پریکٹس کرتے ہیں۔ سوڈا واٹر کی صرف ایک دوکان ہے ملائی برف بیچنے والا بھی ایک سے زیادہ نہیں اور

وہ ایک نوجوان ہے اور منچلا اور شاما کا چاہنے والا۔ شاما کی ماں اس سے ہر روز پاؤ آدھا پاؤ ملائی کی برف مفت کھا جاتی ہے صرف دو درزی ہیں۔ ایک بچارہ ہے سیدھا سادھا آدمی وہ قمیص کی سلائی دو آنے تک قبول کر لیتا ہے۔ دوسرا راولپنڈی میں ایک مشہور و معروف انگریزی ٹیلرنگ شاپ میں کام سیکھا ہے وہ سلائی صرف اتنی طلب کرتا ہے جتنی کپڑے کی قیمت ہمارے قصبے کے نوجوان اس سے بڑے شوق سے کپڑے سلواتے ہیں۔

اس کے بعد کے پیراگراف بھی بہت دلچسپ اور فنی لحاظ سے بہت کامیاب ہیں۔ ان سے نہ صرف اس قصبہ کی زندگی اور شاما اور اس کے چاہنے والوں کا پس منظر قائم ہو جاتا ہے بلکہ اس سے گویا ہماری تہذیب اور طرز تمدن تک کی عکاسی ہوتی ہے اور یہی افسانہ نگاری کا کمال ہے کہ افسانہ واقعیت ہی کی ترجمانی نہ کرے بلکہ زندگی کی مکمل تصویر کی جھلک اس سے آشکار ہو۔ اس سے لوگوں کی طرز رہائش کا پتہ ہی نہ چلے بلکہ وہ ایک قوم کی ذہنیت اور اس کے تمدن کی آئینہ داری بھی کرے۔ یہ چیز ان کے افسانے ''یرقان'' سے ہی نہیں بلکہ کسی حد تک ''قبر'' ''چھتری'' ''آنگی'' سے بھی ظاہر ہوتی ہے۔ یہی چیزیں فن افسانہ نگاری کی معراج ہے

سب سے آخر میں ان کے طرز بیان اور قدرت زبان کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ کرشن چندر صاحب کی اردو بہت پاکیزہ ہے اور ان کی ترکیبوں میں جدت ہوتی ہے۔ ان کے جملے پڑھ کر خیال اور بعض دفعہ حیرانی ہوتی ہے کہ یہ جملہ کس قدر موزوں اور گویا لازمی ہے۔ چھوٹے چھوٹے جملے ہوتے ہیں مگر ان کے استعمال سے عبارت زندہ ہو جاتی ہے۔ ''جہلم میں ناؤ پر'' میں لکھتے ہیں ''ایسا معلوم ہوتا تھا کہ نغمے کی ہر لے میں کسی مجبور حسینہ کی روح کھینچی ہوئی چلی آ رہی ہے۔ یاد ریائے جہلم کی وسیع چادر آب ایک صحرا ہے جسمیں ہماری کشتی ڈاچی بنی ہوئی محبوب کی تلاش میں جا رہی ہے۔ روٹھے ہوئے محبوب کو منانے کے لئے'' پھر میں نے سمجھا کے یہ غروب آفتاب نہیں۔ نمود سحر ہے۔ مغرب نہیں مشرق ہے۔ روشنی کا منبع اعظم ہے ہم غیر فانی انسان ہیں جو کبھی غرق نہ ہونے والی کشتی پر سوار ہو کر اپنے محبوب سے ملنے جا رہے ہیں۔ اپنے ابدی محبوب سے''

''تالاب کی حسینہ'' کے آخر میں لکھتے ہیں ''تیرتے تیرتے میں سوچا کہ اس زندگی کے بے پایاں تالاب میں ہمیشہ یونہی ہوتا رہے گا۔ یہاں ہنسی کی لہریں ہیں اور موت کے چھینٹے بھی

نہ صرف مناسب ہی بلکہ بالکل اچھوتے بھی۔ ان کی تشبیہیں بھی عموماً بالکل نئی ہوتی ہیں۔ ملاحظہ ہوں

''ان آنکھوں میں ایک ہلکی سی چمک پیدا بھی ہوئی مگر پھر فوراً ہی گم ہو گئی جیسے کوئی حسین سنگریزہ سمندر کے گہرے پانیوں میں کھو جائے یا'' کشتی کے چاروں طرف دور دور تک پانی کی ہلکی ہلکی لوٹتی ہوئی لہروں میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کنول کے لاکھوں پھول کھل گئے ہیں۔''

آنگی میں اس لڑکی کے متعلق لکھتے ہیں ''اب اسکی چال مختلف ہے بازو اب بے پروائی سے نہیں بل رہے اور گردن ایک طرف کو جھک گئی ہے اب ایک نئی تصویر ہے اک نیا مجسمہ ہے وہ جنگل کی دیوی تھی۔ تو یہ دوشیزہ سحر ہے۔ اس مجسمہ کی تراش نرالی ہے۔ اس تصویر کا رنگ نیا اس گیت کی لے انوکھی ہے۔ کاش میں مغنی ہوتا ''ایسی تحریر میں جو بیساختگی اور شعریت ہے وہ کرشن چندر کے طرز ادا کی جان ہے۔ ان کا ایک ایک جملہ جو بظاہر سادہ مگر دراصل پر مطلب اور موزوں ہوتا ہے۔ دل میں گھر کر لیتا ہے لکھتے ہیں۔ ''بکی کوہستانی گلاب کی ایک کلی ہے۔ حیا سے سمٹی ہوئی اور پتوں سے چھپی ہوئی ''ان کی قوت مشاہدہ اور اسلوب بیان ہی ان کے لئے شاعروں کی صف میں جگہ پیدا کر سکتا ہے۔

کرشن چندر صاحب ایک نوجوان افسانہ نگار ہیں اور ان کی تحریر میں تخیل میں، قوتِ تخلیق میں رعنائی اور تازگی موجود ہے۔ ان کا دل بہت حساس ہے اور وہ درد اور تکلیف کو برداشت نہیں کر سکتے ہیں یہ امر ان کے افسانے صرف ایک آنہ ''اور دوسری کہانیوں سے بھی صاف ظاہر ہے۔ ان کی نظر ہر جگہ اور ان کا دماغ زندگی کے ہر پہلو تک پہنچتا ہے۔ وہ ایک دلچسپ شخصیت رکھتے ہیں اور کامیاب افسانہ نگار ہیں۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ وہ پنجابی ہیں اور اپنی دلکش کہانیوں میں ہماری زندگی کی ترجمانی کرتے ہیں۔

جہلم میں ناؤ پر

گاٹیالیان تک سفر نہایت تکلیف دہ رہا۔لاری مسافروں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی اور تمازت آفتاب نے اور حبس پیدا کر دیا تھا۔میں درمیانے درجے میں بیٹھا ہوا تھا اب لاری والوں نے بھی ریلوے کی طرح مختلف درجے بنادیئے ہیں اور اپنی قسمت کو کوس رہا تھا کہ کوئی موٹر نہ ملی۔ورنہ راستہ آسانی سے طے ہو جاتا۔یوں بھی تمام لاری میں دل بستگی کا کوئی سامان نہ تھا۔میرے دائیں طرف مور طرح طرۂ پھیلائے ہو ایک تھانیدار صاحب تشریف فرما تھے جو بار بار موچھوں کو تاؤ یئے جاتے تھے۔سب سے آگے اول درجہ کی نشست پر یعنی ڈرائیور کے بالکل قریب ایک تحصیلدار صاحب جلوہ افروز تھے۔جن کی خنداں پیشانی اور ڈھیلے صافے سے ان کی دلی طمانیت کا اظہار ہو تا تھا۔میرے سامنے کی نشست پر چار عورتیں بیٹھیں تھیں۔دو بالکل بوڑھی اور دو ادھیڑ عمر کی تھیں۔مگر جو عورت میرے بالکل مقابل بیٹھی تھی۔اور جو اپنی گود میں ایک چھوٹے سے بچے کو لئے تھی۔وہ باقی دو عورتوں سے کم عمر اور زیادہ بد صورت تھی۔وہ کبھی کبھی گھونگھٹ کی آڑ سے مجھے دیکھ لیتی تھی۔اس دنیا میں ہر کوئی ایک حسین کی تلاش میں ہے۔یہ تو میں وثوق سے نہیں کہہ سکتا کہ میں اس کی آنکھوں میں بچ گیا۔بہر حال اس میں کوئی شک نہیں کہ میں بھی ایک حسین کی تلاش میں تھا میں نے ٹائی کی گرہ ٹھیک کی اور لاری کے اندر چاروں طرف نگاہ دوڑائی مگر آہ اس مسافروں سے بھری ہوئی لاری میں جو اپنی زندگی کی منزل پر بے تحاشا بھاگی جارہی تھی۔مجھے کہیں بھی رومان نظر نہ آیا۔دل برداشتہ چہرے تھے اور حقے یا پھر تھانیدار صاحب کا مور چھل۔میں نے ایک لمحہ کے لئے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔اور دل ہی دل میں کہا کہ اس لاری میں سب کچھ ہے مگر حسن ناپید ہے دوسرے لمحہ میں جب میں نے آنکھیں کھولیں تو دیکھا کہ کم عمر بد صورت عورت اپنے چھوٹے بچہ پر جھکی ہوئی اسے نہایت مدھم آواز میں میری گود میں چلے جانے کو کہہ رہی تھی۔

اس نے اپنی سانولی پیشانی سے پسینے کے قطرے پونچھ کر گھٹے ہوئے لہجہ میں کہا" آہ

میں کس قدر تھک گئی ہوں میرا سانس گھٹا جاتا ہے۔"

بچاری غریب عورت! میرا مطلب یہ ہے کہ گو وہ ریشم میں ملبوس تھی اور بے حد بدصورت تھی ۔پھر بھی عورت فطرتاً غریب اور کمزور ہوتی ہے۔ چنانچہ میں نے چھوٹے بچے کو اپنی رانوں پر لے لیا۔

عورت نے احسان مند نگاہوں سے میری طرف دیکھا پھر کھڑکی سے سر باہر نکال کر قے کرنے لگی۔

عشق میں مجبوریاں ،ناچاریاں ، میں نے جلدی سے ننھے کو تھانیدار صاحب کی آغوش میں دھکیل دیا اور خود اٹھ کر ڈرائیور کو لاری ٹھہرانے کے لئے کہا ڈرائیور بولا "سرکار یہاں لاری ٹھہرانے سے کیا فائدہ ، بس گاٹیالیاں کا گھاٹ کوئی پون میل رہ گیا ہے ۔ وہیں ٹھہراؤں گا۔ کسٹم کی چوکی پر۔ دریا کی ٹھنڈی ہوا سے ان کی طبیعت راس ہو جائے گی چنانچہ یہی ہوا۔

☆☆☆

گاٹیالیاں اور شہر جہلم کے درمیان دریائے جہلم بہتا ہے۔ اس لئے شہر جہلم کو جانے کے لئے گاٹیالیاں کی چونگی پر عموماً ہر وقت بھیڑ سی لگی رہتی ہے۔ ریاست جموں کو جاتے ہوئے مسافروں کا تانتا، ریاست جموں سے جہلم آئے ہوئے لوگ ، اسباب سے لدے ہوئے بیل یا گدھے ، چونگی پر ٹھہری ہوئی بیشمار لاریاں اور دریا کے کنارے بندھے ہوئے لمبے لمبے مچھوے ، ایک جھوٹی سے بندرگاہ کا نظارہ پیش کرتے ہیں۔ اسی بھیڑ بھاڑ میں ۔ میں نے تھانیدار صاحب اور کم عمر بدصورت کو بھی کھو دیا۔ میرا اسباب مختصر سا تھا۔ اس لئے چونگی والوں سے جلد خلاص کرا لی، اور ایک چھوٹے سے قلی پر اسباب لاد کر میں دریا کی سمت چلا۔

جیسا کہ میں نے پہلے کہا۔ گاٹیالیاں تک سفر نہایت تکلیف دہ رہا۔ سر میں درد بھی پیدا ہو گیا تھا۔ لیکن اب جوں جوں دریا کے وسیع پانیوں سے ٹھنڈی ہوا کے خوشگوار جھونکے آئے لگے ، طبیعت صاف ہوتی گئی۔ اور جب دریا کے کنارے پہنچا ہوں تو یہ محسوس ہو رہا تھا کہ ابھی ابھی نہا کر اٹھا ہوں ، لمبی لمبی دریائی گھاس میں جو کنارے پر اگی ہوئی تھی ایک لطیف خوشبو تھی۔ جس نے

بے حس نتھنوں کو بیدار کردیا۔ جہاں تک نظر کام کرتی تھی پانی ہی پانی نظر آتا تھا۔ جس پر چلتے ہوئے بڑے بڑے پھوے اور چھوٹی کشتیاں، ملاحوں کی پر شور راگنیاں اور لمبی لمبی ڈانڈوں کے پانی کو چھرنے مدھم آوازیں ،ایک پر کیف منظر پیش کررہی تھیں۔

چھوٹے سے دُبلے پتلے قلی نے کاؤ کے ایک چھوٹے سے درخت کے نیچے میرا اسباب اتار کررکھا اسی درخت کی چھدری چھدری چھاؤں میں ایک لڑکا او ایک لڑکی بہت سا اسباب لئے بیٹھے تھے غالباً کشتی کا انتظار کر رہے تھے۔ میں نے قلی کو جیب سے دونی نکال کر دی اور اس سے پوچھا" تمہارا نام کیا ہے؟"

"عبداللہ"

"تو عبداللہ ہمیں کہیں سے کشتی کا انتظام کردو۔ دیکھو۔ ؟ضرور۔"

عبداللہ مسکرا کر کہنے لگا" صاحب ایک کشتی تو میری اپنی ہی ہے۔ ٹھہریئے، میں اپنے چھوٹے بھائی کو بلاتا ہوں، ہم دونوں آپ کو پار لے چلیں گے۔ ساڑھے تین روپے کرایہ ہو گا"

جب عبداللہ چلا گیا تو میں نے زمین پر بیٹھ کر ادھر اُدھر دیکھا ریت کے بڑے بڑے ٹیلے کاؤ اور تنگ کے درختوں کے جُھنڈ ،اڑتے ہوئے ماہی خود، پھر میں نے اپنے ساتھیوں کی طرف توجہ کی لڑکی پیٹھ موڑے ،دریا کی طرف منہ کئے بیٹھی تھی اس نے ایک گہرے رنگ ایک سبز ساڑھی پہن رکھی تھی۔ جس کا کنارہ سنہری تھا۔ لڑکا میری طرف دیکھ رہا تھا،اس نے بھورے رنگ کا کوٹ اور ایک خاکی نیکر پہن رکھی تھی گلے میں خوشرنگ ٹائی بھی تھی۔ مجھے اپنی طرف مڑتے دیکھ کر کہنے لگا" آپ کہاں جارہے ہیں؟"

"جہلم کے پار ایک گاؤں ہے۔وہاں میرا گھر ہے۔ بس وہیں جارہا ہوں اور آپ" میں نے مستفسرانہ نگاہوں سے لڑکی کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

لڑکے نے جواب دیا" ہم لاہور جارہے ہیں ، میں تو جموں میں تعلیم پاتا ہوں مگر یہ ...... میری ہمشیرہ ہیں، لاہور ایف ،اے میں تعلیم پاتی ہیں۔ انہیں پہنچانے جارہا ہوں اس سفر میں بہت پریشانی دیکھنا پڑتی ہے۔ اب یہاں ملاح بہت تنگ کرتے ہیں آدھ گھنٹہ سے بیٹھے ہیں کہ کوئی چھوٹی سی کشتی علیحدہ ہمارے لئے مل جائے تو اس میں سوار ہو کر پار چلے جائیں مگر یہ ملاح لوگ کہتے ہیں کہ کوئی چھوٹی کشتی سرے سے ہے ہی نہیں۔ سب بڑے بڑے پھوے ہیں۔ جن کے دام بھی

بہت مانگتے ہیں۔ آٹھ روپیہ، دس روپیہ، یہ تو دن دہاڑے ڈاکہ ہے۔ کتنی پریشانی اٹھانا پڑتی ہے"

میں نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا" آپ گھبرایئے نہیں اب کشتی مل جائے گی میں سب انتظام کئے دیتا ہوں اور ہم آرام سے جہلم پار پہنچ جائینگے"

لڑکی نے میری طرف دیکھا اگر میں یہ کہدوں کہ اس جیسا خوب صورت اور بھولا بھالا چہرہ میں نے آج تک نہیں دیکھا تو یقیناً ایک جھوٹ ہوگا۔ لیکن یہ کہدینے میں مجھے ذرا بھی تأمل نہیں کہ اس کے چہرے میں کچھ عجیب کشش اور موہنی تھی۔ جس نے مجھے ایک دم مسحور کر لیا۔ صرف ایک لمحہ کے لئے میری طرف دیکھا پھر وہ گھنی گھنی پلکیں اس کے رخساروں پر جھک گئیں وہ کشمیر کے جس صبح کا ایک نادر نمونہ تھی۔ دلکش خدو خال، سر و قد ردلآویز رنگت، لیکن جس چیز نے مجھے زیادہ متاثر کیا وہ اسکی ظاہری خوبصورتی سے بھی بڑھ کر اس کی نگاہوں کا حزن و ملال تھا ۔ جسے میں ایک جھلک ہی میں پا گیا، اف وہ المناک گہرائیاں، اس ایک لمحہ میں مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں بجلی کی سی سرعت کے ساتھ کسی گہرے سمندر میں ڈوبا جا رہا ہوں ۔ پھر یکا یک مجھے ٹھوکر سی لگی۔ اور میں نے اپنے آپ کو کنارے پر پایا۔ کس قدر عجیب احساس تھا مگر یہ احساس صرف ایک لمحہ تک ہی محدود تھا۔ دوسرے لمحہ میں وہ جہلم کے پھیلے ہوئے پانیوں کی طرف متجسس نگاہوں سے دیکھ رہی تھی، اب اس کا چہرہ صاف اور بھولا بھالا تھا ہر قسم کے جذبات سے عاری، میرے دل پر ایک نیم اضطراری کیفیت طاری ہو گئی۔

اتنے میں اور دو مسافر آ کر درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔ پہلے ایک بوڑھا آدمی۔ سفید ریش لاٹھی ٹیکتا ہوا آیا۔ اور "رام رام" کرتا ہوا میرے نزدیک بیٹھ گیا۔ پھر بچہ اٹھائے ہوئے وہی کم عمر کی بدصورت عورت نمودار ہوئی۔ اس کے ساتھ ایک قلی ٹرنک اور گٹھڑی اٹھائے ہوئے تھا۔ وہ عورت بھی لڑکی کے قریب جا کر بیٹھ گئی اور چھوٹا بچہ سبز ساڑھی کے پلو کو کھینچنے لگا۔

تھوڑی دیر کے بعد عبداللہ بھی آ گیا۔ اور کچھ وقفے کے بعد اس کا بھائی کی کشتی کو کنارے پر لے آیا۔

عبداللہ نے مجھے مسکرا کر کہا" چلئے کشتی میں بیٹھئے"

بوڑھے آدمی نے مخاطب ہو کر کہا" مجھے بھی لے چلو بابا۔ رام تمہارا بھلا کرے"

بدصورت عورت بھی اٹھ کھڑی ہوئی کہنے لگی "اگر آپ برا نہ مانیں تو میں بھی اس

کشتی میں بیٹھ جاؤں ۔ مجھے آج گوجرانوالہ پہنچنا ہے ۔اگر یہ گاڑی نہ ملی تو پھر ...... اب شام بھی ہوتی جارہی ہے اور میں اکیلی ہوں"

ہم سب کشتی میں جاکر بیٹھ گئے ۔قلیوں نے مال واسباب کشتی میں قرینے سے رکھ دیا۔

عبداللہ اور اس کے بھائی نے آستینیں اوپر چڑھالیں اور ایک ایک ڈنڈا ہاتھ میں لے کر کشتی کے دونوں سروں پر کھڑے ہوگئے۔

اللہ کا نام لے کر کشتی چلی، عبداللہ نے گانا شروع کیا۔

جس دنالعیدیاں بیڑا پار دے

ڈاچی والیاں موڑ مہارے دے

عبداللہ نے رک کر پوچھا" آپ کو میرے گانے پر کوئی اعتراض ہے تو نہیں ؟ لڑکے نے جلدی سے کہا" نہیں ، نہیں ، ضرور گاؤ، تمہاری آواز بہت اچھی ہے"

عبداللہ نے پھر گانا شروع کیا۔ وہی "ڈاچی "کا پرانا گیت، جسے گانے کیلئے سوز چاہئے ساز نہیں۔

ایک سانڈنی سوار کو صحرا میں سے گزرتے دیکھ کر ایک اداس حسینہ جو اپنے محبوب کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ اسے رک جانے کو کہتی ہے اور پھر اس سے التجا کرتی ہے کہ تو مجھے سانڈنی پر بٹھا کر میرے بچھڑے ہوئے محبوب سے ملادے۔

ڈاچی والیا! موڑیں مہار دے

ڈاچی والیا! لیچل نال دے

لڑکے نے آہستہ سے کہا " ظالم " بہت اچھا گاتا ہے ۔ کیا سریلا گا ہے ۔ مجھے گانے کا بہت شوق ہے ۔ذرا سنو تو ......

میں نے لڑکی کی طرف دیکھا۔ وہ اپنے بھائی کے شانوں سے سر لگائے ایک طرف بیٹھی تھی۔ آہستہ سے اس نے اپنی آنکھیں بند کرلیں۔ اس کے لبوں پر ایک عجیب یاس انگیز مسکراہٹ آگئی، نہایت آہستہ سے اس نے اپنے بازو چھاتی پر باند لئے اور ٹانگیں پھیلا کر نشست پر لیٹ گئی ۔اس طرح کہ میں اس کے نصف چہرے کو دیکھ سکتا تھا۔ اس کے خوب صورت ہاتھوں کو، اس کے نازک نازک ٹخنوں کو۔

میری ڈاچی دے گل وچہ ٹلیاں
میں، تاں ماہی نوں مناون چلیاں

عبد اللہ کی پر سوز آواز نے میرے جذبات کی سمٹتی ہوئی دنیا میں تلاطم پیدا کر دیا، میرا دل ایک عجیب لذت درد کے مزے لینے لگا۔ یہ کیسی خلش تھی۔ ہلکی میٹھی، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ نغمے کی ہر لئے میں کسی مہجور حسینہ کی روح کھنچی ہوئی چلی آ رہی ہے۔ یا دریائے جہلم کی وسیع چادر آب ایک صحرا ہے۔ جس میں ہماری کشتی "ڈاچی" بنی ہوئی محبوب کو منانے کے لئے۔

ڈاچی .... میں تاں ماہی نوں مناون چلیاں

لڑکی نے چپ کے سے ساڑھی کے پلو سے اپنے آنسو پونچھ ڈالے اس کے بھائی نے نہیں دیکھا لیکن میں نے اسے دیکھ لیا۔ کیا ڈاچی کے حسین نغمے نے لڑکی کے دل میں محبت کی دبی ہوئی آگ کو روشن کر دیا تھا، نہیں تو یہ آنسو کیسے؟ میرا دل اس بھید کو جاننے کے لئے بیتاب ہو گیا۔ وہ کس بچھڑے ہوئے محبوب کی یاد میں رو رہی تھی؟ میں نے چاہا کہ میں گلاب کی نرم و نازک پتیوں سے اس کے آنسو پونچھ ڈالوں اور اس سے پوچھوں "بتا اے حسینہ! تجھے کیا غم ہے؟"۔

اس کے بجائے میں نے اس بد صورت عورت کی شرمائی ہوئی نگاہیں اپنے چہرے پر جمی ہوئی دیکھیں۔ مجھے دیکھ کر اسے نے لجا کر اپنی آنکھیں نیچے کر لیں اور اپنے بچے پر جھک گئی۔

چھلک ...... چھلک ...... چھلک ۔۔۔۔ چھلک ۔۔۔۔ چھلک کشتی بھاگی جا رہی، ڈانڈیں باری باری ہل رہی تھیں مغرب میں سورج غروب ہو رہا تھا۔ دریا میں ڈوب رہا تھا۔ دریا کی خاموش سطح پر ایک عجیب نازک نرالی سحر طراز روشنی پھیل گئی تھی ۔ میں نے سمجھا یہ غروب آفتاب نہیں نمود سحر ہے۔ مغرب نہیں مشرق ہے۔ روشنی کا منبع اعظم ہے۔ ہم غیر فانی انسان ہیں جو اس کبھی نہ غرق ہونے والی کشتی پر سوار ہو کر اپنے محبوب سے ملنے جا رہے ہیں۔ اپنے ابدی محبوب سے

میں تاں ماہی لوں مناون چلیاں

چپ ۔۔۔ چپ ۔۔۔ شپ ۔۔۔ شپ ۔۔۔ کشتی بھاگی جا رہی تھی۔ شام ہو گئی۔ اندھیرا بڑھتا گیا ۔ عبد اللہ خاموش ہو گیا۔ پھر ایک دلکش انداز سے سفید دودھ جیسی بے داغ چاندی کھل گئی اور مجھے

ڈل میں تیرتے ہوئے کنول کے پھول یاد آگئے کشتی کے چاروں طرف دور دور تک پانی کی ہلکی ٹوٹتی ہوئی لہروں پر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کنول کے لاکھوں پھول کھل گئے ہیں۔

بوڑھا آہستہ آہستہ ''رام رام'' جپ رہا تھا۔ بدصورت عورت دزدیدہ نگاہوں سے کبھی مجھے۔ کبھی خاموش لیٹی ہوئی لڑکی کو دیکھ لیتی تھی ۔لڑکے نے ایک دو بار اپنی بہن کی طرف دیکھا اور پھر مجھ سے مخاطب ہو کر کہا ''بچاری شاما سفر کی تکان سے چور ہو کر آخر سو گئی ہے

کیا وہ واقعی سو رہی تھی ۔یا آنکھیں بند کئے کچھ سوچ ہی تھی ۔وہ بالکل بےحس و حرکت ۔ایک مرمریں مجسمہ کی طرح پڑی تھی۔یا شاید کسی سپنے کی ٹھنڈی چھاؤں میں ستاروں کی کپکپاتی ہوئی لامتناہی دنیا میں اپنے محبوب سے مل رہی تھی ۔یا پھر اس کی آوارہ روح چاندی کرنوں میں بھٹکتی ہوئی کسی کو تلاش کر رہی تھی۔ہاں مگر کس کو؟

آخر ایک طویل عرصہ کے بعد اس طویل سکوت کو عبداللہ نے توڑ دیا

''لو وہ کنارہ آ گیا'' اس نے ڈانڈ کو زور زور ہلاتے ہوئے کہا

کنارے پر پہنچ کر میں نے لڑکے کہا'' آپ جا کر تانگہ وانگہ درست کریں۔میں یہاں قلیوں کا انتظام کر تا ہوں

تانگے والوں کا اڈا کوئی فرلانگ بھر دور تھا۔لڑکا تانگے کا انتظام کرنے گیا میں نے عبداللہ سے کہا ''ذرا کہیں سے قلیوں کو بلوا دو۔،،

عبداللہ کہنے لگا'' اب اس وقت یہاں دریا کے کنارے قلی کہاں سے آئیں گے

''تو پھر اب کیا کیا جائے؟''

میری سمجھ میں تو یہی آتا ہے کہ ہم دونوں بھائی دو تین پھیرے لگا کر آپ کا اسباب تانگوں پر رکھ دیں۔چار آنے فی پھیرا لیں گے''

عبداللہ کے آخری پھیرے پر میں نے کشتی میں سوئی ہوئی لڑکی کو جگا دیا۔

''اٹھئے اب تو جہلم کا دوسرا کنارہ بھی آ گیا۔،،

میری زبان سے پہلا لفظ ادا ہونے پر ہی اٹھ کھڑی ہوئی وہ یقیناً سو نہیں رہی تھیں۔چاندنی رات میں اس کا رنگ زعفران کے پھول کی طرح زرد پڑ گیا تھا۔اور ہونٹوں پر وہی یاس انگیز مسکراہٹ تھی۔

میں نے بٹوے سے ایک روپیہ نکال کر کہا۔'' ایک روپیہ کا خردہ ہو گا۔،،اس نے

ہینڈ بیگ کھول کر پیسے نکالے اور مجھے دے دیئے۔ وہ نرم و نازک مخروطی انگلیاں برف کی طرح ٹھنڈی تھیں۔

میں نے عبداللہ کو انعام دیا۔ اس نے جھک کر ہم کو سلام کیا اور پھر ہماری طرف پیٹھ موڑ کر کشتی میں بیٹھ گیا۔

ہم خاموش چلے جا رہے تھے۔ ہمارے آگے بوڑھا لاٹھی ٹیکتا جا رہا تھا۔ چند قدم چل کر میں نے شاما سے جرات کر کے پوچھا آپ کشتی میں رو رہی تھیں۔ کیوں۔؟،،
وہ خاموش چلتی گئی سر جھکائے ہوئے۔

میں نے پھر کہا،، میں نے یقین جانئے نہایت دلی خلوص سے سوال کیا ہے۔ میں دل سے چاہتا ہوں کہ آپ اپنا دکھ مجھ سے کہ سکیں اور میں آپ کے کسی کام آسکوں، کوئی حرج ہے۔
اس نے نمناک نگاہوں سے میری طرف دیکھا۔ وہ کچھ کہنا چاہتی تھی۔ کہ یکایک کچھ سنکر وہ ایک ہلکی سی چیخ مار کر ٹھٹک گئی۔ وہ گرنے کو تھی کہ میں نے اسے ایک بازو سے تھام کر سہارا دیا۔ عبداللہ چاند کی طرف منہ کئے ہوئے گا رہا تھا۔

ساڈی ڈاچی دے گل وچ ڈھولنا
جھوٹے سجناں نال کی بولنا

آواز، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ دور پرے جہلم کے پھیلے ہوئے پانیوں پر چاند کی سحر فشاں کرنوں پر لرزتی ہوئی آرہی تھی۔ انداز بیان میں بلا کی شوخی تھی اور فقروں میں ایک بے پنا طنز جو دل کو چھیدے ڈالتی تھی۔ میں نے لڑکی کی طرف دیکھا وہ کانپ رہی تھی۔ اور جلد جلد قدم اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی۔ شاید وہ اس حزیں نغمے کے سیل بے پناہ سے دور بھاگنا چاہتی تھی۔
وہ طوفان جو اس کی بے قرار روح کے پیچھے بھاگ رہا تھا۔
باقی راستہ ہم نے خاموشی میں طے کیا۔

☆ ☆ ☆

جب میں انہیں تانگوں پر سوار کر چکا تو لڑکے نے مصافحہ کرتے ہوئے کہا۔ " شکریہ بہت بہت شکریہ ہم نے آپ کو بہت تکلیف دی ..... کیا آپ کا گاؤں یہاں سے نزدیک ہے۔

"بس کوئی تین چار میل ہو گا۔ وہ سیدھی پگڈنڈی جا رہی ہے۔...... پیدل ہی جانا ہو گا۔

بدصورت عورت نے میری طرف دیکھ کر ہاتھ جوڑے اور پھر سر جھکا لیا۔ میں نے ہاتھ جوڑ کر سر جھکا لیا۔ دو دفعہ، ایک دفعہ بدصورت عورت کو دیکھ اور آخری بار لڑکی نے میری طرف مبہم، خمار آلود۔ اندوہگین نگاہوں سے دیکھا، وہ نگاہیں شاید کھل کر دل کا راز کہہ دینا چاہتی تھیں۔ مگر کامیاب نہ ہو سکی ان آنکھوں میں ایک ہلکی سی چمک پیدا بھی ہوئی مگر پھر فوراً ہی گم ہو گی، جیسے کوئی حسین سنگریزہ سمندر کے گہرے نیلے پانیوں میں کھو جائے، اس کا داہنا بازو تھوڑا سا اوپر اٹھا اور پھر نیچے گر گیا۔ چوڑیوں کی جھنکار پیدا بھی ہوئی اور پھر ایک لمحہ میں لرزتی ہوئی کہیں غائب ہو گئی۔ جیسے آسمان سے کوئی تارا ٹوٹے اور فضا میں گھل جائے...... اب وہ نظر نیچی کئے ساڑھی کا پلو ٹھیک کر رہی تھی۔

"گڈ بائی" میں نے جلدی سے کہ۔

تانگا چلنے لگا، لڑکے نے زور سے ہاتھ ہلاتے ہوئے کہا۔ "گڈ بائی"

☆ ☆ ☆

سیدھی کھیتوں کے بیچوں بیچ پگڈنڈی جا رہی تھی۔ آسمان پر ستاروں کے درمیان بھی اس طرح ایک پگڈنڈی بنی ہوئی تھی...... "یہ سفر کب شروع ہوا"

...... میں سوچنے لگا...... یہ دونوں پگڈنڈیاں کدھر جا رہی ہیں...... یہ سفر کبھی ختم ہو گا۔؟

اندھا چھترپتی

یوں تو شہر میں کئی اندھے بھکاری گھومتے رہتے تھے۔ لیکن جو لطف ہمیں اندھے چھترپتی کو چھیڑنے میں آتا تھا۔ وہ کسی اور گداگر کو ستانے سے میسر نہ ہو سکتا تھا۔ کہنے کو تو بھگت بھی اندھا ہی تھا۔ لیکن آنکھیں رکھنے والوں سے بھی چالاک بازاروں اور گلیوں میں اس طرح بے خطر ہو کر چلتا تھا۔ گویا سارا شہر اس کی ملکیت ہے۔ اس کی آنکھوں کے پپوٹے لال لال اور ڈراؤنے تھے۔ اس کے سامنے کھڑے ہو کر اسے تنگ کرنے کی جرات ہمیں بالکل نہ تھی۔ اور پھر اس کے پاس ایک بڑا خطرناک سوٹا ہوتا تھا۔ جسے وہ غیض و غضب کے حالت میں زور زور سے گھمایا کرتا تھا۔ اگر کوئی لڑکا ڈنڈے کو زد میں آگیا۔ بس اس کی خیر نہ تھی۔ اسی طرح کئی پٹ چکے تھے۔ اور کئی پٹ جانے سے بال بال بچے۔

لیکن اندھا بھگت جتنا خطرناک تھا۔ چھترپتی انتاہی سیدھا سادا اور غریب طبیعت کا مالک تھا۔ وہ بڑی آسانی سے ہمارے ہتھے چڑھ جایا کرتا تھا۔ پھر ہمیں اس سے کوئی اتنا ڈر بھی تو نہیں لگتا تھا۔ اس کی آنکھوں کی پتلیاں بالکل ہماری طرح تھیں۔ اور آنکھوں کی سپیدی دودھ کی طرح بے داغ نظر آتی تھی۔ پپوٹوں کا رنگ بھی سرخ اور ڈراؤنا نہ تھا۔ اسے آج تک کسی نے بات کرتے نہ سنا تھا۔ اس کے ہاتھ میں اندھے بھگت کی طرح ہر وقت ایک موٹا سا ڈنڈا ہوتا تھا۔ جسے وہ صرف انتہائی ضرورت کے موقع پر اپنے آپ کو بچانے کے لئے استعمال کرتا تھا۔

شہر میں جتنے بھی فقیر تھے۔ ہر ایک کو چڑانے کے لئے ان کے الگ الگ نام رکھ دیتے تھے۔ لمبا تڑنگا گیروے کپڑے پہنے ہوئے ایک باوا تھا۔ ذات کا برہمن تھا اور بہت کڑوا مزاج رکھتا تھا۔ چنانچہ اسے سب ''باوا کریلا'' کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ خیال کرتے ہوں گے کہ وہ اس

نام سے بہت خوش ہوا ہو گا۔ اور اس نے ہماری جدت طبع کی داد دی ہو گی۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ یہ نام سن کر چڑ جاتا تھا" باوا کریلا آیا، باوا کریلا، باوا کریلا" اسی طرح چیختے پکارتے درجنوں بچے اس کے گرد جمع ہو جاتے تھے۔ اور اس سے جی بھر کر گالیاں سنتے تھے۔ "حرامزادے میں کیا کریلا ہوں، تمہارے باپ کریلے ہیں۔ تمہاری مائیں تمہاری بہنیں، تم سب کریلے ہو۔ خدا تمہیں غارت کرے"

اور لڑکے ہنستے، خوش ہوتے، تالیاں بجاتے۔

ایک لڑکا پھر چیخ کر سناتا "او...... باوا...... کریلا"

دوسرا نقل کرتا "گاڑی لو گے، ٹھیلہ"

تیسرا:۔ "پیسہ لو گے، دھیلہ"

چوتھا:۔ "او...... باوا...... کریلہ!"

اور باوا کریلہ سن سن کر دانت پیستا، اس کے لب کف آلود ہو جاتے "حرامزادہ ٹھہرو جاتے کہاں ہو" یہ کہہ کر وہ اپنی لکڑی کی کھڑاویں اتار کر ہمای طرف پھینکتا اور ہم قہقہہ لگاتے ہوئے تتر بتر ہو جاتے۔

ایک کا نام سائیں منگا تھا، از بسکہ وہ ہمیشہ ننگا رہتا تھا۔ زود الاعتقاد لوگ اسے پیر اور عاقل مانتے تھے۔ وہ صرف گوشت کھاتا تھا۔ اور وہ بھی کچا، بچے عماماً ہر قسم کے توہمات سے آزاد ہوتے ہیں۔ اسے چڑانے کا ڈھب بھی ہمیں آ گیا۔ ایک دن ایک لڑکے نے اسے کہہ دیا" سائیں منگا، او، او، او، تو سائیں صاحب اس کی طرف پتھر لے کر دوڑ پڑے۔ بس اب کیا تھا۔ جدھر سائیں صاب جاتے "منگا او، او، او، کہہ کر لڑکے آسمان سر پر اٹھا لیتے۔

یا پھر چوہدری ہر بھج بھی ایک نرالا فقیر تھا۔ اسے اپنے نام سے بہت پیار تھا۔ اور بس یہی نام ہی آخر اس کی بد قسمتی کا باعث بن گیا۔ نام تھا ہر بھج لڑکوں نے "گیدڑ" کہہ کر پکارنا مناسب سمجھا۔ بازار میں، گلی میں، سڑک پہ جہاں کہیں وہ مل گیا، بس لڑکوں نے "گیدڑ" کہہ کر اسے تنگ کرنا شروع کیا

ایک کہتا:۔ ہر بھج؟

دوسرا جواب دیتا گیدڑ۔

پھر سب مل کر کہتے۔ ہر بھج گیدڑ۔ ہر بھج گیدڑ

ایک دن بازار سے گذر رہا تھا۔ ایک دوکان پر چند بے فکر نوجوان تاش کھیل رہے تھے۔ ایک ساتھی نے اپنے دوسرے ساتھی سے پتہ پھینکتے ہوئے کہا۔ مائی ڈیر۔

ہر بھج نے سمجھا اسے کسی نے "مائی ڈیر" کہہ کر مخاطب کیا ہے ۔ بس پھر کیا تھا۔ وہیں کھڑا ہو کر گالیاں دینے لگا۔ تم مائی ڈیر، تمہارا باپ مائی ڈیر، میرا نام ہر بھج ہے۔ میرے باپ کا نام بھجا تھا۔ وہ تحصیل میں چپڑاسی تھا۔ ہم برہمن ہیں۔ شرم نہیں آتی تمہیں۔

ایک نوجوان بولا۔ ہر بھج

دوسرے نے جواب دیا "مائی ڈیر"

اب ہر بھج جدھر سے گزرتا ،اس پر مائی ڈیر کے آواز کسے جاتے۔ پھر تو یہ شغل ہو گیا کہ اس کے لئے ہر روز ایک نیا نام تجویز ہوتا تھا۔ اور ہر روز اسے تنگ کیا جاتا۔!

ہاں لیکن چھترپتی ان سب سے نرالا تھا وہ ہمیشہ خاموش رہتا۔ آہستہ آہستہ راستہ ٹٹولتے گذر جاتا۔ اسے چڑانے کے لئے ہم نے اپنے سب گر آزما ڈالے، لیکن بیسود آخر ایک دن جب ہم سب اس کے گرد گھیرا ڈالے اسے تنگ کرنے کے لئے اپنی تمامتر کوششیں صرف کر رہے تھے۔ ایک اجنبی ہمارے راستہ سے گزرا پہلے تو وہ بہت دیر تماشا دیکھتا رہا۔ پھر آہستہ جھک کر اس نے ایک لڑکے کے کان میں کہا۔ اس کے قریب جا کر اونچی آواز میں کہو مکھنی، ہائے مکھنی، ہائے مکھنی۔

اس لڑکے نے ایسا ہی کیا۔

پھر ایک عجیب نظارہ دیکھنے میں آیا۔ چھترپتی زور زور سے اپنا ڈنڈا گھمانے لگا۔ جوں جوں لڑکے چلا چلا کر مکھنی کا نام لے کر پکارتے، چھترپتی کی حالت بگڑتی جاتی۔ وہ زور زور سے چیخنے لگتا۔ اور ڈنڈا گھماتا۔ اب ہم سب مکھنی مکھنی کہہ کر اس کے گرد ناچ رہے تھے۔ مسرت کی کنجی ہمارے ہاتھ آگئی تھی۔ اس کنجی کا نام تھا مکھنی۔

☆ ☆ ☆

بہت مدت کے بعد آج چھترپتی ہمارے ہتھے چڑھا۔ وہ اکثر کئی کئی دن غائب رہتا تھا ۔یونہی کسی جگہ چپکا پڑا رہتا۔ اگر کوئی ترس کھا کر سوکھا ٹکڑا دے دیتا تو لے لیتا۔ ورنہ بھوکا ہی پڑا رہتا۔ آج کئی دنوں بعد نظر آرہا تھا۔ آہستہ آہستہ لاٹھی ٹیکتے ہوئے کشمیری محلّہ سے بانکل رہا تھا۔ کہ لڑکوں کی نظر پڑ گئی۔

ارے وہ رہا۔

چھترپتی۔

ارے منو، دلو، شریف، موہن، چھترپتی آیا۔ وہ چھترپتی آیا۔ شریف کی اماں نے شریف کو دامن سے پکڑ کے گھر کے دلان کے اندر گھسیٹنا چاہا۔ بیٹا مت جاؤ فقیروں کو چھیڑا نہیں کرتے۔

ہونہہ کہہ کر بھاگ آیا۔ پل بھر میں بیس پچیس لڑکے چھترپتی کے گرد جمع ہو گئے۔

چھترپتی تمہارا نام کیا ہے۔

چھترپتی تم اتنے دنوں کہاں رہے؟

چھترپتی ی سونٹا تم ہمیں دے دو۔

چھترپتی تم بولتے کیوں نہیں ہو۔

چھترپتی کے جسم کے پر چٹکیاں لی گئی۔ چھترپتی کو چھوٹے چھوٹے کنکروں کا شکار بنایا گیا۔ چھترپتی کو ادھر ادھر گھسیٹنے اور اس کا سونٹا چھیننے کی ناکام کوشش کی گئی۔ لیکن وہ ٹس سے مس نہ ہوا۔ یوں، وہ بہت گھبرایا ہوا معلوم ہوتا تھا اور ہمارے نرغے سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن نہ جانے کیوں اس قدر تنگ کرنے پر بھی خاموش تھا۔

اسکی یہی خاموشی ہمیں مجبور کر رہی تھی۔

آخر ہم نے آخری حربہ استعمال کیا ''چھترپتی! مکھنی! مکھنی، مکھنی،،

چھترپتی پہلے تو بالکل چپ رہا۔ معلوم ہوتا تھا کہ اپنے آپ پر جبر کر رہا ہے۔ پھر اس حالت متغیر ہوتی گئی۔ وہ کانپنے لگا۔ اور ہمارے نرغے سے نکلنے کی کوشش کرنے لگا لیکن ہم اسے کہاں جانے دیتے تھے۔ مکھنی، مکھنی، مکھنی، مکھنی، آخر وہ چیخیں مارتا ہوا انتہائی جوش کی حالت میں ہمارے نرغے کو توڑ کو نکل آیا۔ ہم اس کے پیچھے پیچھے بھاگتے گئے۔ یکایک بھاگتے بھاگتے اسے ٹھوکر لگی اور وہ دھڑام سے زمین پر گر پڑا۔ اس کے گھٹنے سے خون بہنے لگا۔ اسے اس طرح زخمی دیکھ

کر سب لڑکے ادھر ادھر بھاگ گئے۔

☆ ☆ ☆

اس رات غریب چھتر پتی کو ستانے کے جرم کی پاداش میں بہت سے لڑکے پٹے۔ دیوان خانے کا دروا بند کر کے بڑے بھائی نے لاتوں اور مکوں سے میری خوب مرمت کی ''غریب اندھوں کو ستاتے ہو۔ ایک دن تمہارا بھی یہی حال ہوگا'' وغیرہ وغیرہ لیکن اس قسم کی قیانوسی باتوں کا ہم پر کیا اثر ہوا۔ الٹا میں تہیہ کر لیا کہ چھتر پتی کو اندھے بھگت کو سائیں منگے کو غرضیکہ شہر کے ہر ایک بھکاری کو اب خوب دق کیا جائے گا۔ کم بخت ہمیں پٹواتے ہیں۔ ٹھہرو تو بچہ جی۔ اب دیکھیں تم ہم سے بچکر کہاں جاتے ہو۔ اسی طرح میں دیوان خانے کے ایک کونے میں پڑا اس سسکیاں لتیا ہوا سوچتا رہا۔ ایک دفعہ ماما کھانے کا بلاوا دینے کے لئے بھی آئے چلو ماں جی تمہیں کھانے پر بلاتی ہیں۔ میں نے انکار کر دیا'' مجھے بھوک نہیں ہے'' پھر بہت دیر گذری میں انتظار کرتا رہا۔ لیکن کوئی مجھے منانے کے لئے نہ آیا۔ نہ بڑا بھائی، نہ پتا جی، نہ ماں، آہ اس دنیا میں ایک غریب لڑکے کو کوئی نہیں پوچھتا یہ لوگ کتنے سنگ دل ہیں۔ یہ خیال آتے ہی میری ہچکیاں اور بھی تیز ہوگئیں۔ میں نے سوچا کہ اگر میں یہاں سے اسی دم بھاگ جاؤں، کہیں دور تو یہ لوگ میری تلاش کریں گے۔ بڑے بھائی دست تساف مل کر کہیں گے۔ میں نے اسے کیوں مارا۔ والدہ کہے گی'' یہ سب، تیرا ہی قصور ہے۔ اب تو ہی اسے ڈھونڈلا۔ میں اپنا لال تجھ سے لوں گی۔ اور بڑ بھائی حیران ہو کر میری تلاش میں مارے مارے پھریں گے۔ مگر کیا میں ان مل سکوں گا۔ ہرگز نہیں۔ میں بہت دور دور ...... اتنے میں ہی دیوان خانے کا دروازہ کھلا۔ پتا جی، بڑے بھائی اور تین چار ان کے دوست اندر داخل ہوئے، بہت ہشاش بشاش نظر آتے تھے۔ کسی نے میری طرف توجہ بھی نہ کی، میں اپنے کونے میں سکڑ کر لیٹا رہا۔ کوئی حقہ پی رہا تھا۔ کوئی تاش کھیلنے لگا۔ کوئی اخبار اٹھا کر دیکھنے لگا۔ یکایک اخبار پڑھنے والے آدمی نے بڑے بھائی سے مخاطب ہو کر کہا۔ آج میں نے چھتر پتی متعلق چند ایک دلچسپ باتیں سنیں بڑی عجیب داستان ہے سنو گے؟

سب لوگ ہمہ تن گوش ہو گئے حقے کی گڑگڑاہٹ کیساتھ اس نے چھتر پتی کی داستان حیات سنانی شروع کی۔

☆ ☆ ☆

چھترپتی ذات کا برہمن ہے اور سیکلو گاؤں کا رہنے والا ہے۔ جو گلمرگ سے پینتیس میل کے فاصلے پر مغرب کی طرف واقع ہے۔ اس کے ماں باپ بچپن ہی میں اسے داغ مفارقت دے گئے۔ رشتہ داروں نے اس تھوڑی سی زمین پر بھی قبضہ کر لیا۔ جو ساہوکاروں کی دست برد سے بچ کر چھترپتی کے حصہ میں آئی اب چھترپتی گاؤں کا یتیم تھا وہ ہر کسی کو اپنا چچا کہتا کھیتوں میں کام کرتا چشمے سے پانی کے گھڑے بھر کر اپنے رشتہ داروں کے ہاں لیجاتا۔ ریوڑوں کی رکھوالی کرتا۔ لوگوں کے کپڑے دھوتا ۔ غرضیکہ اسی قسم کے درجنوں کام کرتا اس کے عوض میں اسے روٹی مل جاتی تھی۔ اور کبھی کبھی پہن نے کے لئے گاڑھے کی ٹوپی بھی کبھی کوئی اسے ایک سیاہ رنگ کے کپڑے کی قمیص سلوا دیتا۔ اور کبھی کوئی پاجامہ اسی طرح اپنے مہربان چچوں کے درمیان وہ پلتا رہا۔ اور اٹھارہ برس کا ہوگیا۔ لوگ کہتے ہیں کہ چھترپتی اپنی جوانی میں بہت خوبصورت تھا۔ کڑیل۔ تنومند۔ اور طبیعت کا صاف، کام تو وہ اب بھی ہر ایک کا پورا کر دیتا تھا لیکن ۔اب شباب کے ساتھ ہر لمحہ اس میں خودداری کا جذبہ پیدا ہو گیا اور اس کا پہلا ثبوت یہ تھا کہ اس نے گاؤں کی نوجوان اور طرحدار لڑکی کی طرف نگاہیں اٹھا کر دیکھنا شروع کر دیا۔ گاؤں کے یتیم کو اس سے پہلے اس قسم کی جرات کبھی پیدا نہ ہوئی تھی اور نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ سیکلو کی گلاب کی کلی کی طرح حسین و نازک دوشیزائیں بھی اس سے نہایت ملاطفت سے پیش آنے لگیں۔ اور خاص کر مکھنی جو گاؤں کی لڑکیوں میں سب سے بانکی، پیاری اور البیلی لڑکی تھی ۔پہلے جب وہ اس سے ملتی تھی تو اول تو اس سے بات بھی نہیں کرتی تھی۔ اور گردن بلند کئے ہوئے کمر جھکا کر ،وحشی ہرنی کی طرح قریب سے گزر جاتی تھی۔ لیکن اب؟ آہ اب چھترپتی کو ایسا معلوم ہوا کہ مکھنی کی تمام ادائیں صرف اسی کے لئے تھیں۔ اس کی نرملائمت سے بھری ہوئی نگاہیں۔ اس کے خمیدہ لبوں کا ہلکا، عجیب سا تبسم ،اب وہ اس سے سخت کلامی سے پیش نہیں آتی تھی کوئی لڑکی بھی اب اسے تند و ترش لہجہ میں مخاطب نہیں کرتی تھی۔ لیکن مکھنی کی باتوں میں کچھ اور ہی رس تھا۔ نوزائیدہ محبت کی پہلی جھلک، پہلے پیار کا انوکھا مزہ، شیریں زبان لوچدار آواز پیارے پیارے ننھے ننھے فقرے ہنستے ہوئے شرماتے ہوئے وہ اس طرح باتیں کرتی، جیسے منہ سے پھول جھڑ رہے ہوں۔ کبھی کبھی چشمے کے کنارے پر کبھی کسی لہلہاتے ہوئے دھان کے کھیت کے قریب کبھی بلند گھاٹیوں پر لمبے لمبے دیودار کے درختوں کے درمیان ریوڑ چراتے ہوئے وہ اسے

مل جاتی تھی۔ پاک، بیباک، نڈر، جنگل کے جانوروں کی طرح معصوم، یکایک چھترپتی کو دنیا میٹھی اور مہان نظر آنے لگی، آسمان پر بھاگتے ہوئے سفید بادلوں کو دیکھ کر اس کا دل کسی نامعلوم مسرت سے کانپنے لگتا، جنگل کے جھرنوں کی آواز میں اس نے ابدی زندگی کے نرالے اور سحر طراز گیت سنے اور پھر خود اس کی اپنی زندگی کے تاران پر مسرت نغموں کی لے سے جھنجھنا اٹھے۔

مگر چھترپتی کے پچوں کو اس کی خوداری اور سیکلو کی ماہ جبینوں کی شریں کلامی ایک لمحہ نہ بھائی، کیا ہوا اگر وہ خوب صورت جوان تھا۔ آخر وہ ...... ان کے ٹکڑوں پر ہی پل کر جوان ہوا تھا۔ گاؤں کے یتیم کی گستاخ نگاہیں لوگوں کے دلوں میں تیز نکیلے بھالوں کی طرح چبھنے لگیں۔ کیا اس کے پاس ایک بالشت بھری بھی زمین تھی؟ ایک گائے ایک بھینس، ایک بکری اس کے پاس تو کچھ بھی نہ تھا۔ اسے کیا حق تھا کہ وہ گاؤں کی پری چہرہ عورتوں سے ہنس کر بات کرے اور شادی اس کے ساتھ شادی کرنے سے تو یہی بہتر تھا کہ بیوقوف لڑکی کو کسی دیوار کے ساتھ باندھ دیا جائے، دونوں صورتوں میں اسے فاقوں سے ہی تو مرنا تھا۔

چنانچہ ایک دن گاؤں کی پنچایت نے جو بڑے بوڑھے برہمنوں پر مشتمل تھی۔ فیصلہ کر کے اسے گاؤں سے باہر نکال دیا۔

☆ ☆ ☆

دو سال کے بعد جب چھترپتی پردیش سے واپس ایا تو گاؤں والوں نے اس کی بڑی آؤ بھگت کی مکھنی کا باپ خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ ساتھ ہی چھترپتی کو معلوم ہوا کہ اس عرصہ میں اس کی کئی ایک خالائیں، پھوپیاں۔ اور چچیاں پیدا ہو گئی ہیں' بات یہ تھی کہ چھترپتی دو تین سو روپیہ پردیس سے کما کر لایا تھا اور پھر اس کے پاس کپڑوں اور دیگر اشیا سے بھرے ہوئے تین چار ٹرنک بھی تھے اور ایک نہایت ہی خوب صورت بسترا، ایسا خوب صورت بسترا آج تک گاؤں کے مردوں اور عورتوں نے کبھی دیکھا نہ تھا گول گول خوشنما تکیے، ریشمی چادریں اور ایک چمکتا ہوا لحاف، ایسا خوب صورت بسترا تو نمبردار کے گھر پر بھی موجود نہ تھا۔ وہی گاؤں کے بوڑھے برہمن جنہوں نے اسے گاؤں سے باہر نکال دیا تھا۔ اب فرط محبت سے اس کے سر پر بار بار ہاتھ پھیرتے تھے اور اسے دیکھ دیکھ کر نہال ہوئے جاتے تھے۔ بڑی بوڑھی عورتیں ایک دوسرے سے باتیں کر

تی ہوئی کہتی تھیں سنا ہے ہمارا چھترپتی (ہر اک عورت ہمیشہ "ہمارے چھترپتی پر بہت زور دیتی تھی ، میرٹھ میں دوکان کا مالک ہے ، وہ وہاں ، کیانام ہے ، موٹر اور بائیسکل ٹھیک کرتا ہے۔ کتنا اچھا لڑکا ہے۔ ارے بھلا اس کی عمر کیا ہوگی۔ ابس ہماری نہالوں کی عمر کا ہوگا۔

اور دوسری بوڑھی چچی منہ پھلا کر کہتی ، وہ کیسے ،؟ تمہاری نہالو تو اس سے عمر میں دو تین سال بڑی ہے وہ بیچارہ تو بس میری بھاگو کی عمر کا ہوگا!"

اس طرح ایک مہینہ گزر گیا۔ چھترپتی نے اپنی دولت خوش ہو کر دونوں ہاتھوں سے لٹائی ، اکیلا مکھنی کا باپ دو سو روپیہ "قرض" کے بہانے لیکر ہضم کر گیا ، ٹرنکوں سے بھرے ہوئے کپڑے خالاؤں اور بڑی بہوں اور پھوپیوں نے ہتھیا لئے اور وہ خوب صورت بستر نمبردار نے عاریتاً مانگ لیا۔ کیونکہ اس کے ہاں ایک شہر مہمان اتفاقاً آ نکلا تھا۔ بیچارہ چھترپتی مکھنی کے باپ سے "رشتہ" طلب کرتا رہا اور مکھنی کا باپ اسے ہر روز ٹالتا رہا۔ اور آخر جب چھترپتی کے پاس کچھ نہ رہا تو مکھنی کے باپ نے اسے کہہ دیا بھئی ابھی تو نہیں بیاہ کا بہت سادھندا کرنا ہے۔ اور تم جانتے ہو غریب آدمی ہوں۔ اگلے سال.........!"

بہت اچھا ، چھترپتی نے سر جھکا کر کہا۔

اور ہاں ، مکھنی کا باپ بولا۔ بات تو اب پکی ہوگئی ہے ، مجھے تم ہر مہینے کچھ نہ کچھ بھیجتے رہنا کیونکہ آخر بیاہ کرنا ہے ، جہیز بھی ہوگا۔ اور برادری کو دعوت بھی دینا پڑے گی۔

رات کو پٹواری کے ہاں رت جگا تھا۔ گاؤں کی عورتیں اور مرد پٹواری کے گھر کے آنگن میں اور دالان میں اور کمروں میں جمع تھے۔ ڈھولک بج رہی تھی اور رس سے بھرے ہوئے گلاس اور میٹھی روٹیاں تقسیم ہو رہی تھیں۔ حقوں کی گڑگڑاہٹ بوڑھوں کی کھانسی نوجوانوں کے قہقہے بچوں کا شور وغل ، سب ہی کچھ موجود تھا۔ اسی چہل پہل میں ادھر ادھر گھومتے ہوئے چھترپتی اور مکھنی دونوں پٹواری کے گھر سے باہر نکل آئے اور ایک ہرے کھیت کے کنارے پتھر کی ایک چوڑی سی سل پر بیٹھ گئے۔ یہاں ایک چھوٹا سا چشمہ تھا۔ اور ایک پتلا سا شمشاد کا پیڑ جس کی ایک لمبی ٹہنی چشمے پر جھکی ہوتی تھی۔

چھترپتی نے ایک لمبی سانس لے کر کہا "میں کل واپس میرٹھ چلا جاؤں گا" مکھنی چھترپتی

کے قریب ہو گئی کانپتی ہوئی آواز میں بولی ''وہ کیوں؟'' ''تمہارے پتاجی کہتے ہیں کہ ہماری شادی اگلے سال ہو گی۔ اب انہوں نے مجھ سے پکا وعدہ کر لیا ہے۔''

کتنی ہی دیر تک دونوں خاموش بیٹھے رہے۔

چھترپتی نے مکھنی کی کمر میں ہاتھ ڈال دیا ''میں بہت خوش ہوں مکھنی''؟ ''ایک سال''، مکھنی نے دھیمے لہجہ میں کہا۔

ایک سال کا عرصہ بھی کیا ہوتا ہے۔ جلدی بیت جائے گا۔ اس کے بعد...... مکھنی؟

اس کے بعد...... مکھنی نے شیریں لہجہ میں کہا۔

وہ دونوں چپ ہو گئے اور اسی طرح بیٹھے بیٹھے۔ آنے والے زمانے کے زریں خواب دیکھنے لگے۔ شمشاد کے نازک پتوں کے سائے پانی کی سطح پر کانپ رہتے۔ آسمان کے نیلے چشمے پر چاند اور ستارے پھولوں کی طرح کھلے ہوئے تھے اور مشرق سے ہواؤں کے لطیف جھونکے آرہے تھے جن میں گلمرگ کے جنگلی پھولوں کی خوشبو بسی ہوئی تھی۔ کھیت کے دوسرے کنارے پر سے لڑکیوں کے گانے کی آواز آرہی تھی۔

کڑ ھٹیا ھنی چلے......

کڑ ھٹیا ھنی چلے بنجارے

ہائے کن چنسی پھلیاں

ہائے کن چنسی کلیاں

کن چنسی پھگوارے

ھنی چلے بنجارے

کڑ ھٹیا ھنی چلے......

سکھ کی دنیا میں کھوئے ہوؤں کو یکا یک بلند قہقہوں کی آواز نے چونکا دیا۔ انہوں نے مڑ کر دیکھا، تو مکھنی کی چند سہلیاں ان کے سر پر کھڑی تھیں۔ ہنستی ہوئی دوہری جارہی تھیں۔

اری مکھنی، بے شرم۔!

مکھنی بید مجنون کی طرح لچکتی ہوئی اٹھی۔ اور ایک زقند لگا کر اپنی سہلیوں میں شامل

ہو گئی۔اس نے شرم سے اپنا منہ چھپالیااور سہیلیاں اب اسے مکوں سے کوٹنے لگیں۔ پھر ذرا ٹھہر کر وہ چھترپتی کی طرح مڑیں اور اسے گیتوں میں پیاری پیاری گالیاں سنانے لگیں۔ چھترپتی مسکراتا ہوا سب کچھ سنتارہا۔

☆ ☆ ☆

اب داستان تھوڑی سی رہ گئی ہے۔چھترپتی نے وہ سال جس طرح گزارا یہ کچھ اسے ہی اچھی طرح معلوم تھا۔ ہر مہینہ وہ اپاپیٹ کاٹ کر جس طرح بھی ہو تا تمیں۔ پینتیس روپے مکھنی کے باپ کو بھیج دیتا تھا۔ہر مہینے اسے مکھنی کے باپ کے ایک دو خط آجاتے تھے ۔جس میں اس کی آنیوالی شادی کا تذکرہ ہوتا تھا۔اور ہاں اور روپوں کا تقاضا بھی، پہلے سات مہینے تو اسے برابر خط آتے رہے مگر پھر یکایک خط آنے بند ہو گئے۔ لیکن چھترپتی متواتر روپے بھیجتا رہا۔ آخر جب سال ختم ہونے کو آیا تو اس نے واپس گھر جانے کو تیاری کی، خوشی خوشی وہ واپس گھر لوٹا، خطوں کا نہ آنا اس کے لئے چنداں اہمیت نہ رکھتا تھا۔ ممکن ہے چھترپتی نے سوچا کہ مکھنی کا باپ اب شادی کی تیاریوں میں بہت مصروف ہو۔

اور یہ تھا بھی سچ، مکھنی کا باپ شادی کی تیاریوں میں بہت مصروف تھا۔ جلد ہی مکھنی کی شادی ہو جانیوالی تھی۔ لیکن چھترپتی سے نہیں۔ بلکہ گاؤں کے ادھیر عمر کے نمبر دار سے،اور پھرا س میں تعجب کی کیا بات تھی۔وہ گاؤں کا نمبر دار تھا اور گاؤں میں پٹواری کے بعد سب سے امیر، خود پٹواری بھی اس کی بات بہت کم ٹالتا تھا۔اور پھر مکھنی کے باپ کو روپوں کی سخت ضرورت تھی، وہ دھان کے لئے آبی زمین کے قطعے اور خرید نا چاہتا تھا۔

مکھنی حسین تھی۔اس لئے بک گئی، سرمایہ پرستوں کی دنیا میں ہر چیز منافع پر بکتی ہے۔ منافع اور مقابلہ، جو زیادہ دام دے وہ خرید لے۔ مکھنی کے باپ نے اسے دو دھان کے کھیتوں کے عوض بیچ ڈالا ج۔اس نے کیا برا کیا؟ اگر نمبر دار ادھیڑ عمر کا تھا۔اور اس میں کیا حرج تھا ۔اگر یہ اس کی تیسری شادی تھی تو اسے اس کو کیوں پروا ہو، دور مہاجنی میں سب سے زیادہ حسین اور

خوب صورت قیمتی چیز روپیہ ہے۔اس لحاظ سے مکھنی خوش نصیب تھی۔ کہ اسے نہایت ''خوب صورت اور حسین'' خاوند ملا۔

اور آخر میں جیسادیوتاؤں نے کہا ہے۔ایسا ہی ہونا تھا۔قسمت کا لکھا اٹل ہے۔ غریب چھتر پتی نے جب گاؤں پہنچ کر مکھنی کی شادی ہو جانے کی خبر سنی تو کیااس کے دل پر آرے چل گئے۔کیا اس کی آنکھوں سے آنسو کا ایک قطرہ بھی نکلا؟کیااس کے پتھر کے کلیجے سے ایک آہ نکلی؟ہاں اتنی بات ضرور کہنی چاہئے کہ اس کا چہرہ زرد پڑ گیا۔اوراس نے یہ خبر سن کسی سے بات تک نہ کی۔

تمام دن وہ...... اک پتھر کی چٹان پر بیٹھا ہوا سیٹی بجاتا رہا۔ کئی نوجوان اسے ڈھارس دینے کے لئے آئے،لیکن پھر راستہ ہی میں واپس مڑ گئےایک دو آدمیوں نے اسے کھانا کھانے کیلئے بھی کہا،لیکن اس نے سر ہلا کر انکار کر دیا۔شام ہو گئی۔پھر شفق کی سرخی کے اندھیرے میں مبدل ہو گئی۔ایک دو کر کے آسمان پر ستارے بھی نکل ائے اور چاند بھی،لوگوں نے اسے اپنے گھر چلنے کو کہا۔لیکن اس نے پھر انکار کر دیا۔

اسی چٹان پر بیٹھے۔بیٹھے اس نے ساری رات بسر کر دی۔وہ رات اس نے کیسے بسر کی ،یہ کوئی نہیں جانتا۔اس کی ناکام آرزوؤں کی تلخ ناکامیاں اسے کس محشر ستان میں گھسیٹ کر لے گئیں۔وہ کسی نئے جہنم کی آگ تھی ۔جواس کے سسکتے ہوئے دل سے اٹھی اور اس کے ہوش وحواس کواپنے شعلوں کی لپٹ میں لیتی ہوئی اسکی روح کو کچل گئی۔وہ کیاقیامت تھی کہ برق ناگہاں کی طرح لپکتی ہوئی اور آن واحد میں اس کے ظاہری وباطنی احساس کے ٹکرے ٹکرے کر گئی ۔یہ کسی طرح ہوا۔کیونکر ہوا؟کیسے ہوا؟اس راز کو کوئی نہیں جانتا۔لیکن یہ بالکل سچ ہے کہ جب دوسرے دن صبح کو گاؤں والوں نے چھتر پتی کواسی چٹان پر بیٹھا ہواپایاتو اس کی آنکھوں کی بینائی ختم ہو چکی تھی اوراس کی طاقت گویائی ہمیشہ کے لئے اسے جواب دے گئی تھی۔

☆ ☆ ☆

اس روح فرسا داستان کا اثر مجھ پر کئی دن رہا اور میں کتنے دن ہی اندھے چھترپتی کو ڈھونڈ تا رہا تا کہ اپنے قصور کے لئے معافی مانگ سکوں لیکن اندھا چھترپتی مجھے کہیں نہ ملا۔ چند دن اور گذر گئے اور میں نے سنا کہ اندھا چھترپتی مر گیا۔ اس کی لاش شہر سے باہر دور ایک سڑک کے کنارے پائی گئی۔ کہتے ہیں اس کے گھٹنے کے زخم میں زہر پیدا ہو گیا تھا۔ جس سے وہ تڑپ تڑپ کر مر گیا۔

شام کے دھندلکے سے پہلے سیوا سمتی والوں نے اس کی لاش کو ایک پیلی سی دھوتی میں لپیٹ کر نذر آتش کر دیا

مجھے کتے نے کاٹا

بات میں سے بات نکل آتی ہے۔ اس لئے ممکن ہے آپ پوچھ بیٹھیں کہ عنوان "مجھے کتے نے کاٹا" کیبجائے "مجھے باؤلے کتے نے کاٹا" کیوں نہ سوچھا وہ اس ضمن میں یہ عرض ہے کہ مجھے آج تک بھی جب اس حادثہ کو گذرے ہوئے ایک مدت ہو چکی ہے، اس امر کا پتہ نہیں کہ وہ کتا جس نے مجھے کاٹ کھایا تھا۔ باولا بھی تھا کہ نہیں، دراصل باؤلے اور "غیر باؤلے" کتے میں اتنا ہی فرق ہے جتنا کہ ایک پاگل اور ذی ہوش انسان میں، یعنی دونوں میں تمیز کرنا بہت مشکل ہے، یہ امر صرف نہایت دشوار ہی نہیں بلکہ بسا اوقات ناقابل حل نفسیاتی الجھنوں کا حالم بھی ہوتا ہے خود میں اپنی زندگی کے کئی ایسے لمحے گن سکتا ہوں جب میں نے اپنے آپ کو بالکل پاگل متصور کیا ہے۔ اور بار ہا سڑک پر چلتے ہوئے میں نے اکثر شریف اجنبیوں کو مسکرا مسکرا کر اپنے آپ سے باتیں کرتے سنا ہے۔ یا اپنی چھڑی کو اس زور زور سے تہدیدی انداز میں ہلاتے ہوئے دیکھا ہے گویا کسی غیبی دشمن کے حملوں کا جواب دیا جا رہا ہے۔ اس وقت بشرے سے اتنی درشتی اور بربریت کا اظہار ہوتا ہے۔ کہ چوک میں کھڑا ہوا پولیس کا سپاہی بھی مشتبہ نگاہوں سے دیکھ دیکھ کر دل میں سوچتا ہے کہ کہیں یہ وہی پاگل خانہ سے بھاگا ہوا سودائی تو نہیں جس کا حلیہ میری ڈائری میں محفوظ ہے۔

چنانچہ جیسا کہ میں نے اوپر کہا ایک باؤلے اور ہوشمند کتے کی پہچان کافی مشکل ہے کم از کم عام انسانوں کے لئے ایک ڈاکٹر بھی تو کافی دیر کے بعد فیصلہ کر سکتا ہے۔ کہ کتا پاگل تھا کہ نہیں۔ اور اس دنیا میں ہر آدمی ڈاکٹر یا پاگل نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب بازار میں چلتے چلتے کتے نے مجھے کاٹ لیا، تو میں حیران سا رہ گیا اور پہلے چند لمحوں میں کچھ فیصلہ نہ کر سکا مجھے کیا کرنا چاہئے بات

یوں ہوئی کہ وہ شام ذرا غیر معمولی طور پر خنک تھی اور بڑے بازار میں بھی غیر معمولی رونق تھی۔ میں ایک بڑا، بھورا کوٹ لپیٹے ہوئے بڑے مزے لئے سگریٹ کے کش لگاتا ہوا جارہا تھا کہ یکایک ...... جیسے قصے کہانیوں میں اکثر ہوتا ہے ...... کسی کتے نے پیچھے سے آکر میری ٹانگ کو دبوچ لیا۔ ہاں خوب یاد آیا داہنی ٹانگ تھی اور میں گرم پتلون پہنے ہوئے تھا۔ کتے نے پہلے تو اپنے تیز تیز دانتوں سے پتلون کو پارہ پارہ کیا۔ پھر بڑھ کر گوشت پر بھی۔ جیسا کہ قصے کہانیوں میں اکثر لکھا جاتا ہے ...... "محبت کی مہر ثبت کردی اور سب کچھ اتنی پھرتی اور خاموشی سے ہوا کہ میں بھونچکا رسا رہ گیا۔ دوسرے لمحہ میں دیکھا تو کتا نظر سے غائب "یا مظہر العجائب"

اگلے چند ثانئے اسی بوکھلاہٹ میں گذر گئے۔ اس کے بعد خیال آیا کہ کتے کا پیچھا کروں اور اسے پکڑ کر اور مار مار کر اس کا کچومر نکال دوں ادھر دیکھا اُدھر دیکھا، شاید وہ اس موڑ کے پرے نرنجن داس کی دوکان کے قریب سے گھوم گیا تھا۔ مگر کدھر؟ پھر پتلون کے لٹکتے ہوئے ٹکڑوں کی طرف دیکھا اور اپنے درزی کے ہاں جانے کی صلاح کی، آخر بجلی کی سی سرعت کیساتھ خیال آیا کہ اگر کتا پاگل ہوا تو۔

نتیجہ یہ ہوا کہ میں رام بھیجا مل انگریزی دوا فروش کی دوکان پر پہنچا اور اس سے جلدی جلدی چند ٹوٹے پھوٹے جملوں من زخم پر دوا لگانے کو کہا۔ اس نے فوراً ایک تیز قسم کا کار بالک ایسڈ لگایا۔ پھر زخم پر پٹی باندھ دی اور میرے منہ میں ایک سفید سفوف سا پھینک کر کہا "لو اب دو گھونٹ گرم پانی کے پیو، کل بڑے ہسپتال چلے جانا اور ٹیکہ لگوانا، دیکھو ضرور"

میں دو دن متواتر غور کرتا رہا کہ بڑے ہسپتال جاکر ٹیکہ لگوانا مفید بھی ہوگا۔ چند دوستوں نے مشورہ دیا۔ ارے میاں! جانے دو، اول تو آج کل سردیوں کے دنوں میں کتے سرے سے پاگل ہوتے ہی نہیں اور اگر کوئی خدانخواستہ پاگل ہوا بھی تو اسے بڑے بازار میں کون پھرنے دے گا۔ پھر ٹیکہ لگوانا تو ایک بڑی زحمت ہے، کیا تم نے اسے آسان سمجھ رکھا ہے سارا پیٹ سوج جائے گا۔ ہمارے ہاں ساتھ کی کوٹھی میں ایک بوڑھے وکیل رہتے تھے۔ ان کے کتے نے ایک دن انہیں کھیلتے کھیلتے کاٹ کھایا تھا، بوڑھے وکیل صاحب نے پہلے تو کتے کو گولی کا نشانہ بنایا اور پھر خود ہسپتال میں ٹیکہ لگواتے پھرے، سارا پیٹ سوج گیا تھا۔ چھ مہینے بستر پر پڑے رہے آخر بوڑھے آدمی تھے مر گئے۔

بعض احباب نے کہا کیا واہیات ہے۔ ٹیکہ لگواتے پھرو گے، جانے دو، میاں جانے دو۔ لال مرچیں اور سرمہ پیس کر زخم پر لگایا کرو۔ چند دنوں میں آپ ہی آپ زخم سے سارا زہر رِس رِس کر بہہ جائے گا۔ بھلا جب ہمارے ملک میں ٹیکہ کا رواج نہ تھا تو کیا اس وقت اور کوئی شافی علاج نہ تھا۔ اونہہ۔

امجد نے کہا۔ بھئی میں تو کھری کھری کہوں گا چاہے کوئی ناراض ہی ہو جائے اصل بات تو یہ ہے کہ یہ بہت ہی نامراد مرض ہے۔ جب اس مرض کی سب علامات ظاہر ہو جائیں تو پھر مریض کبھی نہیں بچتا، ارے اس کا کاٹا تو پانی بھی نہیں مانگتا دراصل یہ ضرب المثل تو باؤلے کتوں پر صادق آتی ہے۔ نہ کہ بچارے سانپوں پر، ہمارے محلے میں ایک نوجوان کو کتے نے کاٹ کھایا تھا۔ بچارا اپنی ماں کا اکلوتا بیٹا تھا۔ دس پندرہ روز یونہی ہلدی پیاز لگاتا رہا پندرہویں روز واسے یکا یک بخار اور ہذیان ہو گیا۔ خدا کی قسم بستر میں پڑا پڑا چھت تک اچھل اچھل جاتا۔ میرے اللہ کتنا موذی مرض ہے، آدمی ہوا کا ایک جھونکا تک نہیں سہ سکتا سارا بدن کانپتا ہے۔ اور پانی...... ؟پانی مطلق نہیں پی سکتا...... دوسرے دن بے چارہ اس دنیا سے کوچ کر گیا" یہ کہ کر امجد نے اپنی آنکھیں اوپر چڑھالیں اور چھت کی طرف دیکھنے لگا۔

امجد کے اس بیان نے کہ "وہ بچارا چھت تک" اچھل اچھل کر جاتا تھا۔ مجھ پر بہت اثر کیا، میں نے تصور میں دیکھا کہ میں ہذیان میں پڑا ہوں اور چھت تک اچھل اچھل کر سر سے ٹکریں لگا رہا ہوں گھر والے، احباب، دوست، بیوی بچے سب روکتے ہیں۔ مگر میں کسی کے قابوں میں نہیں آتا۔ اب سر سے خون جاری ہو گیا ہے اب بھیجا بھی باہر نکل آیا ہے۔ میری جنازے کو لے جا رہے ہیں۔ یہ میری قبر ہے۔ مرمریں لوح پر سیاہ حرفوں استاد ذوق کا شعر لکھا ہے۔

سگِ دنیا پس از مردن بھی دامنگیر دنیا ہو
کہ اس کتے کی مٹی سے کتا گھاس پیدا ہو

بڑے ہسپتال جا کر دیکھا تو حیران رہ گیا مفلس وفادار کتوں کی جماعت کس طرح نوع انسان سے بدلہ لے رہی ہے۔ کتے وہی باؤلے ہوتے ہیں۔ جو اکثر بھوکے رہیں۔ جن کا مالک کوئی نہ ہو جنہیں ہر جگہ سے دھتکارا جائے، گرمیوں میں کوئی پانی پینے کو نہ دے۔ سردیوں میں کسی مکان کے گرم گوشے میں پناہ نہ مل سکے جسم پر خارش نکل آئے تو کہیں سے کوئی دوا دستیاب نہ

ہو، اس حالت میں اگر دماغ چل جائے تو کیا عجیب ہے، اگر وہ سوسائٹی سے بدلہ لینے پر تل نہ جائیں تو اور کیا کریں۔ معاً میرے دل میں خیال آیا کہ چاہے وہ کتا پاگل ہو چاہے نہ ہو ۔ اس میں تو کوئی کلام نہیں مجھے کاٹ کر وہ غیر شعوری طور پر انسانی سوسائٹی کے خلاف جس نے اس کی جنس کو غلام بنا دیا تھا۔ پرزور آواز بلند کر رہا تھا غلامی میں ہمیشہ چند افراد ہی خوش رہتے ہیں ۔ ورنہ اکثریت تو ہمیشہ بازاروں میں بھیک مانگتی دکھائی دیتی ہے بچارے کتے ۔!

ایک بڑے کمرے میں پرچیاں لکھی جا رہی تھیں ۔ اور سگ گزیدہ لوگوں کو اتنی بھیڑ تھی ۔ کہ میں نے سمجھا کہ میں بھول کر کسی الیکشن کیمپ میں گھس آیا ہوں ۔ مگر پھر فوراً ہی اطمینان ہو گیا ۔ جب میں نے میز پر پڑے ہوئے ایک صوتی آلہ کو دیکھا کہ جس سے ڈاکٹر لوگ مریضوں کی چھاتی ٹھونکا کرتے ہیں، کرسی پر بیٹھ کر پرچی لکھائی ۔ آپ کا نام، پتہ، ذات، انکم ٹیکس، یہ سب سوال اتنی جلدی سے کئے گئے کہ مجھے پھر شک ہو گیا کہ ہو نہ ہو، یہاں ووٹروں کی پرچیاں بنائی جا رہی ہیں ۔ جلدی اٹھ کھڑا ہوا ڈاکٹر صاحب نے فوراً پرچی ہاتھ میں دے کر کہا دوسرے کمرے میں ٹیکہ لگوائے، ادھر سے جائیے "آداب عرض" آداب عرض"

دوسرے کمرے کا دروازہ بند تھا۔ باہر برآمدے میں دو تین سو کے قریب آدمی بیٹھے ہوئے تھے ، دور دور سے لوگ آئے ہوئے تھے ۔ غریب زمیندار ، میلی پگڑیاں اور کالے تہمد باندھے ہوئے کسی بغل میں بقچہ ، کسی کے کاندھے پر چھوٹا سا بستر ، داڑھیاں خاک آلود مسکین و پامال سے چہرے جیسے کسی نے ٹھوکر مار مار کر مسخ کر دیئے ہوں ، بوڑھی عورتیں، روتے چلاتے ہوئے ننگے بچے، کوئی فرش پر اکڑوں بیٹھا تھا ۔ کوئی سامنے سبز سبز کیاریوں میں لیٹا ہوا کراہ رہا تھا۔ کمرہ کچھ توقف کے بعد کھلتا، چپراسی پرچی پر سے نام پڑھ کر زور سے آواز دیتا جیسے عدالت میں پیشی ہو رہی ہے ۔ کوئی لاٹھی ٹیکتا ہوا جاٹ اندر داخل ہو جاتا ، اور پھر دروازہ کھٹ سے بند ہو جاتا۔ مجھے کسی نے بتایا ، آج آپ کی باری نہیں آئے گی ۔ اور آئے گی بھی تو بہت دیر سے، اگر آپ صبح کو آ جائیں اور دوسرے دروازوں سے جو اس وارڈ کے دوسری طرف کھلتا ہے ۔ اس طرف سے داخل ہوں، وہ میرے خیال میں بہتر رہے گا۔

دوسرے دن صبح ہی اٹھ کر گیا۔ ابھی ڈاکٹر صاحب تشریف نہ لائے تھے کمرے میں ایک چپراسی آگ تاپ رہا تھا۔ ایک کمپونڈر ٹیکہ کی پچکاریوں کو سپرٹ سے صاف کر رہا تھا۔

چھوٹا ڈاکٹر یعنی ڈاکٹر کا نائب کانپتے ہوئے ہاتھوں سے رجسٹر پر کچھ درج کر رہا تھا۔

میں نے پوچھا۔ ''ڈاکٹر صاحب ابھی نہیں آئے''

کمپونڈر نے جواب دیا' وہ اُدھر عورتوں کے کمرے میں ٹیکے لگا رہے ہیں۔''

کچھ توقف کے بعد کمپونڈر نے چھوٹے ڈاکٹر سے نہایت مسکین لہجہ میں کہا۔ ''جی آج میرے چھوٹے لڑکے کو بخار چڑھے ہوئے پندرھواں روز ہے''

''ہونہہ۔! پندرھواں رزو؟' ڈاکٹر نے قلم چھوڑ کر ٹہلتے ہوئے کہا۔ ''کچھ مضائقہ نہیں سنبھال لیں گے'' یہ کہہ کر آپ آتشدان کے قریب ٹہلنے مں مشغول ہو گئے۔

چند لمحوں کے بعد آپ نے اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھیں کمپونڈر کے چہرے پر گاڑ دیں۔ اور اس سے پوچھا ''اچھا تو اسے بخار ہے، خوب، گویا کہ پندرھواں روز ہے؟ ہونہہ۔!''

اس کے بعد ایک طویل خاموشی۔ چپراسی گریۂ مسکین بنا ہوا آتشدان کے قریب آگ تاپتا رہا۔ کمپونڈر پچکاریاں صاف کر تا رہا چھوٹا ڈاکٹر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر فرش پر ٹہلتا رہا اس کے ہاتھ اس کی پتلون کی جیبوں میں تھے۔ آخر اس نے ہاتھ جیبوں سے نکال لئے اور دائیں ہاتھ کی چھنگلیاں کو دوسرے ہاتھ کے انگوٹھے پر رکھ کر کہنے لگا ''بخار؟ پندرھواں روز ...... کیا کھانسی بھی ہوتی ہے ؟

''جی نہیں'' کمپونڈر نے سپرٹ لیمپ جلاتے ہوئے جواب دیا۔

ڈاکٹر کی بھویں تن گئیں گویا کہ کہہ رہا تھا کتنی بری بات ہے بخار کے ساتھ کھانسی بھی نہیں ہے۔

ڈاکٹر بولا'' تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اسے نمونیا نہیں ہے''

''جی، بالکل نہیں'' کمپونڈر نے ٹیکہ کی ٹیوبوں (TUBES) کو گنتے ہوئے جواب دیا۔

''ایک، دو، تین، چار، بالکل نہیں، بات اصل میں یہ ہے کہ بڑے ڈاکٹر صاحب نے اسے دیکھا تھا کہنے لگے اسے تپ محرقہ ہے، ڈیڑھ ماہ کے بعد بخار اتریگا۔ دوائی بھی وہی دیتے ہیں۔ میں آپ سے گذارش کرنے والا تھا کہ ......''

چھوٹے ڈاکٹر نے جلدی سے کہا'' ٹھیک ٹھیک میں سمجھ گیا۔ آخر ہو سکتا ہے، بڑے بڑے ڈاکٹروں سے بھی تشخیص میں غلطیہو جاتی ہے۔ میں خود اسے چل کر دیکھ لونگا''

کمپونڈر نے کہا" آپ کی بہت نوازش ہوگی۔ مگر میرا مطلب یہ تھا کہ گو بڑے ڈاکٹر صاحب بہت مہربان ہیں، پھر بھی...... بات یہ ہے کہ میں چاہتا تھا کہ آپ بڑے ڈاکٹر صاحب سے میرے متعلق شفارش کر دیں۔ میں تین چار روز کی چھٹی چاہتا ہوں۔ لڑکا سخت بیمار ہے۔ گھر پر بیچاری بیوی بھی گھبرائی ہوئی ہے۔اور......"

"اوہ......" ڈاکٹر نے رنجیدہ ہو کر کہا" اوہ مگر، ہاں، ہاں، مگر بھئی، معاف کرنا۔ جب بڑے ڈاکٹر صاحب کو خود تمہارے لڑکے کی بیماری کا علم ہے تو تم خود ان ہی سے چھٹی مانگ لو اور نسخہ بھی تو ان ہی کا ہے، میں کیسے سفارش کر سکتا ہوں۔"

کمپونڈر نے سر جھکا لیا۔ڈاکٹر ٹہلنے لگا۔

اتنے میں ایک دروازہ کھلا، اور بڑے ڈاکٹر صاحب داخل ہوئے انکی مسکراہٹ ہی سے مترشح ہوتا تھا کہ یہی بڑے ڈاکٹر ہیں۔ ان کے پیچھے پیچھے ایک نرس داخل ہوئی۔ میں نے ٹوپی اٹھا کر اس طرح سلام کیا کہ دونوں خوش ہو جائیں۔دونوں خوش ہو گئے۔

ڈاکٹر صاحب نے مسکرا کر کہا" یہ پرچی ہے۔ مگر آپ کل نہیں آئے۔؟

نرس نے کہا۔"مگر زخم تو تھوڑا سا ہے۔یہ تو جلد ٹھیک ہو جائے گا"

"ہاں" ڈاکٹر صاحب نے کہا" زخم گو اتنا گہرا نہیں ہے، پھر بھی ٹیکے تو آپ کو پورے چودہ روز لگوانے پڑینگے"

"صرف چودہ رزو" میں نے نرس کے سرخ اور چمکیلے لبوں کی طرف دیکھ کر کہا۔

نرس مسکرادی، بڑے ڈاکٹر ہنس کر چھوٹے ڈاکٹر سے باتیں کرنے میں مشغول ہو گئے۔ چھوٹا ڈاکٹر کہہ رہا تھا۔ ہاجناب میں ابھی ابھی کمپونڈر ...... کہہ رہا تھا کہ بڑے ڈاکٹر صاحب کا نسخہ بہت ہی اعلیٰ ہے اور جناب تشخیص اس عمدگی سے کرتے ہیں کہ مرض کو جڑ سے پکڑ لیتے ہیں۔ جی ہاں، بالکل ٹھیک تپ محرقہ کے سوا اور کیا ہوگا، جی، بالکل ٹھیک، بجا فرمایا آپ نے، یہ چھٹی لے کیا کریگا۔ یہاں آ گے ہی کیا تھوڑا کام ہے۔ تین چار سو مریضوں کو روز دیکھنا پڑتا ہے۔"

اتنے میں دروازہ پھر کھلا، اور نیلی وردی پہنے ہوئے ایک چپراسی، اندر داخل ہوا اور بڑے ڈاکٹر صاحب سے مخاطب ہو کر کہنے لگا۔"حضور کو بڑے ڈاکٹر صاحب یاد کرتے ہیں۔" جب بڑے ڈاکٹر چلے گئے تو میں سوچنے لگا کتنی عجیب بات ہے اس دور مہاجنی میں ہر کوئی دوسرے سے بڑا

ہے چھوٹا ڈاکٹر، بڑا ڈاکٹر اور پھر اس سے بھی بڑا ڈاکٹر، کیا انسانوں کی غلامی کسی درجے پر پہنچ کر بھی ختم نہیں ہوتی ۔ کتنی عجیب بات ہے زندگی کے ہر شعبے میں۔

نرس بولی (انگریزی میں) "تم بڑے شریر ہو"

میں نے کہا (انگریزی میں) " میں بالکل معصوم ہوں، مجھے باؤلے کتے نے کاٹ کھایا ہے ۔میں دکھ کا مارا ہوں۔"

نرس نے مسکرا کر کہا "میں ان معصوم شراتوں کو خوب سمجھتی ہوں اچھی طرح"

میں نے کہا "تم بہت خوب صورت ہو، لو اب تو پیچھا چھوڑ دو یہی بات تم میرے منہ سے کہلوانا چاہتی تھیں!۔"

نرس "بالکل جھوٹ، میں تمہاری چالوں کو خوب سمجھتی ہوں" یہ کہہ کہ وہ میز کے قریب گئی اور پچکاریوں میں دوا بھرنے لگی۔

میں نے نرس سے پوچھا "بھلا، یہ و بتاؤ، اگر ایک دفعہ پورے ٹیلے لگوائے جائیں، تو اگر پھر کوئی کتا کاٹ لے تو کیا اس صورت میں دوبارہ ٹیکے ...... میں نے فقرہ نا تمام چھوڑ دیا۔

نرس تمہارا کیا ارادہ ہے۔ ؟ مجھے تم نیک آدمی معلوم ہوتے ہو کیا تم سارے شہر کے باؤلے کتوں سے اپنے آپ کو کٹوانے پر تیار ہو؟

میں:۔ یہ میں نے کب کہا۔؟

نرس:۔ تو پھر۔؟

میں:۔ میرا مطلب یہ تھا کہ آخر تمہارا بھی کوئی کتا ہو گا۔

نرس:۔ ہے۔ مگر وہ تمہاری طرح باؤلا نہیں۔

میں:۔ (جھینپ کر) اس کا نام کیا ہے؟

نرس:۔ ٹیڈی۔

میں:۔ کتنا بھونڈا سا نام ہے تمہیں نام رکھنے کا سلیقہ تو ہونا چاہیے۔

نرس:۔ شٹ اپ۔

پھر فوراً ہنس پڑی ۔ کہنے لگی۔ اپنی پرچی دکھاؤ، کتنی دوائی بھرنی ہے پانچ سی سی (CC) کہ سات۔؟

بڑے ڈاکٹر صاحب اندر داخل ہوئے (اب انہیں منجھلے ڈاکٹر صاحب کہا جائے تو زیادہ موزوں ہوگا) کہنے لگے "آیئے آپ کے ٹیکہ لگا دیں" ایک چٹکی میں پسلیوں کے قریب پچکاری کی سوئی گھونپ دی اور کہنے لگے "آپ کو تکلیف تو نہیں ہوئی"

میں نے ڈاکٹر صاحب کی طرف دیکھا۔ نرس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں اور فوراً جواب دیا "مطلق نہیں ڈاکٹر صاحب!"

ڈاکٹر صاحب نے پیٹ سے سوئی نکالتے ہوئے کہا "اور — میرا خیال ہے (کمپونڈر سے مخاطب ہو کر) تم نے پچکاری میں دوائی نہیں بھری) کیوں۔؟"

"جی۔" کمپونڈر نے ہچکچاتے ہوئے کہا "جی مجھے ٹھیک طرح سے یاد نہیں ہے شاید" نرس جلدی سے بولی "تو کوئی حرج نہیں۔ انہیں تکلیف تو مطلق ہوتی نہیں ہے۔ دوسری پچکاری کر دیجئے"

ڈاکٹر نے کہا "ہاں یہ درست ہے"

دوسرے انجیکشن کے بعد۔

میں نے ٹوپی اٹھائی اور کہا "گدمار ننگ ڈاکٹر صاحب" "نرس کو گڈ مار ننگ

ڈاکٹر صاحب (موٹی اور تھکی ہوئی آواز میں) "گڈ مار ننگ"

نرس:۔ گڈ مار ننگ"

اس کی آواز پتلی اور باریک تھی۔ جیسے دوائی پینے کے بلوریں گلاس کے ساتھ اک نقرئی چمچہ ٹکرا جائے۔

☆ ☆ ☆

کمرے سے نکل کر میں بڑے بڑے برآمدوں سے گزرتا ہوا ہسپتال کے اس عالیشان ایوان میں پہنچا۔ جس کے اوپر نیلے کلسوں والے گنبد کھڑے ہیں اور چاوراں دروازوں پر نیل وردیوں والے خدمت گار ایستادہ ہیں۔ اسی ایوان کے خوب صورت منقش چھت کے نیچے بوڑھا کسان اور اس کی بیوی چھوٹے ڈاکٹر کے آگے ہاتھ جوڑے ہوئے واپس جانے کا کرایہ

مانگ رہے تھے۔

چھوٹے ڈاکٹر نے ترش رو ہو کر کہا "مگر ایک دفعہ کہہ دیا کہ تمہارے کاغذات کلکٹر صاحب کو بھیج دیئے ہیں۔ تمہیں واپسی کا کرایہ مل جائے گا۔"

بوڑھے کسان نے آبدیدہ ہو کر کہا "صاحب! ہم یہاں بالکل ناواقف ہیں۔ ہم ہرگوئی سے آئے ہیں۔ یہاں ہمارا کون ہے۔ ہرگوئی میں صاحب نے کہا تھا کہ واپس جانے کا کرایہ یہاں سے مل جائے گا۔ چودہ دن میاں بیوی سرکار آپ کے سہارے ہی یہاں پڑے ٹیکے لگواتے رہے ہیں۔ اب واپس جانے کا کرایہ بھی آپ سے ہی مل جائے تو حضور کو دعائیں دیں گے۔"

ڈاکٹر نے جواب دیا "مگر بھائی کرایہ اتنی جلدی تمہیں کہاں سے دے دیں، ہم نے تمہارے کاغذات کلکٹر صاحب کو بھیج دیئے ہیں۔

"سرکار!" کسان نے کہا "ہم آج رات کہاں رہیں گے۔ روٹی کہاں سے کھائیں گے۔ ہرگوئی کے صاحب نے کہا تھا کہ یہاں سے واپس جانے کا کرایہ مل جائے گا۔"

ڈاکٹر جلدی سے بولا "پھر وہی کرایہ، کرایہ، کرایہ، ایک دفعہ جو کہہ دیا" اتنا کہہ کر وہ چلنے لگا، مجھے دیکھ کر اس کی بشاشت عود کر آئی۔ ہنس کر کہنے لگا "آپ ٹیکہ لگوالیا، بہت اچھا کیا، اب آپ کل تشریف لائیں گے نا۔ اچھا اچھا گڈ مارننگ۔"

"گڈ مارننگ۔"

میں جب ایوان سے باہر نکلا تو کسان کی بیوی اپنی دوہری کمر پر ہاتھ رکھے بوپلے منہ سے ایک دروازے پر کھڑی، خدمت گار سے پوچھ رہی تھی۔ "کیوں بیٹا، کچہری کدھر ہے؟"

☆ ☆ ☆

بات میں سے بات نکل آتی ہے۔ اسی شام کو بڑے بازار کے چوک کے قریب میں نے ایک بوڑھے آدمی اور بوڑھی عورت کو بھیک مانگتے دیکھا۔ میں اپنی دھن میں مست چلا جا رہا تھا۔ کہ معاً کسی نے سامنے سے دو ہاتھ پھیلا دیئے۔

بابا، پیسہ، ایک پیسہ۔

درد پر شکن ہتھیلیاں کانپ رہی تھی، میں نے نگاہ اٹھائی، یہ وہی بوڑھا کسان تھا جو لاٹھی ٹیکتا ہوا اپنی بیوی کو سہارا دیتا ہوا آہستہ آہستہ چل رہا تھا، آہ، یہ دو غریب معصوم سی روحیں کیوں اس مکر و فریب کی دنیا میں گھوم رہی تھیں۔! نکبت ویاس کے دو مٹتے ہوئے مرقعے تھے۔ ان کے لب بھیک مانگتے مانگتے سوکھ گئے تھے اور وہ اپنے کھیتوں سے بہت دور اس پردیس میں اکیلے تھے۔ بوڑھے کسان کی لرزتی ہوئی آواز میں نظر نہ آنیوالے آنسوؤں کا نم تھا اور وہ غریب عورت کسی صدیوں کی مصیبت کے وجہ سے جھکی جارہی تھی۔

میرے دل پر چھریاں سی چل گئیں۔ یکایک میرے ذہن میں خیال آیا کہ غریبوں کو بھیک مانگنا اتنی آسانی سے کیوں آجاتا ہے۔ مجھے ایسا احساس ہوا کہ ان کی بدنصیبی کا میں خود ذمہ دار تھا۔ شاید ق یہ میرا ہی افلاس تھا جو اس طرح دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے مجھ سے بھیک مانگ رہے تھا۔

بابا پیسہ، خدا کا واسطہ، ایک پیسہ۔،

میں ان کو پیسہ دینے کی بھی جرأت نہ کرسکا اور چپ چاپ ایک مجرم کی طرح سر جھکائے آگے بڑھ گیا۔

تالاب کی حسینہ

پہاڑی کے اوپر تالاب تھا۔ یہاں سے شہر کا منظر بہت دل فریب معلوم ہوتا۔ چھوٹا سا خوب صورت کوہستانی شہر، اس کے مکانوں کی ٹین کی چھتیں، دھوپ میں چاندنی کے تختوں کی طرح چمکتی ہوئی، شوالوں کے رنگین اور روپہلی کلس، سڑکیں جن پر اودے رنگ کی بجری بچھی ہوئی تھی۔ اور جن کے گرد دو رویہ شمشاد اور سرد کے درخت کا ایستادہ تھے اس کے باغات جو آڑو، پلم اور خوبانیوں سے لدے ہوئے تھے۔ ان سب نے مل کر اس چھوٹی سی وادی کے حسن کو فروزاں تر کر دیا تھا۔ شمال مغرب کے سلسلہ ہائے کوہ پر ایک ہلکی، لطیف سی دھند چھائی ہوئی تھی۔ صنوبر، کاؤ اور دیودار کے گھنے درخت اس سپید دھند کی چادر میں لپٹے ہوئے تھے۔ پہاڑی کے قدموں میں یوکلپٹس کے درختوں کا ایک بڑا سا جھنڈ ایک لمبے سے کھیت پر سایہ کر رہا تھا۔ کھیت کے درمیان ہل میں جتے ہوئے دو بیل تھے۔ اور اتنی بلندی پر سے دو خوب صورت کھلونوں کی طرح دکھائی دیتے تھے۔ میں نے ان بیلوں کی طرف دیکھتے ہوئے تالاب کے چوکیدار سے کہا ”فیروز بہت افسوس ہے، بہت ہی افسوس ہے۔ جب ہم نے یہ منحوس خبر سنی جب...... ہاں، پرسوں شام کو میں ڈاکٹر ساجد کے ہاں بیٹھا ہوا تھا کہ کسی نے مجھے بتایا کہ فیروز کا لڑکا تالاب میں ڈوب کر مر گیا ہے۔ کیا بتاؤں یہ سنکر کتنا رنج ہوا، اسی وجہ سے ہم سب (اپنے ساتھیوں کی طرف اشارہ کر کے) کل یہاں تیرنے کو نہیں آئے تھے۔ ایک دو بار جی میں آیا کہ چلو چلیں، شاید ہماری چند رسمی باتوں سے تمہارے دل کو کچھ تسکین پہنچ سکے، مگر ہماری طبیعتیں ہی کچھ اس قدر افسردہ اور رنجور سی ہو گئی تھیں کہ ادھر پاؤں ہی نہ اٹھے۔

فیروز نے چنار کی ایک ٹہنی کا سہارا لیتے ہوئے کہا ”ٹھیک کہتے ہو بابو جی کل سے میں

سوچتا تھا۔ کہ بابو جی کیوں نہیں آئے، میں غریب ہوں مگر پھر بھی مجھے امید تھی کہ آپ ضرور افسوس ظاہر کرنے آئیں گے۔اور میری ڈھارس بندھائیں گے۔"

جگدیش بولا"بس یہی بات تھی (میری طرف اشارہ کر کے) جو انہوں نے بیان کر دی۔"

دت نے کہا"ہاں ہاں، بھلانہ آنے کی اور کیا وجہ ہو سکتی تھی"

سرجیت نے پوچھا۔"مگر یہ ہوا کیسے؟"

فیروز نے ایک آہ بھر کر کہا "یہ کیونکر بتاؤں کہ یہ کیسے ہوا؟ کس طرح میرا ننہا منا لال آنکھوں دیکھتے دیکھتے ہمیشہ کے لئے نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ میں ابھی تک اس امر کو سمجھ نہیں سکا کہ اسے موت کیوں کر آ گئی۔ بھلا یہ بھی کوئی موت ہے۔ اگر اسے مرنا ہی تھا تو پہلے بیمار ہوا، میں اس کا علاج کرتا، اسے ڈاکٹروں حکیموں، عطائیوں ہپاریوں کے پاس اٹھائے اٹھائے پھرتا، ان سے ہاتھ باندھ کر عرض کرتا، خدارا میرے بچے کا اچھی طرح علاج کرو۔ ہم دونوں میاں بیوی بیماری کی راتیں جاگ جاگ کر کاٹتے۔ سارا دن اس کے سرہانے بیٹھے رہتے، اسکی ذرا ذرا سی فرمائش کو پورا کرنے کی کوشش کرتے، وہ کتنے ہی دنوں سے ربڑ کا کھلونا مانگ رہا تھا۔ہائے میں نے اسے کیوں نہ لا کر دیا۔ میں نے اسے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ اگلی تنخواہ کے آنے پر تجھے لے دونگا۔ کیا پتہ تھا کہ جب اگلی تنخواہ آئے گی میرا بیٹا کھلونا مانگنے کے لئے یہاں موجود نہ ہو گا۔دل چاہتا ہے، میں وہ ربڑ کا کھلونا جو اسے اس قدر پسند تھا۔ خریدلوں اور اپنے بیٹے کی قبر پر جا کر رکھدوں اور اس سے کہوں اٹھو، بیٹا منظور، تمہارا باپ تمہارے لئے ربڑ کا پیارا سا کھلونا لایا ہے، کیا وہ میری بات نہ سنے گا۔ بابو جی؟"

ہماری آنکھوں میں آنسو آگئے ہم نے جلدی سے کپڑے اتارے اور غسل کا لباس پہننا شروع کر دیا۔

سرجیت بولا" کے سال کا تھا منظور" یہی دو ڈھائی، تین سال کا ہوگا۔ چھوٹا سا تو تھا ہی۔"

فیروز بولا۔"ہاں بابو جی، بس اتنی ہی عمر کا ہوگا۔ مگر کتنا پیارا بچہ تھا۔ آپ نے دیکھا تھا نا سانولا رنگ، موٹے موٹے ہاتھ پاؤں، اس کی ماں سعیدہ نے اسے کتنی تکلیفوں سے پایا تھا۔ کتنے

ہی پیروں، فقیروں سے گنڈے تعویذ لئے منتیں مانیں۔ تب جاکر گھر کا لال ہاتھ آیا۔ یہ پتہ نہ تھا کہ اتنی جلدی ہمیں جدائی کا داغ دے جائے گا۔ بس حیرت ہے تو یہی، ایمان سے کہتا ہوں۔ بابو جی میرے کلیجے میں بس یہی ناسور ہے وہ بیمار ہوتا۔ میری آنکھوں کے سامنے کمزور ہوتا۔ میری آنکھوں کے سامنے اپنی ماں کی جھولی میں جان دیتا ۔ پھر میں اسے کفناتا، دفناتا تو مجھے افسوس نہ ہوتا۔ مگر یہ کیا ہوا کہ میں یہاں (تالاب کے عین اوپر ایک مکان کی طرف اشارہ کرکے) اپنے مکان کے صحن میں کھڑا دور پگڈنڈی پر جاتے ہوئے ان خوش پوش بے فکر نوجوانوں کی طرف دیکھ رہا تھا جو گاتے ناچتے ہوئے بیساکھی کے میلہ پر جا رہے تھے۔ یہاں، تالاب میں غربی سمت پر چند سکھ لڑکے نہا رہے تھے ادھر دوسری طرف چند عورتیں کپڑے دھو رہی تھیں۔ منظور کی ماں سعیدہ صحن میں چولھے پر مکی کی روٹیاں پکا رہی تھی۔ منظور اس کے پاس کھڑا توتلی آواز میں کہہ رہا تھا۔ اماں آنی، اماں اوتی، سعیدہ کی ماں کھاٹ پر بیٹھی چائے پی رہی تھی۔ پھر پتہ نہیں کس وقت منظور اپنی ماں کے پاس سے اٹھ کر چلا گیا۔ کپڑے دھوتی ہوئی عورتوں کو چھواچھو، نہاتے ہوئے سکھ لڑکوں کے قہقہے بیساکھی کے میلے کو جاتے ہوئے جاتریوں کا شور و غل بس ہم نے ان چند منٹ کے لئے منظور کو اپنے دل سے بھلا دیا۔ کچھ دیر بعد میں نے تالاب کے کنارے سے کسی کو کہتے ہوئے سنا وہ لکڑی سی کیسی تیر رہی ہے۔ اس کے بعد "ارے، پھر......" "یہ تو کسی کی لاش ہے۔" پھر کسی نے کہا "بچہ!" میں بھاگتا ہوا کنارے کی طرح گیا۔ کسی نے ہاتھ پاؤں چھو کر کہا۔ "مر گیا" (چھاتی پر دو ہتڑ مار کر) ہائے۔!!"

جگدیش:۔ صبر کرو فیروز صبر کرو۔!

فروز:۔ بابو جی صبر کروں تو کیسے، آنکھوں کے آگے اس کی بھولی بھالی صورت ہے۔ اب ہمارے لئے اس کی یاد کے سوا اور کیا رہ گیا ہے۔ (جیب میں ہاتھ ڈال دیتا) اور یا یہ ...... (جیب سے ہاتھ نکال کر) ...... یہ پتلی سی مسواک۔ یہ مسواک اور ایک چھوٹی سی مٹی کی پیالی، میں نے یہ دونوں چیزیں اس چھوٹی سی نہر کے کنارے پائیں جو اس تالاب کو پانی مہیا کرتی ہے وہ صحن سے اتر کر نہر کی ان سیڑھیوں کی طرف آیا ہوگا۔ آہستہ آہستہ اس نے جھک کر مٹی کی پیالی میں پانی بھرا ہوگا۔ مسواک کو زمین پر رکھ کر اس نے نہر میں ہاتھ ڈال کر پانی سے کلی کرنے کی کوشش کی ہوگی۔ پھر وہ یکایک پھسل گیا ہوگا۔ پانی میں ہلکا سا شور بھی پیدا ہوا ہوگا۔ اس نے چیخنے کی کوشش

بھی کی ہوگی۔ تالاب کے کنارے تک جاتے جاتے اس نے ہاتھ پاؤں بھی مارے ہوں گے۔ مگر آہ، میری آنکھوں نے کچھ نہ دیکھا۔ نہ کانوں نے سنا۔ سوئے ان گیتوں کے جو راہ گیر گا رہے تھے۔ سعیدہ روٹی پکاتی رہی، بڑی اماں کھاٹ پر چائے پیتی رہیں۔ اور اس نہر کے کنارے ہماری آنکھوں کے سامنے...... ہائے...... ہائے، بابو جی، صبر کیسے آئے؟"

سرجیت:۔ یہ مشیتِ ایزدی تھی۔ اس میں کسی کا کیا دخل، خدا نے تمہیں دیا، اسی نے لے لیا۔ تمہارا اس پر اتنا ہی حق تھا۔

فیروز:۔ سچ ہے بابو جی' انسان کیا کر سکتا ہے۔؟

دت:۔ کیسا پیارا بچہ تھا، جگدیش، تمہیں یاد ہے وہ دن، وہ اس نہر کے کنارے اپنی چھوٹی سی قمیص دھو رہا تھا۔ کتنا پیارا معلوم ہوتا تھا۔ یاد ہے میں نے تم سے کہا تھا، اس وقت کیمرہ ہوتا تو اس کی تصویر کھینچ لیتے اور انعامی مقابلے کے لئے بھیجتے۔

سعیدہ جواب تک پاس کھڑ چپ چاپ سب باتیں سن رہی تھی اور آنچل سے آنسو پونچھتی جاتی تھی۔ بھرائی وئی آواز میں بولی "بابو جی، کنور لوک ناتھ سنگھ جیجو ڈاک بنگلے کے قریب ایک کوٹھی میں رہتے ہیں۔ انہوں نے ایک بار منظور کی تصویر کھینچی تھی۔ ہم نے کئی بار ان سے وہ تصویر مانگی ہے مگر وہ دیتے نہیں اگر آپ ان سے کہیں تو"

جگدیش بولا۔ بہت اچھا سعیدہ' میں ضرور ان ے کہوں گا۔ امید ہے وہ تصویر دے دیں گے۔

☆ ☆ ☆

اب ہم سب غسل کا لباس پہن کر تالاب ک ے کنارے پر پہنچ چکے تھے۔ تالاب کی وسیع چادر آب ہمارے سامنے تھی۔ جس پر کہیں۔ کہیں نیلوفر کے پھول کھلے ہوئے تھے۔ میں ہاتھ پھیلا کر ایڑیاں اٹھا کر غوطہ زن ہونے کو تھا کہ سرجیت نے آہستہ سے میرے کان میں انگریزی زبان میں کہا "پیچھے دیکھو!"

میں نے مڑ کر دیکھا، چنارے کے درخت کے قریب، جنگلی گلاب کی بیلوں کے درمیان ایک لڑکی کھڑی تھی ۔ سرو کی خوش قامت اور جنگلی گلاب کے پھول کی طرح خوب

صورت اور ناز انداز، اس کی کلائیاں اوپر اٹھی ہوئی تھیں۔ اور سر پر رکھی ہوئی تھی مٹی کی گاگر کو تھامے ہوئے تھیں۔ سعیدہ اس کے پاکی اشاروں میں اسے کچھ کہہ رہی تھی۔ وہ کتنی نازک تھی بانکے ترچھے دلآویز نقش، کیا ایک عورت بھی اس قدر حسن ہو سکتی ہے۔ مجھے احساس ہوا۔ یہ عورت نہیں چغتائی کی ایک تصویر ہے۔

میں نے سرجیت پوچھا" یہ کون ہے؟"

سرجیت نے استعجاب ظاہر کرتے ہوئے کہا" تم نہیں جانتے، یہ کون ہے حیرت ہے۔ یہ ایک کمہاری ہے اور پر تالاب کے اس پار (انگلی سے اشارہ کر کے) وہ جو گھر ہے نا، کچا سا، وہاں رہتی ہے ۔ سب جج صاحب کا لڑکا جو یہاں نہانے کے لئے آیا کرتا ہے، اس نے اس کا نام " تالاب کی حسینہ " رکھ دیا ہے۔

" تالاب کی حسینہ...... تالاب کی حسینہ......"میں نے دوہراتے ہوئے کہا۔

"اچھا تو یہ سعیدہ اسے کیسے اشارہ کر رہی ہے۔"

"بچاری غریب لڑکی گونگی ہے نا"

"اوہ......"میں نے آہستہ سے کہا۔

"یکایک میرے دل میں خیال آیا۔ یہ لڑکی گونگی ہے یہ تو بہت ہی اچھا ہے، کیا کسی نے چغتائی کی تصویر کو بولتے دیکھا ہے، اگر تصویر، خاموش تصویر بول اٹھے، تو اس کی آدھی شعریت، رنگینی اور سحر پروری فنا ہو جائے، کاش دنیا کی تمام حسین عورتیں گونگی ہوتیں۔"

ہم سب کی نظریں اپنی طرف گڑی دیکھ کر وہ لڑکی حیران سی ہو گئی۔ اس نے اپنی بڑی بڑی وحشی ہرنیوں والی آنکھوں سے ہماری طرف دیکھا، وہ گھبرا کر ٹھٹک سی گئی، اس نے اپنا رخ ہماری طرف سے پھیر لیا۔ کانوں میں پڑے ہوئے موتیا کے آویزے یکایک سورج کی کرنوں میں چمک اٹھے۔ اس نے سعیدہ کی طرف دیکھ کر سر کو ایک خفیف سی جنبش دی، مٹی کی گاگر میں ایک خفیف سا ارتعاش پیدا ہوا۔ پاؤں کی جھانجیں بجنے لگیں۔ ساکن تصویر میں زندگی کی لہر دوڑ گئی۔ وہ آہستہ آہستہ پگڈنڈی پر سے نیچے اترنے لگی۔

میں نے یکایک کہا۔

"تم جانتے ہو سرجیت! ہندوستانی رقص کی ایجاد کیسے ہوئی؟۔"

"نہیں، کیوں؟"

میں نے پگڈنڈی پر سے نیچے اترتی ہوئی لڑکی کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

"وہ دیکھو، ایک مٹی کی گاگر اٹھائے ہوئے دوشیزہ اور ٹخنوں پر بجتی ہوئی جھانجنیں، یہی ہندوستانی کی رقص کی ابتدا اور انتہا ہے۔"

جگدیش نے ہنستے ہوئے کہا۔

"میرا خیال ہے تم اس غریب لڑکی کو نگاہوں سے نگل جاؤ گے۔ کیسی گرسنہ نگاہوں سے دیکھ رہے ہو۔ اب نہاتے بھی ہو کہ دوں میں تمہیں پانی میں ایک غوطہ"

اتنا کہہ کر جگدیش نے شانے پھیلا کر، ایڑیاں اٹھا کر ہوا میں ابابیل کی طرح ایک زقند بھری اور دوسرے لمحہ مین وہ پانی میں دھم سے غوطہ زن ہو گیا۔

اس کے بعد دھم، دھم ہم سب پانی میں کود پڑے اور فضا بلند قہقہوں سے معمور ہو گئی، سطح آب پر بازوؤں کے تیز تیز چپو چل رہے تھے۔ ایک دوسرے پر پانی اچھالا جا رہا تھا، نیلو فر کے پھول توڑ توڑ کر ایک دوسرے کی طرف پھینکے جا رہے تھے۔ دت بار بار منہ میں پانی بھر کر زور سے کلیاں کر تا تھا۔ سرجیت کو تیرنا کم آتا تھا۔ اس لئے وہ سب سے الگ تھلگ آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں مار کر تیرنے کی مشق بہم پہنچا رہا تھا۔ جگدیش اس کے قریب گیا اور اس کے سر کو اپنے بازوؤں میں تھام کر پیار سے بولا۔

"ایں دفتر بے معنی (ایک ڈبکی لیکر) غرق مے آب اولے" سرجیت چلانے لگا۔ کنارے پر فیروز کھڑا افسردہ نگاہوں سے تالاب کے پانی کی طرف دیکھ رہا تھا۔

☆ ☆ ☆

فیروز کی اداس نگاہیں میرے دل میں ایک عجیب خلش پیدا کر رہی تھیں۔ تیرتے تیرتے میں نے سوچا کہ اس زندگی کے بے پایاں تالاب میں ہمیشہ یونہی ہوتا رہے گا۔ یہاں ہنسی کی لہریں ہیں۔ اور موت کے چھینٹے بھی، اور پھر کبھی کبھی کوئی خوب صورت کمہاری۔

مسافر نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی، آسمان کے گہرے نیلے سمندر میں بادلوں کے سفید سفید ٹکڑے برف کے بڑے بڑے تودوں کی طرح تیر رہے تھے۔ اور ان کے قریب چیلیں منڈلا رہی تھیں "چیلیں۔؟" اس نے ہانپ کر اپنے ماتھے پر سے پسینہ پونچھا۔ اب کوئی گاؤں قریب ہی ہوگا۔ چیلیں انسانی آبادی کا نشانہ ہیں۔ اس نے دل میں سوچا گدھ، کوے، چیلیں، انسان، ان جانوروں کی صفات ایک دوسرے سے بہت ملتی جلتی ہیں، اسی طرح سوچتا ہوا، عالم حیوانات کی خصوصیات کے متعلق مختلف نظریئے قائم کرتا ہوا وہ بہت سا راستہ طے کر گیا۔ کئی جگہ ترچھی ڈھلانیں تھی۔ کئی جگہ اونچی گھاٹیاں تھیں۔ جن کے دام میں کھڑے ہوئے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان کی چوٹیوں پر بادلوں کے محل بنے ہیں۔ مگر جب وہ گھاٹی کی چوٹی پر پہنچا، تو بادلوں کا محل یکایک اوپر اٹھ کر آسمان میں متعلق ہو جاتا۔ اس دنیا میں کتنا دھوکا ہے۔ مسافر کے تخیل نے اب دوسری پگڈنڈی اختیار کی۔ مہاتما بدھ نے ٹھیک کہا تھا، قدرت ایک سراب ہے۔ اس نے پھر نگاہ اٹھا کر دور آسمان میں تیرتے ہوئے بادلوں کو دیکھا۔ سپید، براق۔ چمکتے ہوئے لاکھوں تاج محل تھے۔ اور چاروں طرف جمنا کا نیلا پانی پھیلا ہوا تھا۔ اس نے سوچا۔ ان مرمریں محلوں کو کس شاہجہاں نے بنایا ہے؟ اور کس محبوب کی یاد میں؟

مسافر اسی طرح اپنے دل سے باتیں کرتا ہوا بہت دور نکل گیا۔ اب ہوا میں خنکی سی آگئی تھی۔ اور سورج مغرب کی طرف جا رہا تھا۔ سامنے پہاڑوں پر صنوبروں کے خاموش جنگل کھڑے تھے۔ جن کا گہرا سبز رنگ ڈوبتے ہوئے سورج کی شعاعوں میں ہلکا ارغوانی سا ہو رہا تھا۔ یہ

رنگ آخر ہے کیا؟ نیلا پیلا، سبز، ارغوانی اور پھر ایک ہی قوس و قزح میں ساتوں رنگ، یا شبنم کے ایک ہی قطرے میں پوری قوس و قزح، عجیب بات ہے۔ یہ کیسی دنیا ہے۔ میں کہا، جارہا ہوں اور وہ گاؤں ابھی تک کیوں نہیں آیا؟

وہ کاندھے پر پڑے ہوئے جھولے کو درست کر کے اپنی چھڑ کو زمین پر ٹیک کر راستہ میں کھڑا ہو گیا۔ اور سرسری نگاہوں سے چاروں طرف دیکھنے لگا۔ خاموشی گہری خاموشی اور پھر یکایک گھنٹیوں کی پر شور صدا، اسے یوں معلوم ہوا تھا کہ لاکھوں مندر اور کلیساؤں کے گھنٹے ایک دم جھنجھنا اٹھے ہیں۔ مسافر کا خیر مقدم کرنے کے لئے ان کی آواز نے وادی کے خاموش طلسم کو توڑ دیا۔ یہ آواز بڑھ کر فضا میں پھیل گئی۔ اوپر اٹھے ہوئے بادلوں سے ٹکراتی ہوئی معلوم ہوئی اور پھر گھوم گھوم کر مغرب کی سمت سے آتی ہوئی معلوم ہوئی۔ مغربی موڑ سے بھیڑوں بکریوں، گایوں بھینسوں، مینڈھوں کا ایک ریوڑ نکل رہا تھا۔ مسافر راستہ چھوڑ کر ایک طرف اونچا سے ٹیلے پر کھڑا ہو گیا۔

ہا، ہُش، بلی۔ ہاہا۔ ہُش ہاہا، نیلتی۔ ہاہا، بلی، ہی ہی،

نیلتی اور بلی دو خوب صورت بچھڑیاں واپس گھر جانے کی خوشی میں ہرن کی طرح قلانچیں بھر رہی تھیں۔ اور بچاری چرواہی کو انہیں ریوڑ کے ساتھ رکھنے میں بہت وقت محسوس ہو رہی تھی۔ نیلتی کبھی بھیڑوں کے گلے میں گھس جاتی اور انہیں اتنا پریشان کرتی کہ وہ "بے با" کرتی ہوئی تتر بتر ہو جاتیں۔ اور سارے ریوڑ کے نظام کو جو کسی تربیت یافتہ فوج کی باقاعدگی کے ساتھ چل رہا تھا۔ توڑ دیتیں۔ بلی ناچتی کودتی ہوئی بکریوں کے قریب جاتی اور انہیں دھکے مار مار کر آس پاس کے ٹیلوں پر چڑھا دیتی۔ بڑی بوڑھی گائیں اور بھینسیں نہایت اطمینان سے اور قدرے حقارت سے یہ منظر دیکھتی جاتی تھیں۔ گویا کہہ رہی تھیں۔ "کرلے، دو دن اور عیش، پر وہ دن بھی آئے گا جب تیر پچھلی لاتوں کو باندھ کر تیرا دودھ دوہا جائے گا۔ اس وقت اچھلنا، پھر تیری چال بھی ہماری طرح بے ڈھنگی۔ ہو کر رہ جائے گی اب جی بھر کر مست ہرنی کی طرح قلانچیں بھر لے۔"

نیلتی اچھلتی ہوئی مسافر کے قریب آگئی اس کے گلے میں بندھی ہوئی گھنٹیوں کی خوش آئندہ آواز اس کے ناچتے ہوئے قدموں کے لئے گھنگروؤں کا۔ کام دے رہی تھی۔ پھر اپنے اگلے

پاؤں ٹیلے پر ٹیک کر وہ مسافر کے پاؤں سونگھنے لگی۔ جیسے جنگل میں گھاس کے کسی خوشے کو سونگھ رہی ہو۔ ’’نیلتی، ہارا‘‘ چرواہی نے اپنی پتلی آواز میں چلا کر کہا۔ اس کی آواز بھی ایک گھنٹی سے مشابہ بھی ۔ مگر حسین نیلتی نے کوئی پروانہ کی، شاید شوخی سے یا شرارت سے بچاری چرواہی کو تنگ کرنے کے لئے‘‘ وہ مسافر کا بوٹ چاٹنے لگی۔

’’نیلتی ہاہا، ہش، نیلتی ہی۔!‘‘ وہ پھر چلائی۔

چرواہی مسافر کے بالکل قریب آگئی، اور سونٹے سے نیلتی کو سزا دینے لگی۔ بچاری تنگ آگئی تھی۔ چہرے پر پسینے کے قطرے تھے۔ اور گال بھی غصہ سے تمتمائے ہئے تھے۔ نیلتی کو پرے ہٹا کر اس نے نڈر نگاہوں سے مسافر کی طرف تاکا ’’راہی کو کو؟‘‘ اراہی۔ راہرو۔ کدھر جارہے ہو ۔)اس نے پہاڑی زبان میں مسافر سے پوچھا۔

مسافر مسکرادیا پھر کہنے لگا۔ ’’یہ نیلتی کتنی شریر ہے۔؟‘‘

چرواہی کے چہرے سے ترشی جاتی رہی۔ وہ نیلتی کی طرف جو کمبخت مار کھا کر بھی ناچتی بھاگتی ہوئی جارہیتھی۔ پیار کی نگاہوں سے دیکھ کر بولی ’’ہاں، ابھی تین سال بھی اس کی عمر نہیں‘‘

’’ہم...... اور تمہاری عمر کتنی ہے۔؟‘‘

چرواہی نے ایک لمحہ کے لئے مسافر کی طرف حیران نگاہوں سے دیکھا دوسرے لمحہ میں اس کا چہرہ شرم سے لال ہوگیا۔ اس نے منہ پھیر لیا۔ اور ریوڑ کے ساتھ ساتھ چلنے لگی۔ وہ گایوں کی پیٹھ پر ہلکے ہلکے سونٹے مار رہی تھی۔

مسافر ٹیلے سے اتر کر چرواہی کے ساتھ ہولیا۔ اور اس کا سونٹا چھین کر کہنے لگا۔

معلوم ہوتا ہے آج تمہارا بڑا بھائی تمہارے ساتھ نہیں آیا جب ہی تو ریوڑ چرانے میں تمہیں اتنی تکلیف ہوئی ہے۔ اب دیکھو میں ریوڑ سنبھالتا ہوں۔ اور تم ایک شرف ننھی لڑکی کی طرح پیچھے چلی آؤ۔ میں تھکا ہوا ہوں۔ مجھے بہت دور جانا ہے۔ سورج غروب ہونے کو ہے۔ کتنی دور ہے تمہارا گاؤں، یہ ہم واپس کدھر جارہے ہیں۔‘‘

چرواہی نے ہنستے ہوئے کہا ’’گاؤں تو تم پیچھے چھوڑ آئے تھے۔ اسی لئے واپس جارہے ہو۔ وہ دیکھو نا۔ اس گھاٹی کے قریب (انگلی اٹھا کر) وہ رہا ہمارا گاؤں‘‘

’’کیا نام ہے؟‘‘

چرواہی نے جلدی سے جواب دیا" سارو۔"
مسافر نے چرواہی کی طرف دیکھ کر کہا" کہنے کو تھا تمہارا نام کیا ہے۔"
"میرا...... میرا نام آنگی ہے (آنگی نے رکتے رکتے جوابدیا)...... تم کہاں سے آرہے ہو۔؟"

مسافر نے جیسے کچھ سنا ہی نہیں، زور زور سے ریوڑ کو آوازیں دینے میں مصروف ہو گیا۔
"ہُش ہاہا، نیلتی، آنگی ہاہا، بلی آہا۔"
آنگی ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئی ۔اچھا تو گویا میں بھی ایک بچھیا ہوں او ہو ہو...... میں ہنستے ہنستے مر جاؤں گی۔ یہ راہی کتنا عجیب ہے۔...... ہاہا...... تم تو ریوڑ کو بھی قابو میں نہیں رکھ سکتے، ادھر لاؤ سونٹا۔"

اور چرواہی نے ہنستے ہنستے مسافر سے سونٹا چھین لیا۔
مسافر کو سارو گاؤں بہت پسند آیا۔ بس کوئی بیس پچیس کچے گھر تھے۔ سپید مٹی (کھریا) سے لپے ہوئے، ناشپاتیوں ۔ کیلوں اور سیبوں کے درختوں سے گھر ہوئے، سیب کے درختوں میں پھول آئے ہوئے تھے۔ کچی، سبز چھوٹی چھوٹی ناشپاتیاں لٹک رہی تھیں۔ اور کھیت مکی کے پودوں سے ہری مخمل بنے ہوئے تھے۔ کیلوں کے ایک بڑے جھنڈ کی آغوش میں گنگناتا ہوا نیلا جھرنا تھا۔ اور اس سے پرے ایک چھوٹا سا میدان تھا۔ جس کے وسط میں منو کا قد آور درخت اپنی شاخیں پھیلائے ہوئے کھڑا تھا۔ اس کا سایہ اتنا لمبا ہو گیا تھا کہ پرے اور نیچے بہتی ہوئی ندی کے کنارے تک پہنچ رہا تھا۔ ندی چھوٹی سی، کسی نازک پتلی سی ناگن کی طرح بل کھاتی ہوئی شمال مشرق کے برفیلے پہاڑوں سے آرہی تھی۔ اور ڈوبے ہوئے آفتاب کے پیچھے پیچھے بھاگ رہی تھی ۔ نظر کے آخری نقطے پر وہ دو پہاڑوں کے پتلے کناروں سے گزرتی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ جہاں اب سورج چمک رہا تھا۔ اس کے پرے مسافر کا دیس تھا۔ وہ وہاں کب واپس جائے گا؟ کیا وہ کبھی واپس جاسکے گا؟ یہاں کتنا سکون ہے۔ آرام، زندگی، موت، تینوں نیمل کر یہ خوشنما وادی سی بنا ڈالی یکایک اس کی آنکھوں کے آگے ریل گاڑی کے گھومتے ہوئے پہیے اچھلنے لگے۔ یہ کیسا شور ہے۔ یہ انسان موت سے بھی بڑھ کر خاموشی" سے کیوں اتنا ڈرتے ہیں۔ ہر وقت شور مچاتے ہیں۔ گلا پھاڑ کر چلاتے ہیں۔ کس لئے؟ یہاں کتنا سکوت ہے۔ امن، حسن، راحت، نیچے پگڈنڈی پر

، ندی کیے کنارے سے آنگی کسی بے فکر ہرنی کی طرح قدم رکھتی آ رہی تھی کاندھے۔ پر پتلی سی سونٹی تھی۔ لبوں پر ایک بے معنی سا گیت، پاؤں ننگے تھے۔ لیکن چال پر ایک خاموش موسیقیت کا شبہ ہوتا تھا۔ مسافر نے اپنی کتاب بند کر دی اور آنگی کی طرف دیکھتے ہوئے سوچنے لگا۔ کاش وہ مصور ہوتا، کتنی خوب صورت تصویر ہے۔ کتنا دلکش پس منظر آنگی کے ہلتے ہوئے سڈول مگر مضبوط بازو اس کی کمر کا متناسب خم، اچھا تو وہ سنگتراش ہی ہوتا۔ دنیا میں کسی کی آرزوئیں پوری نہیں ہوتیں۔ ورنہ وہ ایک ایسا مجسمہ تیار کیا کہ یونانی صنم گر بھی ششدر رہ جاتے اتنے میں آنگی نے اسے دیکھ لیا عجیب بات ہے۔ وہ کیوں ٹھٹک کر کھڑی ہو گئی ہے۔ اس کے لبوں پر بے معنی گیت کیوں رک گیا۔ ہے۔ وہ سونٹی سے زمین پر کیا لکھ رہی ہے۔ اَن پڑھ آنگی۔

مسافر نے زور سے آواز دی آنگی۔

آنگی نے ضرور سن لیا ہے۔ مگر اس نے جواب کیوں نہیں دیا، وہ اب اوپر چڑھ رہی ہے ۔ گھاٹی کے پیچ در پیچ راستہ پر سے گزرتی ہوئی ادھر آ رہی ہے۔ مگر اب اس کی چال مختلف ہے، بازو اب بے پروائی سے نہیں ہل رہے۔ اور گردن ایک طرف کو جھک گئی ہے، یہ اب ایک نئی تصویر ہے۔ ایک نیا مجسمہ ہے۔ وہ جنگل کی دیوی تھی۔ تو یہ دوشیزۂ سحر ہے۔ اس مجسمہ کی تلاش نرالی ہے ۔ اس تصویر کا رنگ نیا ہے۔ وہ مسافر کے قریب بیٹھ گئی۔ اور سونٹی کو سبز دوب پر رکھ کر ستانے لگی۔ مسافر غور سے اس زلف کی طرف دیکھنے لگا۔ جو آنگی کے رُخ پر اتر آئی تھی۔ یکایک آنگی بول اٹھی۔ ”تم واپس کب جاؤ گے راہی۔ جب تم اپنا نام بھی نہیں بتاتے تو پھر میں تمہیں راہی ہی کہوں گی۔ ٹھیک ہے نا؟“

مسافر نے کتاب کے ورق الٹتے ہوئے کہا۔ ”ٹھیک ہے اور راہی پھر کوئی اتنا برا نام بھی نہیں۔ بات اصل میں یہ ہے کہ میں یہاں اپنی صحت کو بہتر بنانے آیا ہوں۔ جب اچھا ہو جاؤں گا۔ چلا جاؤں گا۔

آنگی نے نہایت اشتیاق سے پوچھا۔ کدھر جاؤ گے ؟“

مسافر نے نہایت بے پروائی سے داہنا بازو اٹھا کر کہا ”ادھر جاؤں گا۔“

”تم کہاں سے آئے ہو؟“

اس دفعہ مسافر نے دوسرا بازو پھیلا کر کہا ”ادھر سے آیا ہوں۔“

آنگی کی آنکھیں غیر معمولی طور پر روشن ہو گئیں ۔رکتے رکتے کہنے لگی۔
"راہی تم کتنے عجیب ہو؟"

اور راہی دل میں سوچنے لگا"کیا واقعی میں میں عجیب ہوں۔ کیا یہ منظر عجیب نہیں ہے۔ یہ خواب کی سی خاموشی، یہ موت کی سی زندگی، یہ آنگی کے رخ پر بل کھاتی ہوئی زلف، کیا یہ سب عجیب نہیں! آنگی کا کرتہ جگہ جگہ سے پھٹا ہوا ہے۔اور اس میں درجنوں پیوند لگے ہیں ۔مگر وہ کس شان سے گردن اونچی کئے ندی کی طرف دیکھ رہی ہے۔جس کے پانیوں کا رنگ اس کی آنکھوں کی طرح ہی نیلا ہے۔کیا یہ عجیب بات نہیں۔ آنگی کے ہاتھ کتنے مضبوط نظر آتے ہیں، لمبی مخروطی مضبوط انگلیاں جو ہل کی ہتھی پر زور سے جم جاتی ہونگی۔ان کلائیوں نے غالباً کبھی چوڑیوں کی کھنک نہیں سنی، کس قدر عجیب بات ہے۔ مگر خود میرے ہاتھوں میں نسوانیت کی جھلک نمایاں ہے۔اور ایک چاقو سے اپنا قلم درست کرنے میں مجھے اتنا وقت صرف کرنا پڑتا ہے۔جتنا آنگی کو آدھے کھیت میں ہل چلانے کے لئے۔

کئی دنوں کے وقفے کے بعد مسافر کی آنگی سے ملاقات ہوئی تو اس نے کہا" آنگی تمہیں اتنے دنوں سے نہیں دیکھا۔

آنگی نے جواب دیا "عجیب بات ہے ۔میں سمجھتی ہوں کہ تم اتنے دن کہیں غائب رہے۔اب بہت دن ہوئے تم نے وہ اپنی تاروں والی بنسری (وائلن) نہیں سنائی۔ ابھی پرسوں ہی کی بات ہے۔ ہم سب منو کے نیچے بیٹھے ہوئے فیروز سے الغوزہ سن رہے تھے۔ تمہیں پتا ہے نا، وہ الغوزہ بہت ہی اچھا بجاتا ہے۔ کرن کہنے لگی، پتہ نہیں۔ کیوں آج کل راہی دکھائی نہیں دیتا ہے۔ار ے اس کی تاروں والی بنسری بجانے کو کہتے۔ کیوں؟" اتنا کہہ کر آنگی نے مسافر کی طرف دیکھا۔

مسافر کی انگلیاں بے چین ہو گئیں،اس نے اپنا ہاتھ آنگی کے ہاتھ کے اتنا قریب رکھ دیا کہ ایک کی انگلیاں دوسرے کو چھو رہی تھیں۔ آہستہ سے بولا۔"ہاں درست ہے ۔ میں آج کل لمبی لمبی سیریں کرنے کے لئے گاؤں سے بہت دور نکل جاتا ہوں۔ کبھی کبھی ان صنوبروں کے گھنے جنگلوں میں چلا جاتا ہوں۔"

"تمہارا اکیلے جی کیسے لگتا ہوگا؟"

"اکیلا تو نہیں ہوتا، کبھی کوئی کتاب لے جاتا ہوں، کبھی کچھ لکھتا ہوں کبھی اپنی تاروں والی بنسری بجاتا ہوں۔"

آنگی نے حیرانی سے مسافر کی طرف دیکھا "راہی تم کتنے عجیب ہو" اس کی سانس میں شہد کی سی مٹھاس تھی۔"

برسات کے آخری دنوں میں مکی کی فصل پک گئی۔ سارو گاؤں والے نے منو کے درخت کے آس پاس بڑے بڑے کھلیان لگائے۔ مکی کے کھلیان اور ہیٹی پیلی گھاس کے ذخیرے منو کے قریب ہی تین چار جگہوں پر پتلی سی چھوٹی خودرو گھاس کو چھیل کر گول گول قطعے تیار کیے۔ انہیں۔ گوبر سے لیپ دیا۔ پھر ان پر کھرایا مٹی پھیر دی۔ اب ان میں مکی کے بھٹوں کے انبار جمع کیے اور ان پر بیلوں کو چکر دے دے کر چلایا تاکہ دانے بھٹوں سے الگ ہو جائیں۔ کچھ بھٹے تو اس طرح سے بالکل صاف ہو گئے۔ مگر بہت سے بھٹے سخت جان نکلے اور بیلوں کے پاؤں تلے روندے جا کر بھی انہوں نے مکی کے دانوں کو اپنے جسموں سے الگ نہ کیا۔ پھر ساروں گاؤں والوں کی ٹولیاں بنیں۔ لوگ چاندنی راتوں کو اکٹھے ہو کر قطعوں میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور بھٹوں سے دانے الگ کر رہے ہیں نیچے بہتی ہوئی ندی کا دھیما سا شور ہے۔ منو کی شاخوں میں چاند اٹک گیا ہے۔ اور اس اداس نغمے کو سن رہا ہے۔ جو نوجوان کسان اور ان کی مائیں اور بہنیں۔ اور بیویاں گا رہی ہیں۔ پھر وہ یکایک چپ ہو جاتے ہیں۔ خاموشی سے مکئی کے دانوں کو الگ کر رہے ہیں۔ ہوا کے نہایت ہلکے ہلکے جھونکے آتے ہیں۔ اور منو کا سارا درخت سانسیں لیتا ہوا معلوم ہوتا ہے کوئی آگ تاپتا ہوا بوڑھا کسان آہستہ سے کہہ اٹھتا ہے۔ اور گاؤ، بیٹو، اور گاؤ پھر وہ خود ہی کوئی پرانا گیت شروع کر دیتا ہے۔ اسے اپنی ختم ہوتی ہوئی زندگی کی بہار یاد آ رہی ہے۔ زور زور شعلوں کی چمک اس کی آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھوں میں لرز لرز جاتی ہے۔ گاتے گاتے گیت کے الفاظ اس کے منہ میں لڑکھڑا جاتے ہیں۔ اب وہ چپ ہو جاتا ہے۔ اور آگ کے دہکتے ہوئے کوئلوں پر مکی کا ایک بھٹا بھون رہا ہے۔ نوجوان چرواہیں آپس میں سرگوشیاں کرتی ہوئی یکایک ہنس پڑتی ہیں نوجوان گبھرو انہیں کنکھیوں سے دیکھ کر مسکراتے ہیں۔ پھر کوئی ہجر کا نغمہ فضا میں گونج اٹھتا ہے۔ نوجوان چرواہیوں کی پتلی پتلی آوازیں بھی۔ اس میں شامل ہو جاتی تھیں، معلوم ہوتا ہے کہ کسی بڑے معبد میں بیٹھے ہوئے اپنے معبود کی حمد و ثنا کر رہے ہیں۔ یہ مکی کیدانے

کسی تسبیح کے بیشمار دانے ہیں۔ وہ بوڑھا کسان ایک بوڑھا پجاری ہے۔ اس آگ میں عنبر اور لوبان جل رہا ہے۔ جس کا دھواں اٹھ کر سارے معبدے کو معطر کر رہا ہے۔ یہ نیک نفس روحیں ہیں ۔یہاں ابدی سکون ہے اور قدرت کا رحم و کرم ہے۔!

سارو گاؤں والے مسافر کو ایک عزیز مہمان بلکہ اپنا بھائی سمجھتے اور اسے اپنی خوشیوں میں شریک کرتے بھولے بھالے کسان اُلھڑ چرواہیاں ننھے ننھے بچے اس کے گرد جمع ہو جاتے مسافر اپنی تاروں والی بنسری سناؤ۔ مسافر اپنی تاروں والی بنسری سناؤ۔ آنگی اس کے شانے پر اپنی بانہہ ٹیک دیتی۔ اور دوسری بانہہ سے اس کی انگلیوں میں مضراب کو پکڑا کر کہتی، لو بجاؤ یا پھر کھلیانوں کے لمبے لمبے سایوں میں کوئی اس سے کسی کہانی کی فرمائشیں کرتا۔ اس کی دنیا کی کہانی جہاں لمبے لمبے میدان ہیں۔ بڑے بڑے دریا ہیں۔ میلوں تک پھیلے ہوئے شہر ہیں، جہاں لوہے کے تاروں پر لکڑی کے مکان قطار بنائے ہوئے بھاگے جارہے ہیں۔ کہیں سے کوئی ایک بٹن دبا دیتا ہے اور لاکھوں چراغ روشن ہو جاتے ہیں۔ آسمان پر اڑن کھٹولے گھوم رہے ہیں اور نیچے بازاروں میں وہ پریاں محو خرام ہیں۔ جن کے لباس تتلیوں کے پروں سے بنائے گئے ہیں۔

اس طرح مکئی کے کھلیانوں میں کئی چاندنی راتیں گزر گئیں۔ ایک رات مسافر نے پہلے قطعہ میں مکی کے دانوں کو بھٹوں سے الگ کرتے ہوئے اس نے ادھر ادھر دیکھا۔ مگر آنگی کہیں نظر نہ آئی تیسرے قطعے میں مسافر نے ایک دلکش کہانی سنائی جو شہروں کی زندگی کے متعلق تھی۔ اسکی نگاہیں۔ آنگی کو تلاش کرتی ، ہیں۔ مگر بے سود چوتھے قطعے میں اس نے اپنی وائلن کو نکالا اور ایک دلسوز نغمہ چھیڑا، باقی قطعوں سے اٹھ کر سارو گاؤں والے چوتھے قطعے میں آجمع ہوئے اور مسافر کی بنسری سننے لگے۔ ان کے چہروں پر خوشی تھی اور حیرت بھی۔ مگر آنگی کہاں تھی؟

آخر مسافر نے پوچھ ہی لیا۔

ایک، نوجوان کسان نے بے پروائی سے کہا" وہ کھلیان کے اس طرف بیٹھی ہے، ابھی تھوڑا عرصہ ہوا اپنی ہمجولیوں میں بیٹھی گا رہی تھی۔ کہ فیروز کی بہن نے نہ جانے اسے کیا کہا ۔کیوں دل شاد تم تے کیا کہا کہ وہ اٹھ کر چلی گئی۔ اور اپنی جھولی میں بہت سے بھٹے بھر کر لے گئی۔ اب اکیلی بیٹھی دانے الگ کر رہی ہو گی۔ کون مناتا پھرے، کرن تو کیوں نہیں جا کر منا کر لاتی

اسے۔"

کرن ہنس پڑی، مگر اس نے کوئی جواب نہ دیا۔

کھلیان کے دوسری طرف مسافر نے دیکھا کہ چند مکی کے بھٹے زمین پر پڑے پڑے ہیں اور ان کے قریب کھلیان کا سہارا لئے ہوئے آنگی نیم دراز حالت میں پڑی ہے۔ آنکھیں نیم داں ہیں ۔اور چاند کی کرنوں نے اس کے سر کے گرد ایک ہالہ سا بنا دیا ہے۔

انگی۔!

آنگی۔!!

آنگی۔!!!

مسافر آنگی پر جھک گیا۔ اس نے آنگی کے سر کو اپنے بازوؤں میں لے لیا۔

"کیا بات ہے آنگی؟"

آنگی اٹھ بیٹھی۔ اس سے آہستہ سے اپنے آپ کو مسافر کے بازوؤں سے علیحدہ کر لیا۔ اور مکی کے دانے الگ کرنے لگی۔

آخر اس نے گھٹے ہوئے لہجہ میں کہا۔

"آہ مسافر مجھے یہاں لے چلو۔!" یہ کہہ کر اس نے سر جھکالیا۔ اور چپ چاپ رونے لگی۔

مسافر خاموشی سے مکی کے دانے الگ کرواتا رہا۔ اس نے آنگی کے آنسو نہیں پونچھے۔ اس نے اسے پیار نہیں کیا، یکایک ایک پرندہ اپنے سیاہ پر پھیلائے ہوئے تیر کی طرح سامنے سے نکل گیا۔ کھلیان کے اوپر دو تین ستارے چمک رہے تھے۔ آنگی کے آنسوؤں کی طرح، اور کھلیان کے دوسری جانب عورتیں نئی نیولی دلہن کی سسرال کو روانگی کا گیت گا رہی تھیں۔

مسافر کی نگاہیں پہاڑوں کے پر صنوبروں کے جنگلوں کو چیر کر وسیع میدانوں کو ڈھونڈ نے لگیں جہاں اس کا دیس تھا اس کی نگاہوں میں ریل گاڑی کے پہیے اچھلنے لگے۔

☆ ☆ ☆

مسافر خدا کا شکر بجالاتا ہے کہ وہ اپنی دنیا میں واپس آگیا، اپنی تہذیب کی دنیا میں، کبھی خیال کرتا ہے۔ شاید میں نے غلطی کی کبھی کبھی اپنے دوستوں کی محفل میں بیٹھے بیٹھے خوش فعلیاں کرتے ہوئے اس کے کانوں میں عجیب عجیب الفاظ گونجنے لگتے ہیں۔ راہی تم کتنے عجیب ہو، راہی، حتیٰ کہ اس کے چہرے سے مسکراہٹ کافور ہو جاتی ہے۔ اور وہ سوچتا ہے کہ شاید کسی نیلے جھرنے پر ریوڑ کو پانی پلاتے ہوئے ایک غریب لڑکی اس کا انتظار کر رہی ہے۔ اس کے پاؤں ننگے ہیں۔ اس کی نگاہیں اداس ہیں، بالوں میں سیب کے پھولون کا گچھا ہے ۔!

آگئی۔!

صرف ایک آنہ

سروش کنگ جارج ڈاکس (King George Docks) پر گیا وہاں اسے ایک فور مین۔ (Fore man) مل گیا، فور مین نے ایک نیلے رنگ کی قمیص اور پتلون پہن رکھی تھی۔ جس پر جا بجا تیل کے دھبے نظر آ رہے تھے۔ اور اس کی چھوٹی سی ناک پر ایک بہت بڑی عینک تھی۔ بہ ہیئت مجموعی وہ ایک گندہ۔ بد نما اور رحمدل انسان نظر آتا تھا، سروش کو اس کی آنکھوں میں نرمی و ملائمت کی ایک خفیف سی جھلک دکھائی دی پس اس نے فور مین سے ملتے ہی کہہ دیا کہ وہ ایک "بیکار" ہے۔

"تم کیا کر سکتے ہو؟" فور مین نے پوچھا۔

"میں نے بی، اے کی ڈگری حاصل کی ہے۔" سروش نے جلدی سے جواب دیا" بے فائدہ؟ کیا تم بوجھ اٹھا سکتے ہو؟ بھاری بوجھ؟"

"نہیں"

"کیا تم کرین (Crane) پر کام کر سکتے ہو۔"

"نہیں۔ تو...... مگر شاید کر سکوں۔ میرا باپ انجینئر تھا...... اور پھر میں کئی دنوں سے بھوکا ہوں؟"

فور مین ہنس پڑا" تم مجھے اچھے آدمی معلوم دیتے ہو کاش میں تمہاری مدد کر سکتا۔ مگر ہم یہاں تعلیم یافتہ میرا مطلب ہے ہم یہاں ڈگری یافتہ لوگوں کو ملازمت نہیں دیتے۔ وہ عالم طور پر کمزور ہوتے ہیں۔ جسمانی کمزور اور کام کرنے کی صلاحیت بھی ان میں کم ہی ہوتی ہے، اور پھر تم فن سے بھی بے بہرہ ہو مجھے بہت افسوس ہے۔ لیکن اگر تم ہوڑہ پل پر چلے جاؤ تو شاید کام بن

جائے میں نے سنا ہے ۔وہاں تعلیم یافتہ لوگوں کو ملازمت ملتی ہے"

"کہاں؟" سروش پوچھا۔

"ہوڑہ پل پر...... کیا تم نے سنا نہیں؟"

سروش ہوڑہ پل پر گیا۔

ایک چھوٹے سے لکڑی کے تختوں سے بنے ہوئے کیبن میں جس کی کھڑکیوں میں سرخ اور سبز رنگ کے شیشے لگے ہوئے تھے۔ایک یوریشین بیٹھا تھا۔ سروش اس کے قریب بڑھا اور دست سوال دراز کیا "تم جانتے ہو تمہیں یہاں کیا کرنا پڑیگا" یوریشین نے اپنی ناک کے نتھنوں کو سہلاتے ہوئے کہا" بہت مشکل ہے اور غالباً تم اسے نہ کر سکو گے ۔اور شاید پسند بھی نہ کرو"

"کیا کام ہوگا" سروش نے پوچھا، مگر ٹھہرو...... مجھے نہ بتاؤ، میں اسے کرلوں گا"

یوریشین نے مسکراتے ہوئے کہا" ہم تنخواہ معقول دیتے ہیں۔ہاں تو...... تین روپے روزانہ اور دن میں صرف دس گھنٹے کام...... وہ رک گیا اور کھڑکی سے باہر ہگلی گدلے پانیوں کی طرف دیکھنے لگا پھر یک لخت وہ شروش کی جانب مڑا" کیا تم یوریشین ہو؟"

نہیں

"آہم۔! میرا بھی یہی خیال تھا۔"

"کیا تم ایک لوہے کی میخ کو لکڑی کے تختے میں سیدھا گزار سکتے ہو؟" یوریشین نے پوچھا۔

"میں تم سے یہ سوال اس لئے کر رہا ہوں کہ یہ ہی کام تمہیں اس پل پر کرنا ہوگا ۔میخیں گاڑنا، دن بھر لکڑی کے تختوں میں میخیں گاڑتے چلے جانا، کیا تم اسے کر سکو گے۔"

"کر سکونگا" سروش نے جواب میں کہا" میرا باپ انجینیر......

" چچ چچ "یوریشین نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔" مجھے تمہارے شجرہ نسب سے کوئی دلچسپی نہیں۔" یہ کہہ کر وہ چند لمحوں کیلئے رکا۔ پھر سروش کی طرف دیکھ کر کہنے لگا" ساٹھ روپے میں یہ کام ہو سکتا ہے۔یہ کہہ کر اس نے پھر ایک پر معنی انداز میں سروش کی جانب دیکھا۔

سروش نے کمزور لہجہ میں جواب دیا" لیکن، میرے پاس تو ایک پھوٹی کوڑی بھی نہیں"

یوریشین کو غصہ آگیا کہنے لگا "میں کہتا ہوں کیا تم مجھے گاؤدی تصور کرتے ہو۔ میرے پاس ملازمت کے لئے استدعا کرنے آئے ہو کیا۔ میں تمہارے چچا ہوں (میز پر مکہ مار کر) ہم یہاں صرف یوریشین لوگوں کو ملازمت دیتے ہیں۔ سمجھے، مگر میں شاید اس امر کی بھی پروا نہ کرتا۔ کیا ساٹھ روروپے زیادہ ہیں۔ اور پھر تم تو اس کام سے بھی واقف نہیں ہو۔ کیا تم ایک لوہے کی میخ سیدھی طرح لکڑی کے تختوں میں سے گزار سکتے ہو؟ مجھے شبہ ہے تم میں کئی فنی خامیاں ہیں۔ کیا تم نے کسی صنعتی درسگاہ میں تعلیم پائی ہے؟ لیکن میں اسے بھی جانے دیتا، صرف ساتھ روپوں کے لئے یہ رقم زیادہ نہیں۔ اور جب تم نوکر ہو جاؤ گے اور تین روپے روزانہ مشاہر حاصل کرو گے تو تم یقیناً میرے شکر گزار ہوگے لو نکالو روپے" یہ کہہ کر یوریشین نے اپنی تقریر ختم کی اور مربیانہ انداز سے سروش کی طرف دیکھنے لگا۔

"لیکن...... لیکن "سروش نے کانپتے ہوئے لہجہ میں کہا 'میرے پاس تو ایک کوڑی بھی نہیں، ایمان سے کہتا ہوں۔"

یوریشین نے جواب میں اپنے کندھوں کو ایک اضطراری حرکت دی، اور کھڑکی سے باہر دیکھنے لگا۔

سروش نے آہستہ سے کہا "میں تمہیں اپنی تنخواہ سے دو روپے یومیہ دینے کو تیار ہوں۔ اگر...... "

یوریشین نے مخصوص اینگلو انڈین لہجہ میں کہا "سب فضول باتیں ہیں" اب وہ ہر ایک لفظ پر زور دے کر فقروں کو ادا کر رہا تھا "ایک دفعہ...... جس دن تمہارا نام رجسٹر میں درج ہو گیا۔ تم میرے اختیار سے باہر ہو گے۔ سمجھے؟"

سروش چند.........

سروش چند لمحوں کے لئے چپ رہا۔ وہ حیران تھا کہ کیا کہے، ساٹھ روپے کہاں سے لائے کس سے مانگے۔ کون اسے ادھار دیگا۔ اس کے پاس تو کوئی ایسی چیز بھی نہ تھی۔ جسے وہ گروی رکھ سکتا، وہ دو دن سے بھوکا تھا۔ وہ پھر یوریشین سے ملتجی ہوا۔

"آپ مجھ پر یقین رکھیں" سروش نے نہایت لجاجت سے کہا "میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ...... "

مگر یوریشن نے اسے فوراً روک دیا کہنے لگا "چلو نکلو یہاں قسمیں کھاتے ہوئے یہ کوئی گرجا گھر نہیں ہے۔"

جب سروش باہر نکلا تو مغرب میں آفتاب غروب ہو رہا تھا۔ ایک دُخانی جہاز کی گھنٹی متواتر چیخ چیخ کر جہاز راں مزدوروں کو بلا رہی تھی۔ ہیگلی کا کا پانی شعاعوں کے انعکاس سے سرخ تھا۔ سروش کو احساس ہوا، جیسے کسی نے آسمان کے مغربی کونے میں سورج قتل کر دیا ہے۔ اور اب اس کا لہو بہہ کر ہگلی میں آرہا ہے۔ اس نے ایسا محسوس کیا۔ کیونکہ فضا میں بھی موت کا سا سکون تھا۔ اور ایک گرم تعفن، بدبو لکڑی کے گیلے تختوں سے اٹھ رہی تھی ۔ یکایک پاس کے گھاٹ سے کوؤں کا ایک جھنڈ کرخت آواز میں کائیں کائیں کرتا ہوا مغرب کی جانب پرواز کر گیا ،سروش نے ایک آہ بھری اور یونہی ایک سمت کو چل پڑا۔

☆ ☆ ☆

سروش نے کوڑا کرکٹ اٹھانے والی کارپوریشن کی لاری کو دیکھا جو ایک بجلی کے پاس کھڑی تھی۔ لاری چلانے والا قریب کی ایک دوکان سے پان خرید رہا تھا۔ دن بھر کا چارا۔؟ یکا یک ایک چھوٹا سا غریب بازاری کتا کہیں سے آ نکلا۔ ٹھٹھرتا ہوا، دم دبائے ہوئے لاری کے قریب پہنچا۔ اور پہیوں کو سونگھنے لگا پھر آہستہ آہستہ پتلی سی آواز میں چلانے لگا۔ بچارا غریب کتا شاید کئی دن سے بھوکا تھا۔ اور اب میلے سے لدی ہوئی گاڑی سے ایمونیا کی بو اس کے نتھنوں میں گھسی جا رہی تھی۔ اس کے دماغ پر مسلط ہو رہی تھی۔ اس کی اشتہا کی حس کو اذیت پہنچا رہی تھی۔ بھوکے سروش نے محسوس کیا کہ اگر اس وقت اس کی نگاہوں کے سامنے بھنی ہوئی مچھلی کی پلیٹ ہو تو اس کی اشتہا انگیز بو بھی اس طرح اس کے دماغ کو پریشان کر دے گی۔

کتے کی چیخیں بلند ہوتی گئیں۔ وہ پہیوں کے گرد چکر کاٹ رہا تھا۔ بچارا لاری کے اوپر تو نہیں چڑھ سکتا تھا شاید وہ عالم تصور میں عمدہ پکوانوں کو دیکھ رہا تھا۔ چچڑی ہوئی ہڈی، باسی ڈبل روٹی کے ریزے۔ اتنے میں ڈرائیور آگیا، پانوں کا پلندہ سنبھالے ہوئے آتے ہی اس نے کتے کی کمر میں زور سے ایک لات جمائی۔ ایک لمبی۔ بلند چیخ جیسے کسی انسان کی ہوتی ہے۔ اگر اسے ایک دو ہنٹر لگا

دیئے جائیں۔ بچارا کتا بھاگ نکلا۔ اس کی چوٹی سی دم پچھلی لاتوں کے درمیان سے گزر کر پیٹ سے جا ملی تھی۔ کتا بھاگتا بھاگتا سڑک کے دوسری طرف چلا گیا۔ جدھر سروش کھڑا تھا۔ وہ "چاؤں چاؤں" کر رہا تھا۔ سروش کو چپ چاپ کھڑا دیکھ کر اور اپنی طرف متوجہ پاکر اس نے اپنی چیخیں کم کر دیں۔ پھر دو تین لمبی چیخوں کے بعد وہ چپ ہو گیا۔ اور سروش کے قریب کھڑا ہو کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے دم ہلانے لگا۔

یہ جذبہ امید تھا کہ اظہار ہمدردی؟

کتا سروش کے قدموں کے گرد گھومنے لگا۔ جس طرح پہلے وہ لاری کے پہیوں کے گرد گھومتا تھا۔ لیکن اب وہ زیادہ پر امید معلوم ہوتا تھا۔ وہ بار بار دم ہلا رہا تھا۔ بار بار زمین سونگھ رہا تھا۔ پھر وہ یکا یک کھڑا ہو گیا اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھیں سروش کے چہرے پر جما دیں اور دم ہلانے لگا۔

"ایک بسکٹ کھاؤ گے، بسکٹ؟"

یہ سروش کا آخری بسکٹ تھا۔ اس نے اسے جیب سے نکال لیا کتنا خشک اور کردرا دکھائی دے رہا تھا۔ چھوٹے کتے نے اسے دیکھ لیا تھا اور اب وہ چھوٹی چھوٹی چیخیں مارتا ہوا خوشی سے سروش کے گرد اچھل رہا تھا۔ اور زور زور سے دم ہلا رہا تھا۔ آخر سروش کو وہ بسکٹ دینا ہی پڑا ...... کتے نے ایک لمحہ میں اسے حلق کے نیچے اتار لیا۔ ایک لمحہ بھی زیادہ عرصہ ہوتا ہے۔ سروش شاید کتے کی آنکھوں میں آنسو بھی دیکھ رہا تھا۔ ایک بھوکا آدمی تھا اور ایک بھوکا کتا اور اب دونوں سڑک کے کنارے چپ چاپ مغموم کھڑے تھے۔ دنیا سے باہر نکال دیئے گئے ہیں۔

ایک لمبے وقفہ کے بعد سروش نے سر جھکایا اور ایک طرف کو چل پڑا کتا آہستہ آہستہ اس کے پیچھے آ رہا تھا۔

☆ ☆ ☆

وہ رات اس نے سیالدہ اسٹیشن پر بسر کی تھرڈ کلاس ویٹنگ روم کا پختہ فرش جس پر سمینٹ لگا ہوا تھا۔ سخت ٹھنڈا تھا۔ اسے مشکل ہی سے ویٹنگ روم کہا جا سکتا تھا۔ کیوں کہ یہ ایک کمرہ تھا۔ بلکہ ایک برآمدہ سا تھا۔ تین اطرف سے کھلا اور چھت پر ٹین کے پرانے تختے اور چھت

کے نیچے کہیں کہیں لوہے کے کھمبے تاکہ چھت کو سہارا رہے اور گرنے نہ پائے سروش اس بر آمدے سے سیاہ آسمان پر انگاروں کی طرح دمکتے ہوئے ستاروں کو دیکھ سکتا تھا اور ہاں ایک پیلا سانمیالی رنگت کا چاند دکھائی دے رہا تھا۔ یہ چاند ایک پکے ہوئے ولایتی کیک کی مانند تھا جو ابھی ابھی انگیٹھی سے باہر نکالا گیا ہو۔ سروش نے اسے دیکھتے دیکھتے اپنی آنکھیں بند کر لیں ہاں وہ تھکا ہوا تھا اور بھوکا تھا۔ دن بھر وہ میلوں چلتا رہا اور کلکتے کی گلیوں، اس کے شاندار بازاروں اور پر شکوہ چوکوں میں گھومتا رہا تھا۔ وہ ایک پاگل آدمی کی طرح چکر کاٹتا رہا۔ اس دیوانے کی طرح جو محض اپنے پیٹ کے لئے دیوانہ ہو گیا ہو۔ لیکن اسے نوکری کہیں نہ ملی اسے نوکری کیوں نہ ملی تھی؟ کیوں لوگ اس کے غربت زدہ چہرے کو دیکھ کر چڑ جاتے تھے۔ جیسے کسی چیز نے انہیں شرمندہ کر دیا ہو۔ لیکن کیوں؟ مگر اب سروش کو ان باتوں کی پروا نہ تھی وہ وہ آج بہت تھکا ہوا تھا۔ اس کا دماغ کام کرنے سے رک گیا تھا۔ وہ محسوس کر رہا تھا۔ کہ شاید اس کے دھڑ کے ساتھ ٹانگیں نہیں ہیں۔ بے حد تکان تھی۔ جیسے شراب کا نشہ ہو۔ پھر اسے ایسا معلوم ہوا جیسے کوئی اندر داخل ہو کر اس کے جسم کی ہڈیوں کو توڑ رہا ہے اس کے معدے کو مٹھی میں دبا کر زور سے بھینچ رہا تھے۔ اس کے ماتھے پر تیز تیز سوئیاں چبھو رہا ہے آہ...... اس نے پنی ٹانگیں فرش پر پسار دیں۔ اور بازو پھیلا دیئے ہاں سمنٹ کا فرش خوب ٹھنڈا تھا۔ اسے تھوڑا سا سکون حاصل ہونے لگا۔ تکان سے اینٹھے ہوئے اعضاء آہستہ آہستہ ڈھیلے پڑنے لگے۔ اب اسے اگر کہیں سے تھوڑی سی روٹی مل جاتی۔ بس ایک دو ٹکڑے بیوقوف، اس نے اپنا بسکٹ کتے کو کیوں دے ڈالا۔ بیوقوف...... سروش آہستہ آہستہ اپنے ننگے بازوؤں کو فرش پر پھیلانے لگا۔ ہاں فرش خوب ٹھنڈا تھا۔ ٹھنڈا صاف اور خشک۔ گلی یا سڑک کیفٹ پاتھ کی طرح نمدار اور گرد آلود نہیں تھا "مجھے آئندہ یہاں ہی سونا چاہئے۔ اس نے دل میں سوچا۔ یہ جگہ اس وقت تو کافی ویرانی دکھائی دیتی ہے۔ اور پھر یہاں کوئی پولیس کا سپاہی بھی نظر نہیں آتا تھا۔ اور کسی بھلے مانس نے بجلی کا بلب بھی توڑ دیا ہے۔ یکایک اس کا ہاتھ کسی نرم و گرم شے سے ٹکرایا۔ یہ ایک ہاتھ تھا۔ یونہی غیر شعوری طور پر ہی اس نے اس کی انگلیوں کو چھوا۔ پھر س کی ہتھیلی کو، پھر کلائی۔ اس کے بعد اس کی انگلیاں ایک کانچ کی چوڑی پر جا کر رک گئی۔ سروش نے آنکھیں کھول دیں۔ اس کے نزدیک ایک کونے میں ایک عورت گھٹنے سمیٹے ہوئے لیٹی تھی۔ وہ اس کا ہاتھ تھامے ہوئے تھا۔ وہ سو رہی تھی۔ اس کا سیاہ بازو نرم اور گداز تھا۔ اس کی دھیمی سانس

باقاعدگی سے چل رہی تھی۔ یک لخت پلٹ کر وہ اس کے پہلو کی طرف مڑ گیا۔

"تم کون ہو؟" عورت نے ایک مدھم مغموم لہجہ میں پوچھا اس نے اپنی بڑی بڑی آنکھوں سے ایک مرتبہ سروش کی طرف دیکھا پھر انہیں بند کر لیا ہے۔ وہ ایک غریب بھیک مانگنے والی عورت تھی۔ وہ غریب بھی۔ وہ بدصورت اور بے حد تھکی ہوئی...... اسے کس کی پرواہو سکتی تھی۔!

صبح کے دھند لکے میں پولیس کے ایک سپاہی نے ٹھوکر سے سروش کو جگایا اور دھکا دیکر ویٹنگ روم سے باہر نکال دیا۔ عورت سروش سے پہلے ہی کہیں جا چکی تھی۔ خدا جانے کدھر۔

"دوسری مرتبہ اگر میں نے تمہیں یہاں سوئے ہوئے دیکھا" پولیس کا سپاہی کہہ رہا تھا۔ "تو میں تمہیں سیدھا جیل خانے پہنچا کر دم لوں گا۔ حرامزادہ کہیں کا سوٗر کا بچہ...... نکل یہاں سے" سروش آنکھیں ملتا ہوا ایک طرف کو چل پڑا سپاہی کی گالیوں کا اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ کیسی اچھی رات تھی۔ اور ہاں اس مہربان بھیک مانگنے والی عورت نے اسے کتنا آرم دیا تھا۔ ایک لمبے سے چیتھڑے میں جیسے وہ اپنے سر کے نیچے دبائے ہوئے تھی۔ بہت سی عمدہ عمدہ چیزیں بند تھیں چند کھجوریں، ایک ناریل اور ایک پوری روٹی...... اب وہ کہاں تھی...... کیا وہ اسے پہچان سکے گا؟ مہربان بھکارن......!

یکایک کسی نے اسے دھکا دیا "کیا تمہاری آنکھیں...... کیا...... کیا تم اندھے ہو گئے ہو" ایک موٹا بابو کہہ رہا تھا۔...... "راستہ دیکھ کر نہیں چلتے سر پر چڑھے آتے ہو...... حرامی بھک منگے بدمعاش۔! اسی طرح وہ گالیاں دیتا ہوا موٹا بابو آگے گزر گیا۔

لیکن شاید سروش نے اسے نہیں سنا وہ بہت دور اپنی خیالوں کی دنیا میں گم تھا۔ اور ساری کائنات اس کے گرد چکر کاٹ کر واپس بھاگ رہی تھی۔ اس نے سوچا کتنا ہی اچھا ہو اگر وہ ایک بھکاری بن جائے۔ اس میں برائی ہی کیا ہے۔ اب تو یوں بھی اسے لوگ بھک مگا سمجھتے ہیں اور پھر بھک منگے انسانوں سے زیادہ رحم دلی ہوتے ہیں۔

☆ ☆ ☆

منگو، بھکاریوں کا سردار لاتیں پھیلائے چٹائی پر حقہ پی رہا تھا۔ اس کی توند موٹی تھی اور داڑھی سفید۔ اس نے سروش کو کھلے گلے اور لمبے کالروں والی ململی قمیص دی اور نیلی سرج کا کوٹ جس پر تیل کے بڑے بڑے دھبے تھے۔ اور ایک گرے فالین کی پتلون اور ایک چمڑے کا بیگ "یہ لو بیٹا" منگو نے کہا "ان کپڑوں کو پہن لو۔ اس بیگ کو ہاتھ میں تھامے رکھو۔ دیکھو اس بیگ میں کیا ہے ؟ اس نے بیگ کھولتے ہوئے کہا۔ ایک پرانی قمیص۔ ایک دانت صاف کرنیوالا برش ایک پرانا استرہ ۔ زنگ آلود اور گھسے ہوئے صابن کی ڈبیہ۔ بس یہی تمہارے ہتھیار ہیں۔ یہی تمہاری دوکان ہے۔ ان سے اچھی طرح فائدہ حاصل کرو تم کہتے ہو کہ تم کلکتہ یونیورسٹی کے گریجویٹ ہو۔ میں اس بات پر بغیر سرٹیفکیٹ دیکھے یقین کر لیتا ہوں۔ ہمارے ٹولے میں کئی دسویں پاس بھکاری ہیں۔ لیکن تم پہلے گریجویٹ بھکاری ہو۔ جیسا میں نے شروع میں کہا۔ مجھے تم پر اعتماد ہے تمہاری لیاقت پر تمہاری، دانائی پر مجھے امید ہے کہ تم ہمارے پیشہ کیلئے باعث فخر ہو گے۔ اب اسی پیشہ کو پکڑ لو۔ ہمیشہ کے لئے اور اپنی ان تمام چالاکیوں کو کام میں لاؤ جو تم نے زمانۂ تعلیم میں حاصل کی ہیں۔ اگر تم ہوشیار رہے تو ایک دن میری جگہ حاصل کر لو گے لوگ کہتے ہیں کہ کلکتہ انگریزی سلطنت میں جہاں آفتاب کبھی غروب نہیں ہوتا۔ وسعت اور آبادی کے لحاظ سے دوسرا شہر ہے ۔ میں نہیں جانتا یہ سچ بھی ہے کہ نہیں۔ لیکن اگر ایسا ہو تو کالی ماتا تمہیں توفیق دیں اور تم اس کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکو۔ لو بیٹا" منگو نے اپنی تقریر ختم کی اور پھر چند وقفوں کے لئے رک گیا۔ اور ادھر ادھر دیکھ کر اس نے چٹائی کے قریب پڑے ہوئے بوٹوں کے ایک جوڑے کو اٹھالیا اور سروش کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہنے لگا" اور ہاں بیٹا میں تو انہیں بالکل ہی بھول گیا تھا۔ انہیں بھی پہن لو۔"

سروش چٹائی پر بیٹھ کر انہیں پہننے لگا ۔ بہت پرانے بوٹ تھے سوکھا ہوا چمڑا کرم خوردہ بے رنگ وبدزیب۔ یکایک سروش کی نگاہیں ایک سبز لیبل پر پڑیں جو بوٹ کے اندر لگا ہوا تھا۔ سروش کو ایسا معلوم ہوا جیسے کسی نے اس کے کلیجے میں برچھی بھونک دی ہو۔ یہ ایو نیمار کہ بوٹ تھا۔ وہی پرانا سبز لیبل۔ ان ہی بوٹوں کو وہ ہمیشہ کالج کے دنوں میں جانسن اینڈ کو کی دوکان سے خریدا کرتا تھا۔ شاید یہ قسمت کی وحشیانہ بے رحمی تھی۔ کوئی اس کے دل کو مسوس رہا تھا یکایک اس

کا گلا بند ہونے لگا۔ کوئی غیر مرئی طاقت اپنے آہنی ہاتھوں سے اس کے گلے کو دبا رہی تھی۔ اس نے محسوس کیا کہ اگر وہ اس وقت نہ بول سکا تو پھر شاید ہمیشہ کے لئے چپ ہو جائے گا۔ مر جائے گا ۔اس نے بازوؤں سے ہوا میں کسی کو پکڑنے کی کوشش کی۔ ان نے منہ کھول کر ہوا کے ایک دو گھونٹ نیچے اتار لینے کی کوشش کی اس نے بولنا چاہا ۔اور پھر یکایک اس کی آنکھوں میں آنسو آگئے ۔اور ایک بلند وحشیانہ چیخ یا ہنسی اس کے لبوں سے پھوٹ نکلی۔ وہ جلدی سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا بند بند ہنسی سے کانپ رہا تھا۔

''مت ہنسو۔ ''سنکو نے کانپتے ہوئے کہا۔ کالی ماتا کے لئے اس طرح مت ہنسو۔

سروش چیختا گیا۔ یا شاید ہنستا گیا۔ اس کی آنکھوں سے آنسو بہتے گئے۔ تیز و ترش آنسو ۔جو انگاروں کی طرح گرم تھے۔ جو اس کے خشک روکھے رخساروں کی جن پر داڑھی بڑھی ہوئی تھی ۔سیراب کر رہے تھے۔ اور اس کی لمبے لمبے کاروں والی ملگجی قمیص کو تر کر رہے تھے یکایک اس نے چمڑے کے بیگ کو ہاتھ میں تھام لیا۔ اور تیزی سے بھاگ گیا۔

☆ ☆ ☆

اس دن دوپہر کی چلچلاتی دھوپ میں چتر نجن ایوی نیو کے پاس مان سنگھ ٹیکسی ڈرائیور کو ایک پولیس سارجنٹ نے روک لیا۔ ایک حادثہ ہو گیا تھا۔ جس میں ایک آدمی ایک تیزی سے بھاگتی ہوئی لاڑی سے ٹکرا کر زخمی ہو گیا تھا۔ مان سنگھ نے دیکھا کہ سڑک کے درمیان لہو سے سرخ جگہ پر ایک آدمی بے ہوش پڑا تھا۔ وہ ایک پرانا نیلا کوٹ پہنے تھا۔ اور اس کے ہاتھوں کی مٹھیاں بھنچی ہوئی تھیں۔ پولیس سارجنٹ نے مان سنگھ کو مدد کے لئے کہا۔ مان سنگھ نے بے ہوش آدمی کا جسم ایک لمبی سیٹ پر رکھا اور اس کی بھنچی ہوئی مٹھیوں کو ٹھیک کیا اور اس نے دیکھا کہ دائیں ہاتھ کی گھٹی ہوئی ہتھیلی میں کوئی چمکتی ہوئی چیز دبی پڑی ہے۔ اس نے جھک کر غور سے دیکھا ۔یہ ایک آنہ تھا۔

لاہور سے بہرام گلہ تک

میں اور کلیم مشن کالج کی لائبریری میں بیٹھے چینی مصور کے متعلق ایک کتاب دیکھ رہے تھے۔ یا یوں کہیئے کہ کتاب کے جاذب نظر تصاویر پر اچٹتی ہوئی نگاہیں ڈال رہے تھے۔ اور ساتھ ہی ساتھ باتیں بھی کر رہے تھے۔ گفتگو آہستہ آہستہ ہو رہی تھی۔ پھر بھی لائبریری کے وسیع سنائے میں شہد کی مکھیوں کے بھنبھنانے کی سی گونج پیدا ہو گئی تھی۔ گفتگو کا موضوع نہایت دل چسپ تھا۔ یہی سینما کی ایکٹر سیں پکچن کا ٹماٹر، پنیر، دل فریب ساڑھیاں، پروفیسروں کی حماقتیں وغیرہ وغیرہ۔

یونہی اوراق الٹتے الٹتے، لی بانگ، کی مشہور مقبول تصویر، شفق، سامنے آگئی۔ وہی ٹیڑھے ترچے نقوش، چغتائی آرٹ سے ملتے جلتے مدھم رنگ جھیل کے پھیکے سے نیلے پانی میں مغربی پہاڑوں کی سبز چوٹیاں، اور ان پر پھیلے ہوئے اٹھے ہوئے، چمکتے ہوئے نارنجی بادلوں کا انعکاس...... لی بانگ کی مصوری حقیقت میں مسحور کن ہے۔

کلیم نے اپنی لمبی، بے چین، مخروطی انگلیاں، جو اس کے طبعی رجحان کو غر شعوری طور پر واضح کر رہی تھیں۔ آہستہ شفق، پر کھدیں اور پھر میری طرف مخاطب ہو کر کہنے لگا۔

''میں پرسوں شملہ جا رہا ہوں۔ کاظمی کی کوٹھی خالی پڑی ہے، تم بھی چلو''

میں نے سر ہلا کر انکار کر دیا۔ اس مرتبہ تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں لاہور سے کہیں باہر نہ جا سکوں گا۔''

کلیم نے پوچھا۔ ''وہ کیوں؟''

میں نے کہا ''کیا کہوں، کچھ حالات ہی ایسے ہیں۔''

کلیم چپ ہو رہا اور لی بانگ کی ''شفق'' کو غور سے دیکھنے لگا۔ شاید اسے اس چینی شاہکار

میں شملہ کے ابھرتے ہوئے نقوش نظر آرہے تھے۔

☆ ☆ ☆

مگر حالات بدلتے کیا دیر لگتی ہے؟ میں لائبریری سے اٹھ کر گھر آیا۔ تو مکند نے (میرا نوکر ہے بچارہ) جلدی سے ایک تار میرے حوالہ کیا۔ لفافہ چاک کر کے پڑھا۔ لکھا تھا۔

میرپور کشمیر۔

میری شادی، بیس جون، جلد پہنچو۔

"گور بخش"

اچھا تو یہ بات تھی۔ مدت سے مجھے گور بخش کا کوئی خط نہ ملا تھا اور میں حیران تھا کہ اس امر کو اس کی سستی پر محمول کروں یا اس کو بیوفائی پر آج معلوم ہوا کہ خط نہ لکھنے کے اور بھی بہت اسباب ہو سکتے ہیں۔ مثلاً محبت، شادی، موت اور علیٰ ہذالقیاس۔

گور بخش میرا جگری دوست ہے، مکتب کی شرارتوں میں ہم دونوں نے ہمیشہ اکٹھے حصہ لیا۔ اور عموماً اکٹھے ہی بیٹھے۔ دو معصوم دلوں کی رفاقت کے لئے اس سے بڑھکر پختہ اور کونسی بنیاد ہو سکتی ہے۔ اور گو اب فکر معاش نے گور بخش کو مجھ سے جدا کر کے لاہور سے دور کشمیر کے ایک غیر دلچسپ گوشے میں پھینک دیا ہے، پھر بھی یہ معاشی و جغرافی مجبوریاں ہماری دلی رفاقت پر اثر انداز نہیں ہو سکتیں...... وہ رفاقت جوں کی توں قائم ہے۔

گور بخش میرپور میں پٹرول ایجنسی کا مالک ہے، کئی بار اس نے مجھے میرپور آنے کو لکھا ہے۔ لیکن ہر بار مختلف وجوہ سے میں میرپور نہیں جا سکا۔ اور اب میں تار ہاتھ میں لئے یہ سوچ رہا تھا کہ مجھے گور بخش کی شادی پر جانا چاہئے یا نہیں۔ آخر گور بخش دوست ہے اور دوست کی شادی یا موت ہر روز نہیں ہوا کرتی، لیکن...... تصویر کا دوسرا پہلو شملہ ہے اور کاظمی کی کوٹھی بھی خالی ہے۔ شملہ اور میرپور میں وہی فرق ہے جو لی بانگ کی "شفق" اور مشن کالج کی لائبریری میں ہے اور پھر یہ تو صاف ظاہر ہے کہ اگر میں میرپور چلا جاؤں تو پرسوں شملہ نہیں جا سکتا بالفاظ دیگر، اگر میں پرسوں شملہ چلا جاؤں تو گور بخش کی شادی دیکھنے سے رہ جاتی ہے۔ اور اگر کل میرپور

چلا جاؤں تو کاظمی کی کوٹھی خالی پڑی رہ جاتی ہے۔

اس شش و پنج کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجھے ناچار "جفت یا طاق" کے عملیہ کو کام میں لانا پڑا ۔ایک پیسہ چہرۂ شاہی کو اونچا ہوا میں پھینک کر اور چہرۂ شاہی کو شادی کا مبارک عنوان سمجھ کر میں خاموش ہو رہا تھا۔دوسرے لمحہ میں پیسہ زمین پر تھا۔اور چہرۂ شاہی میری طرف دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔

بہت اچھا۔ شملہ نہ سہی میرپور سہی۔ تجھے ڈھونڈھ ہی لیں گے کہیں نہ کہیں رات کو راڑ ملے تو بجے کی گاڑی پر سوار ہوا اور دوسرے دن صبح میرپور پہنچ گیا۔

میرپور کا یہ چھوٹا سا شہر ریاست کشمیر کی عملداری میں ہے۔ لیکن اگر یہ کشمیر کے بجائے راجپوتانے کے ریگستان میں ہوتا تو زیادہ موزوں رہتا۔ وہی گرم خشک آب و ہوا تمازت آفتاب سے جلی ہوئی پہاڑیاں پھیکے بے مزہ کنوئیں۔ یہ بھلا گور بخش کو کیا سوجھی یہاں آکر پٹرول کی ایجنسی تولی ہی تھی۔ اب کیا ایک صحرائی دلہن ہی سے عمر بھر کا پیمان باندھنا تھا۔

رات کو پہاڑی گیتوں اور ڈھولک کی پر شور آواز کے درمیان جب میں نے گور بخش سے اچانک یہی سوال کیا تو اس نے کچھ توقف کے بعد مسکرا کر کہا" یہ سب کمبخت دل کا قصور ہے۔ اسے جو چاہو سزا دے لو۔"

"خوب، تو پھر یہ ،لو میرج، ہے، کیا۔؟"

گور بخش مسکرا کر چپ ہو رہا۔

آنگن میں کسی لڑکی نے ایک نیا گیت شروع کیا تھا۔اس کا پہلا بند مجھے یاد ہے۔

اِک بدلی آ ساون دی۔
کھڑک ڈیک رکھاں ماہنے دے آدن دی
سب پھیر دلاں دے نی مائے   مینوں دس کھاں نی مائے

☆ ☆ ☆

شادی کے بعد یہ صلاح ٹھہری کہ گور بخش کو ہنی مون (Honey -Moon) منانے کا موقع ہرگز نہ دیا جائے بلکہ چار پانچ دوستوں کی ٹولی میں اسے بھی شامل کر کے خوب

ادھر اُدھر سیر کی جائے۔

جگدیش نے اپنی عینک صاف کرتے ہوئے کہا "کدھر کی سیر ہو گی ؟"

اور تار سنگھ نے اپنے نیلے، نازک لبوں پر زبان پھیر کر کہا "ان جلی ہوئی پہاڑیوں میں کیا خاک دھرا ہے۔"

چاچو نے چمک کر کہا "میں بتاؤں۔ چلو سرینگر تک ہو آئیں۔ پیدل چلنا ہو گا۔ خوب لطف رہے گا۔"

ایک لمحے...... بس صرف ایک لمحہ کے لئے ہم نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا پھر ہم سب خوشی سے تالی بجا کر بول اٹھے۔

"واہ۔ واہ کیا اچھی تجویز ہے" "بھئی کیا خوب" "واللہ تمہیں کیا خوب سوجھی...... قربان علی نے گور بخش کی پیٹھ ٹھونکتے ہوئے کہا "اب کیا ارادہ ہے تمہارا اس بارے میں ؟"

گور بخش نے مری ہوئی آواز میں کہا "میں تمہارے ساتھ ہوں"

اس پر پھر ایک زبردست زبردست قہقہہ ہوا۔

☆ ☆ ☆

میرپور سے چلے تو تیسرے دن کوٹلی آئے، کوٹلی پہنچ کر میرپور کے جلے ہوئے سیاہ ٹیلے سرسبز پہاڑیوں میں مبدل ہو جاتے ہیں۔ ہوا میں ایک جاں بخش خنکی سی محسوس ہوئی ہے۔ اور پھیکے، بد ذائقہ کنوؤں کے پانی کے بجائے قدرتی چشموں کا آبِ شیریں ملتا ہے۔ یہاں پہنچ کر پچھلے سفر کی سب کلفتیں دور ہو گئیں۔

ایک دن آرام کرنے کے بعد کوٹلی سے چل کر سہرہ پہنچے کوٹلی سے کوئی پندرہ بیس میل کے فاصلے پر ہے۔ سہرہ سے ریاست پونچھ کی عملداری شروع ہوتی ہے۔ اس کا پہلا ثبوت جو ہمیں۔ ملا وہ پونچھ کسٹم ہاؤس تھا۔ جو سڑک کے کنارے کشمیر کسٹم...... سے ملحق تھا۔ چونکہ دونوں جگہ محصول ادا کرنا پڑتا تھا۔ لہذا ہم نے دونوں جگہ محصول ادا کرنے سے انکار کر دیا۔

کشمیری نژاد انسپکٹر کسٹم نے نہایت شریفانہ لہجہ میں کہا۔ "آپ کے پاس چند اشیا

توضرور ایسی ہوں گی۔ جس پر ہمیں مجبوراً محصول لینا ہو گا"

قربان علی نے ڈپٹ کر پوچھا" یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

پونچھ کے نوجوان و شکیل محالدار نے منہ بناتے ہوئے ایک نرالے انداز میں کہا "تو صاحب آپ کے پاس قابل محصول کونسی اشیاء ہیں۔"

قربان علی نے بھی اسی طرح منہ بناتے ہوئے البیلے انداز میں کہا" اے ہے میں قربان جاؤں" صاحب! ہمیں تو آپ کے سر کی قسم جو ہمارے پاس کوئی ایسی شے ہو آپ کے سر کی قسم آپ کے حسن صبیح کی قسم، آب کے......"

حسین محالدار نے ڈانٹ کر کہا" چپ رہو جی۔"

اس مزاح کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارا سب سامان کھول کھول کر اچھی طرح دیکھا گیا۔ بستر، خیمہ چھولداری، برتنوں کی بوریاں، ایک ایک چیز کو بغور دیکھا گیا، آخر کار بڑی کاوش تجسس کے بعد محالدار صاحب کو ایک بستر میں لپٹا ہوا ایک پورٹیبل گراموفون ملا۔ اور ایک وائلن۔

محالدار نے آخری چیز کو چھو کر پوچھا" یہ سارنگی ہے؟"

قربان علی نے نہایت شریں لہجہ میں جواب دیا "نہیں دلربا"

پونچھکے محالدار صاحب نے غصہ سے لال پیلے ہوتے ہوئے کہا" یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ اگر آپ گالیاں دینے پر اُتر آئے ہیں تو مجھے بھی مجبوراً آپ کو پولیس کے حوالہ کرنا پڑے گا۔"

"میں کہتا ہوں" قربان نے تیز ہو کر کہا" یہ (وائلن کو ہاتھ لگا کر) دلربا ہے آپ نہیں بخدا، آب واپنی ذات سے کس قدر حسن ظن ہے۔ یہ ساز ہے جسے آپ اپنی دانست میں سارنگی سمجھ بیٹھے ہیں۔ اس کا نام "دلبربا" ہے سمجھے آپ؟ اب آپ شوق سے پولیس کو بلایئے۔ اور مین کسی پاگل خانے کے ڈاکٹر کو بلاتا ہوں" یہ کہہ کر قربان ادھر اُدھر دیکھنے لگا گویا کسی پاگل خانے کے ڈاکٹر کو ڈھونڈ رہا ہو۔ ہم سب قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔

کسٹم آفیسر صاحب جھینپے تو سہی۔ مگر تھے آخر کسٹم افسر جھٹ بات کا رخ (بدل کر گراموفون کی طرف اشارہ کر کے بولے "اور صاحب، یہ کیا ہے؟"

جگدیش نے گراموفون کو آگے بڑھا کر با" جناب (ٹائپ رائٹر نہیں بلکہ پورٹیبل گراموفون ہے، کولمبیا کا بنا ہوا، اس کے اندر ایک درجن ریکارڈ بھی بند ہیں۔ اگر جان کی امان

پاؤں تو ابھی چند ریکارڈ آپ کے سامنے بجاؤں بعض ریکارڈ تو بہت ہی دلکش ہیں۔ خاص کر مس دلاری کا وہ کیف آور گیت۔

رات دن چونگی میں بیٹھا رہتا ہے
اپنے پہلو میں دبائے درد دل!

محالدار صاحب آخر انسان تھے ہنس پڑے اور اکیدفہ جو ہنسے تو پھر خوب کھل کر ہنسے ہمارے یاور ان کے قہقہوں نے پونچھ کسٹم ہاؤس کے کونے کونے کو بہجت سے لبریز کر دیا، اب چونگی کا ہر فرد بشر شاداں و فرتاں نظر آرہا تھا۔ اور تو اور کشمیری انسپکٹر صاحب بھی اپنا کام چھوڑ کے ہمارے قہقہوں میں شریک ہو گئے اور اس طرح سب غم و غصہ گرد و غبار کی طرح دلوں سے دھل گیا۔ چنانچہ شام کو کشمیری انسپکٹر صاحب نے ہمیں چائے پلائی۔ وہ چائے جو صرف اہل کشمیر ہی بنانا جانتے ہیں۔ اور رات کو ہم نے پونچھی محالدار صاحب اور کشمیری انسپکٹر صاحب دونوں کو شریک طعام کیا۔ خاصی رات ہو گئے تک گلچھپ اڑاتے رہے۔ دلربا بجی۔ اور جگدیش نے "درد دل" کوئی چھ سات بار بجایا۔ خوب لطف رہا۔

دوسرے دن سہرہ سے جو چلے تو شام کو پونچھ پہنچ گئے۔ ابھی ہم شہر سے چار پانچ میل کے فاصلے پر تھے کہ ہمیں ریاست پونچھ کا یہ چھوٹا سا خوب صورت یہ تخت خوشنما باغات سے گھرا ہوا نظر آیا۔ سامنے سرسبز اور اونچے پہاڑوں سے گھری ہوئی ایک حسین وادی تھی ۔ جس کے بیچوں بیچ دریائے پونچھ کا نیلا پانی پتھروں پر شور مچاتا ہوا گزر رہا تھا۔ دور تک دھان کے وسیع کھیت پانی سے لبالب بھرے ہوئے نظر آرہے تھے۔ مرغابیوں کے خوشنما پر ہوا کے دوش پر پھیلے ہوئے تھے۔ اور غروب آفتاب کی ارغوانی کرنوں میں پونچھ کا تاریخی قلعہ ایک اونچے ٹیلے پر شہر کی باقی سب عمارات سے اوپر اٹھا ہوا، ایک ترشے ترشائے ہیرے کی طرح چمک رہا تھا۔

میں نے آہستہ سے کہا "نہایت حسین منظر ہے"

اوتا سنگھ کے نازک لب کانپے جس طرح پھولوں کی پتیاں ہوا میں کانپتی ہیں۔ مگر وہ کچھ نہ بول سکا۔ ہم چلتے چلتے صم بکم ہو کر کھڑے ہو گئے قدرت کے غیر فانی مصور نے اپنی آرٹ گیلری کی بے پناہ وسعتوں سے ایک تصویر ہمارے سامنے پیش کر دی تھی۔ جس نے ہمیں مسحور کر دیا۔

کتنی ہی دیر اسی طرح کھڑے رہنے کے بعد ہم وہاں سے چلے آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے منظر کو دیکھتے ہوئے اور اپنے دلوں میں انسان کی کم مائیگی و بے چارگی کا احساس لئے ہوئے رفتہ رفتہ سڑک اب ڈھلوان ہوتی جارہی تھی۔ اور اینچے اترتی ہوئی، بل کھاتی ہوئی وادی کی طرف چلی گئی تھی۔ آہستہ آہستہ ہم ایک نالے کے قریب پہنچے، جس پر نیلے پتھروں کا ایک چھوٹا سا پل بنا ہوا تھا۔ پل کے پار چنار کے دو درخت کھڑے تھے۔ اب شہر بالکل نزدیک آگیا تھا۔..... چھوٹا سا خوب صورت شہر، جو سامنے بہتے ہوئے دریا کے باہر واقع تھا شفق کی ارغوانی روشنی رات کے بڑھتے ہوئے اندھیرے میں گم ہوگئی تھی۔ اور شہر کی کھلی ہوئی کھڑکیوں اور درختوں کی پھیلی ہوئی ٹہنیوں میں بجلی کے قمقمے ٹمٹماتے ہوئے ستاروں کی طرح چمک رہے تھے۔

آہستہ آہستہ ہم دریا پر آپہنچے، دو شکستہ برجوں کے درمیان، دو آہنی رسوں کے سہارے ایک لکڑی کا پل لٹک رہا تھا۔ جو ہمارے قدم پڑتے ہی ڈوبنے لگا۔ جب ہم پل کے درمیان پہنچے تو یہ حالت تھی کہ پل کسی ڈوبتی ہوئی کشتی کی طرح ڈانواں ڈول ہو رہا تھا۔ اور ہم بدمست شرابوں کی طرح لڑکھڑا رہے تھے۔ ہچکولوں پر ہچکولے آرہے تھے۔ اور شاید نیچے بہتے ہوئے دریا کی پرشور لہریں ابھر ابھر کر پیاری پیاری لوریاں سنارہی تھیں گور بخش کو جو ترنگ آئی تو پل کے درمیان کھڑا ہو کر گانے لگا وہی سہگل کا دلکش گیت

جھولنا جھلاؤ ری جھولنا جھلاؤ
امبوا کی ڈالی پہ کوئل بولے کوئل بولے
کوک کوک۔ جیا آوے۔ جھولنا جھولاؤ ری

رات کا وقت، وہ جانفروز نغمہ، دریا کی مضطرب لہریں، کا جھولنا۔ اس وقت کی یاد مدتوں ہمارے دل میں رہے گی۔

☆ ☆ ☆

شہر پونچھ کی آبادی تقریباً دس ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ یہ ریاست پونچھ کا صدر مقام ہے۔ اس کا اصلی نام ''پرنتس'' تھا راجہ پرنتس کے نام پر رکھا گیا۔ بعد میں بگڑ کر پونچھ رہ گیا۔ اور اب اسی نام سے مشہور ہے۔ تاریخی حیثیت سے بھی وادی پونچھ کافی اہمیت رکھتی ہے۔ ہیون

سانگ مشہور چینی سیاح کے سفر نامہ میں بھی اس کا تذکرہ ہے۔ ہیون سانگ نے خاص کر وادئ سوہرن کے مضبوط قلعوں کی بہت تعریف کی ہے۔ یہ وادی شہر پونچھ سے دس میل کے فاصلے پر ہے۔ لیکن اب ان قلعوں کا نام ونشان بھی مشکل سے ملتا ہے صرف کہیں کہیں چند کھنڈر باقی ہیں جو اپنی گذشتہ عظمت کی یاد میں سرنگوں ہیں۔ مغلوں کے عہد میں شاہاں مغلیہ خصوصاً جہانگیر بادشاہ اسی راستہ سے کشمیر جایا کرتے تھے۔ مابعد سکھوں کے عروج کے وقت بھی یہ خطہ کافی مشہور رہا چنانچہ سکھوں کے کئی بزرگ بھائی میلا سنگھ، روچا سنگھ، بندہ بیراگی اس خاک کی پیداوار ہیں۔!

شہر پونچھ کا قلعہ قابل دید عمارت ہے یہ مغلوں اور راجپوتوں کے زمانہ کی یادگار ہے۔ یہ شہر کے جنوب مغرب میں دریا کے قریب ایک اونچی جگہ پر بنا ہوا ہے قلعہ کا عقبی منظر بہت شاندار ہے۔ لیکن اس کا مشرقی حصہ جو حال ہی میں گرا کر دوبارہ تعمیر یا گیا ہے۔ چنداں دیدہ زیب ہیں اور اس کی ظاہری ٹیپ ٹاپ باقی حصوں کی کہنگی و پختگی کے مقابلہ میں ایک نہایت بھونڈا انداق پیش کرتی ہے۔

قلعہ کے قریب ہی فوارہ باغ ہے جو نشاط باغ سرینگر کا ایک ہلکا سا نفیس چربہ ہے اس باغ کی ڈیوڑھی ایک اونچی محراب دار عمارت ہے۔ جس پر جا بجا ہندو دیوئیوں اور دیوتاؤں کے رنگین بت بنے ہیں۔ ڈیوڑھی کے اندر داخل ہوتے ہی فوارہ باغ کی وسیع درمیانی روش نظر آتی ہے۔ جس پر بجری بچھی ہے اور جس کے دورویہ بلند وبالا سرد درخت کھڑے ہیں۔ یہ روش باغ کو ٹھیک دو حصوں مس تقسیم کرتی ہوئی زنانہ پارک کی طرف جاتی ہے۔ جو باغ کی زیریں منزل میں جنوب کی طرف واقع ہے۔ بالائی منزل میں ٹینس کورٹ اور حکام اعلی کا کلب ہے۔ یہ باغ بہت وسیع و پر فضاء ہے۔ شام کو لوگ باگ اکثر سیر کرنے کے لئے یہاں آتے ہیں اور آڑو ناسپاتی وغیرہ درختوں کے نیچے گھاس کے سبز مخملیں بچھونوں پر سنگدراج اور گلاب کی جھکی ہوئی عطر ریز ٹہنیوں کے قریب، پانی اچھالتے ہوئے فواروں کے پاس بیٹھ کر قدرت کے نظاروں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ رانی صاحبہ اٹیلیا کا خوشنما قصر اور موجودہ والئی ریاست کا موتی محل بھی قابل دید عمارت ہیں موتی محل مغربی طرز تعمیر کا مظہر ہے۔ یہ انگریزی دیہاتی

طرز پر بنا ہوا ہے اور نارمن اور گاتھک طرز تعمیر کا حسین امتزاج ہے۔

☆ ☆ ☆

پونچھ میں ہم تین روز رہے اور خوب سیر کی یہ صاف ستھرا، بانکا شہر ہے گلیاں عموماً پکی ہیں۔اور گندے پانی کے نکاس کا بھی اچھا انتظام ہے ہم یہ صفائی دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

چاچو نے خواہش ظاہر کی" کاش سرینگر بھی ایسا ہی صاف ستھرا شہر بن جائے۔"

اوتار سنگھ نے کہا" تمہاری خواہش بالکل فضول ہے اور نہ صرف فضول اور نکمی سی ہے بلکہ اس سے نقص امن کا بھی اندیشہ ہے اور ایک عالمگیر جنگ چھڑ جانے کا احتمال ہے۔"

چاچو بے چارہ حیران رہ گیا۔کہنے لگا" وہ کیسے"

اوتار سنگھ نے جواب دیا" نہایت سیدھی بات ہے۔اگر خدانخواستہ سرینگر صاف ستھرا شہر بن جائے تو پھر بھلا سوئزر لینڈ کون جائے اور اگر سوئزر لینڈ کوئی نہ جائے تو پھر سوئزر لینڈ کہاں سے اور سرینگر کے مقبول عام ہونے پر کیوں ہندوستان و سوئزر لینڈ میں جنگ چھڑ جائے؟ ٹھیک ہے؟ کیا تم نے مغربی اقوام کی تاریخ کا مطالعہ نہیں کیا ہے؟

جگدیش نے مسکراتے ہوئے کہا" کیا واہیات ہے۔اور پھر بفرض محال اگر یہ سب کچھ سچ بھی ہو تو پھر بھی جنگ کا چھڑنا نا ممکن ہے۔ کیا تم نے آج کا اخبار نہیں پڑھا؟"

گور بخش نے اچانک چلا کر کہا" اخبار؟ اخبار؟ ارے آج کا اخبار کدھر ہے؟ میں نے آج صبح ہی اس میں ایک منحوس خبر پڑھی ہے"

قربان علی نے جماہی لے کر پوچھا" کیا ہوا؟ کیا مسولینی نے خودکشی کر لی" گور بخش نے جلدی سے کہا۔ نہیں یہ بات نہیں ہے۔ تم کتنے گدھے ہو۔" سکھ چین نے نہایت سنجیدہ لہجہ میں کہا" تمہارے سمیت سات؟" ہم سب قہقہہ مار کر ہنس پڑے۔

گور بخش غصہ سے لال پیلا ہو کر بولا۔" اب تو تم ہنستے ہو۔ لیکن ذرا آج کا اخبار تو اچھی طرح دیکھ لو۔ سرینگر میں ہیضہ پھیل گیا ہے۔ ! سنا تم نے؟ اب خوب ہنسو! ہی ہی ہی؟"

ہم سب نے چلا کر کہا۔" ارے ہیضہ؟"

جگدیش نے خیمہ کے ایک کونے سے اخبار اٹھایا۔ ریاست جموں و کشمیر کا کالم پڑھا۔ واقعی سرینگر میں وبائی ہیضہ پھیل گیا تھا سیاح واپس جا رہے تھے۔

گوربخش نے تجویز پیش کی ''میرے خیال میں اب سرینگر جانے کا خیال دل سے نکال دینا چاہئے''

قربان نے کانپ کر قرارداد کی ان الفاظ میں تائید کی ''بالکل درست بے چارہ گوربخش ابھی ابھی کنوارے '' سے بیاہا'' بنا ہے۔ اس کی امید کا خون نہ کیا جائے''

سکھ چین نے زوردار الفاظ میں کہا ''اور میں ہیضہ کی موت نہیں مرنا چاہتا۔ یہ کچھ خلاف تہذیب سی موت ہے''

چاچو نے تجویز پیش کی ''تو بہتر یہ ہوگا کہ اگر ہم سرینگر نہیں جاسکتے تو ذرا بہرام گلہ تک ہی ہو آئیں۔ کافی ٹھنڈی جگہ ہے سطح بحرے سے کوئی نو ہزار فٹ بلند اور مشہور تاریخی مقام ہے کیوں؟'' یہ کہہ کر چاچو ہم سب کی طرف فاتحانہ انداز سے دیکھنے لگا۔ گویا کہہ رہا تھا'' دیکھا ایسی نادر تجویز سوائے میرے اور کسی کے دماغ میں نہ آسکتی تھی''

سب نے اس معقول تجویز پر صاد کیا اور ہم دوسرے روز بہرام گلہ کو روانہ ہو گئے۔

☆ ☆ ☆

اس دن میلے کچیلے بادل آسمان پر چھائے ہوئے تھے۔ ہم نے احتیاطاً دو اچھے مضبوط مزدور اپنے ہمراہ لے لئے تاکہ راستہ میں آنے والے طوفانی نالوں کو عبور کرنے میں مدد دے سکیں، ابھی ہم کوئی دو کوس ہی گئے ہوں گے کہ بوندا باندی شروع ہو گئی۔ زور کا جھکڑ چلنے لگا۔ مطلع تاریک ہو گیا۔ اور پھر چند جگہ جگہ پھسلن تھی۔ اور جگدیش کی پشاوری چپل جس کی وہ تمام راستے میں تعریفیں کرتا آیا تھا۔ اب یہاں اسے بار بار دھوکا دے جاتی تھی۔ اور وہ بیچارہ اکثر دھڑام سے گر پڑتا تھا۔ پہلی بار جب وہ گرا تو ہم سب نے لمبا سامنہ بنا کر اس حادثہ پر افسوس ظاہر کیا۔ لیکن جب ' رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج'' اب جبکہ جگدیش بار بار گرنے لگا تو یہ افسوس جلد ہی قہقہوں میں بدل گیا اور اب یہ حالت تھی کہ ہر دو فرلانگ چل لینے

کے بعد ہم جگدیش کے گرنے کے منتظر رہتے اور کوئی تنگ سی پگڈنڈی سبز سبز دھان کے کھیتوں میں سے گزرتی ہوئی نظر آجاتی تو ہماری خوشی کا کوئی ٹھکانہ رہتا۔ کیوں نکہ ہم جانتے تھے کہ جگدیش کی پشاوری چپل جس کی وہ راستے بھر میں تعریفیں کرتا آیا تھا۔ یہاں اسے ان پانی سے بھرے ہوئے دھان کے کھیتوں میں ضرور اوندھا گرائے گی۔ اور پھر کبھی ایسا ہوتا کہ جگدیش گرتے گرتے چاچو، موہن لال، اوتار قربان یا اور جو کئی بھی اس کے آگے یا پیچھے چل رہا ہوتا۔ اس کا ہاتھ پکڑنے کی کوشش کرتا اور اس طرح اسے بھی اپنے ہی ساتھ پانی میں دھکیل لے جاتا' غرضیکہ اسی طرح کیچڑ میں لت پت، بارش میں بھیگتے ہوئے گیلے میکنٹاش اوڑھے ہوئے، گرتے ہوئے گراتے ہوئے، تین روز سفر کرتے رہے، راستے دشوار گزار تھے۔، تنگ اور ٹیڑھی پگڈنڈیاں، دشوار گزار گھاٹیاں، طوفانی نالے، کئی جگہ تو راستہ ملتا ہی نہ تھا۔ اور پھر طرہ یہ کہ بلا کی موسلادھار بارش تھی۔ اور آسمان کسی غریب کی ٹوٹی ہوئی چھت کی طرح ٹپک رہا تھا۔ ان تین دنوں میں ہم نے پھاگلہ، سوہرن، لقبیاز تین جگہوں پر قیام کیا لیکن اف کس بلا کی سردی تھی۔ بجلی کی چمک، بادل کی گرج برفانی ہواؤں کے فراٹے، دریائے پونچھ کی پرشور روانیاں اور گیلے بستر، ایسا معلوم ہوتا کہ یہ جولائی کا مہینہ نہیں ہے۔ بلکہ دسمبر کا یخ بستہ موسم ہے۔

خدا خدا کر کے چوتھے دن آفتاب نے بادلوں سے منہ نکالا اور دھند میں لپٹے ہوئے سربفلک پہاڑ اور سرسبز مرغزا ایک نئی شان سے پھر جلوہ افروز ہوئے اوتار سنگھ نیلے ہونٹوں پر سرخی دوڑنے لگی اور گور نجش کے خاموش گلے سے سریلی تانیں نکلنا شروع ہوئیں اسی دن حسین شام کو جبکہ آفتاب ماڑھ کی برفانی چوٹی پر غروب ہو رہا تھا۔ اور جنگل کے وحشی آنکھوں والے نڈر گڈریئے ریوڑوں کو واپس گاؤں کی طرف لا رہے تھے۔ ہم مغلوں کے پرانے عشرت کدہ بہرام گلہ میں داخل ہوئے۔

☆ ☆ ☆

"گلہ" پہاڑی زبان میں "ایک تنگ راستہ" کا مفہوم ادا کرتا ہے۔ بہرام گلہ چاروں طرف اونچے اونچے پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے۔ اس کے جنوب مشرق میں ایک پہاڑ کو کاٹ کر وہ

راستہ بنا گیا تھا۔ جس راستہ سے شاہان مغلیہ کشمیر جایا کرتے تھے۔ اس کو بہرامی نام انجینئر نے تعمیر کیا تھا۔ اور اب یہ اس ہی انجینئر کے نام پر بہرام گلہ کہلاتا ہے۔ اس راستہ کا اب محض نشان ہی موجود ہے۔ مغلوں کے زمانے کی شاہ راہ اب ایک پگڈنڈی رہ گئی ہے۔ جس پر اب کبھی کبھی بھینس چراتے ہوئے گوالے یا کوئی اکاڈکا مسافر نظر آجاتا ہے۔ جس پہاڑ کو کاٹ کر یہ راستہ بنایا گیا تھا۔ اس کے دامن میں ایک طوفانی نالہ بہتا ہے۔ جس کا نیلا نچ کی طرح ٹھنڈا پانی کا تحان سے آتا ہے۔ کبھی اس کاغان کے نالے پر ایک مستحکم پل تھا۔ آج اس کی جگہ چند لکڑی کے ناتراشیدہ کندوں نے لے لی ہے جو پہلی برسات کی بارش میں ہی بہہ جاتے ہیں۔

بہرام گلہ ایک تنگ گھٹی ہوئی جگہ پر واقع ہے۔ جو کاغان اور چنڈی مڑھ کے نالوں کے درمیان ایک اونچی تلیٹی پر واقع ہے۔ اس کے شمال مشرق میں چنڈی مڑھ کی جانب سلسلۂ کوہ بہت اونچا ہو گیا ہے۔ اور متواتر برف و باراں سے بے ریش و برودت ہے سنگلاخ زمین اونچی چٹانیں، قومی ہیکل دیووں کی طرح سر اٹھائے ہوئے ہیں۔ جن پر انسان کا قدم رکھنا اپنی جان خطرے میں ڈالنا ہے۔ اور پھر یہاں سانپوں کی وہ بہتا ہے کہ توبہ ہی بھلی سیکڑوں ہزاروں سانپ، ہر چٹان کے نیچے سانپ، ہر چٹان کے اوپر سانپ دھوپ سینکتے ہوئے بل کھاتے ہوئے پھنکار تے ہوئے ،ایک ہیبت ناک نظارہ ہوتا ہے۔ بس یہاں ان ننگے اونچے، برفانی، سنگلاخ پہاڑوں پر صرف تین جاندار پائے جاتے ہیں۔ ایک تو یہی اشرف المخلوقات انسان ہے جو موسم گرماں میں یہاں کبھی کبھی نظر آجاتا ہے۔ بندوق اٹھائے ہوئے گھٹنوں تک چرمی موزے پہنے ہوئے شکار کی تلاش میں سرگرداں، دوسرا جاندار یہی سانپ جو اس اشرف المخلوقات کا ازلی دشمن ہے اور تیسرا جاندار ایک چوپایہ ہے۔ اس کا نام "مارخور" ہے کیونکہ یہ سانپ کھاتا ہے اور مارخور ایک نایاب جانور ہے۔ اور یہ چوپایہ ہمیشہ ان سرد برفانی۔ دشوار گزار چٹانوں پر اپنا بسیرا کرتا ہے۔ یہ نہایت مضبوط جفاکش پھرتیلا جانور ہے۔ اس کے سر کی ہڈی اور سینگ نہایت مضبوط ہوتے ہیں ۔اور اکثر اسے سر کے بل سو فٹ تک چھلانگ ،لگا تے دیکھا گیا ہے۔

مارخور کا شکار نہایت جان جوکھوں کا کام ہے۔ آج سے صدیوں پہلے ایک ایسے ہی شکار کو دیکھتے ہوئے ایک مغل بادشاہ کی جان گئی تھی۔ اس دن مارخوروں کا شکار ہو رہا تھا۔ اور دوپہر کے بعد چٹانوں کے بڑھتے ہوئے سایوں میں جہانگیر بادشاہ دل کا لاابال شہزادہ سلیم نہیں بلکہ بوڑھا

جہانگیر ایک مچان پر بیٹھا ہوا مار خوروں کا شکار دیکھ رہا تھا سامنے ایک شکاری بہت دیر سے ایک مار خور کے تعاقب میں تھا۔ کبھی چٹانوں کے اوپر بہزار دقت قدم رکھتا ہوا کبھی چٹانوں کی اوٹ میں چھپتا ہوا، سانپوں سے ڈرتا ہوا، بھونک پھونک کر قدم رکھتا ہوا لیکن نہایت ہوشیاری سے، چالاکی سے، پھرتی سے وہ ہر لحظہ اپنے شکار کے قریب آرہا تھا۔ اور کس دلچسپی سے، انہماک و شوق سے جہانگیر گردن بڑھائے ہوئے لب کھولے ہوئے، اس انتظار میں تھا کہ کب شکاری شکار پر جھپٹتا ہے۔ کہ اتنے میں دفعتاً شکاری ایک اونچی چٹان سے پھسلا، اس کے دونوں ہاتھ بے اختیار اوپر اٹھ گئے۔ فاتحانہ نگاہوں میں موت کی تاریکی دوڑ گئی، منہ سے ایک دلخراش چیخ نکلی اور دوسرے لمحہ شکاری چار سو فٹ نیچے ایک چٹان پر گرا اور گرتے ہی پاش پاش ہو گیا۔

جہانگیر کے دل پر ایک ناقابل برداشت چوٹ لگی۔ اسے ایسا معلوم ہوا کہ اس کا دل دھک کر منہ میں آگیا۔ جہانگیر نے ہاتھ کے اشارے سے کھیل کو بند کرنے کا حکم دیا رات کو اسی صدمہ سے اسے بخار ہو گیا، شاہی حکماء نے بہتیرا علاج کیا۔ لیکن موت کا علاج ان کے پاس نہ تھا۔۔ چنانچہ پانچ چھ روز بخار میں مبتلا رہنے کے بعد مغلیہ خاندان کا یہ روشن ستارہ ٹوٹ کر فضائے بسیط میں گم ہو گیا۔ وہ لاؤ لشکر وہ گہما گہمی، وہ نواب، امیر زادے، عربی گھوڑے خواجہ سرا، حسین کنیزیں، راجپوت جرنیل، کسی کو کانوں کان خبر تک نہ ہوئی۔ صرف ملکہ نور جہاں اور تین چار معتبر افراد اس حادثے سے باخبر تھے۔ مشہور کر دیا گیا کہ بادشاہ کی طبیعت بدستور ناساز ہے اسی حالت میں زیرک ملکہ لبوں پر مسکراہٹ مگر دل میں خون کے آنسو روتی ہوئی لاہور پہنچی آگے جو کچھ ہوا وہ سب دنیا جانتی ہے۔

☆ ☆ ☆

بہرام گلہ میں ہم سات روز رہے لیکن کبھی بھول کر بھی چندی مڑھ کے خونیں پہاڑ پر نہ گئے۔ ہاں ہم چندی مڑھ کے چھوٹے سے قصبہ میں پرانی مغلیہ سرائے دیکھنے ضرور گئے وہ کسی زمانے میں نہایت شاندار سرائے ہو گی۔ لیکن جب ہم نے اسے دیکھا تو بالکل خستہ حالت میں تھی۔ جن کمروں میں کبھی نواب اور راجے مہاراجے آکر اترا کرتے تھے۔ وہاں آج چوہے دوڑ رہے

تھے۔ اور زمانے کے انقلاب پر زبان حال سے "زندہ باد" کے نعرے بلند کر رہے تھے۔اکثر کمروں میں پہاڑی لوگوں نے قبضہ جما رکھا تھا ۔اور گھر بنار کر رہتے تھے۔ چنانچہ جن اصطبلوں میں کبھی عربی گھوڑے ہنہناتے تھے ۔ وہاں آج بھینیس جگالی کر رہی تھیں۔ اور چھتوں اور منڈیروں پر اُگی ہوئی گھاس نہایت مؤثر لہجہ میں محکمہ آثار قدیمہ کو دعوت عمل دے رہی تھی۔

یہاں کے لوگ غریب، شکیلااور جفاکش ہیں۔ صرف موسم گرما میں یہاں رہتے ہیں ۔اور اپنی زمینوں میں کاشت کرتے ہیں۔یہاں سال بھر میں صرف ایک فصل ہوتی ہے۔ موسم سرما میں یہ لوگ بال بچوں سمیت نیچے گرم علاقوں میں اتر جاتے ہیں۔اور مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالتے ہیں۔ تاریخ کا اثر دیکھئے صدیاں گزرا جانے کے بعد بھی ان لوگوں میں "نور جہاں" اور "جہانگیر" نام رکھنے والوں کی اکثرت ہے۔ ہر گھر میں کم از کم ایک "نور جہاں" اور یک "جہانگیر" ضرور موجود ہے کئی بار مرکب ناموں میں ان دو ہستیوں کا نام آجاتا ہے مثلاً نور جہاں، فاطمہ، جہانگیر شیر علی خاں اور ایسے کئی عجیب عجیب نام سننے مس آتے ہیں۔بالعموم ہر گاؤں کے کو "جہانگیر" کہا جاتا ہے۔اور ہر حسین عورت "نور جہاں" کے نام سے پکاری جاتی ہے۔

چندی مڑھ کی سرائے دیکھ کر واپس آتے ہوئے پہاڑی رہبر نے پہلا راستہ چھوڑ دیا ۔یعنی جس راستہ سے ہم سرائے دیکھنے گئے تھے اور ایک دوسرا راستہ اختیار کیا جو ایک تنگ سی پگڈنڈی کی صورت میں ڈھلوان ہو کر آخر چندی مڑھ کے نالے میں ختم ہو جاتا تھا۔ راستہ میں میں نے رہبر سے سوال کیا۔

"تم اب ہمیں کدھر لے جا رہے ہو؟"

"کچھ دکھانے کے لئے!"

"وہ کیا؟ کوئی شکستہ مزار یا فرسودہ قلعہ"

اوتار سنگھ نیناک چڑھا کر کہا "تمہاری مراد شاید کسی عورت سے ہے۔ اگر ایسا ہو تو (کانوں پر ہاتھ رکھ کر) میں باز آیا"

قربان ہنسکر کہنے لگا "اوتار۔! تمہیں کیوں نہ جنسی منافرت پھیلانے کے جرم میں کالے پانی بھیج دیا جائے"

اوتار سنگھ بولا "تو کیا کالے پانی میں عورتیں نہیں ہیں۔ بخدا اگر ایسا ہو تو میں آج ہی

کوئک مارچ کرنے کو تیار ہوں"

ہمارا رہبر کہنے لگا" صاحبو آپ کو کالے پانی جانے کی ضرورت نہیں جو چیز میں اب آپ کو دکھانے والا ہوں وہ حقیقت میں خود بھی نہایت خوب صورت ہے اور ایک خوب صورت کے نام سے وابستہ ہے"

اس ہم سب چپ ہوگئے۔

اب ہم نالے میں چل رہے تھے۔ کبھی پانی میں سے گزرتے ہوئے کبھی پتھروں کو پھاند تے ہوئے نالے کے دونوں طرف نہایت دلآویز ہریاول تھی۔ جو آنکھوں کو نہایت بھلی معلوم ہوتی تھی۔ رنگ برنگ کے پھول کھلے ہوئے تھے۔ جن کی مہک سے ساری ہوا معطر تھی۔ سنبلو اور رس بھری کی جھاڑیاں پھلوں سے لدی پھندی تھیں چلتے چلتے ہم کسی پھلدار جھاڑ کے پاس ٹھہر جاتے اور جھکی ہوئی شاخوں سے پکے ہوئے سنبلو اور سرخ سرخ رس بھریاں توڑ توڑ کر کھاتے، کہیں شمشاد کے نازک بوٹے کھڑے تھے۔ تو کہیں اخروٹ کے قد آور درخت لانبے لانے ڈال پھیلائے ہوئے سایہ کررہے تھے اور ان جنگلی پرند بیٹھے تھے، جنگلی طوطے، ککڑ، رت گلے اور سنہولے جن کے پر تتلیوں کی طرح رنگین تھے۔ اور جن کی بولیاں بلبل کے نغموں کی طرح دلفریب تھیں۔ کبھی کوئی پرندہ پر پھیلائے کوکو کرتا۔ قوس و قزح چمکتا ہوا سامنے سے گزر جاتا اور آنکھوں کو روشن کر جاتا، کبھی کوئی صدیوں کیپرانے شہاہ بلوط کا چھتنار اسامنے آجاتا، جس کے خوشگوار سائے میں نوجوان چرواہنیں اور چرواہے ریوڑوں کو ساتھ لئے ہوئے، گاتے ہئے، الغوزے بجاتے ہئے دکھائی دیتی ہیں۔

اس طرح چلتے ہوئے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے ایک دوسرے کو چھیڑتے ہوئے ہم ایک پل کے قریب پہنچے جو نالے کو عبور کرنے کے لئے دو دیوار کے درختوں کو گراکر بنایا گیا یہ بل ایک تنگ موڑ پر تھا۔ جس سے آگے آنیوالی جگہ ہم سے پوشیدہ ہوگئی تھی۔ ہمارے رہبر نے کہا" یہی وہ جگہ ہے۔ ذرا کان لگا کر سنئے!"

ایک مدھم ساشور، جیسے دو ہزار آدمیوں کے مجمع سے پیدا ہوتا ہے سنائی دیا ہم اشتیاق میں جلدی سے آگے بڑھے اور تیز تیز قدموں سے موڑ کاٹ کر پل عبور کیا۔

سبحان اللہ!

کتنا خوب صورت آبشار تھا۔ کئی چار سو فٹ اونچا، پہاڑ کی چوٹی پر سے دو چٹانوں کو چیر کر نکلتا تھا۔ اور پھر کوئی دو سو فٹ نیچے اتر کر ایک اٹھی ہوئی چٹان کے پیچھے سے گم ہو جاتا تھا۔ اور پھر اسی چٹان کے قدموں سے لاکھوں بھنور بناتا ہوا نکلتا اور پتھروں پر سر پٹکتا ہوا شور مچاتا ہوا ایک نالے کی صورت اختیار کر لیتا تھا۔ آبشار کے دونوں طرف جھاڑیوں سے ڈھکی ہوئی چٹانوں پر کہیں کہیں اونچے قد آور درخت کھڑے تھے۔ اور پانی کے چھوٹے چھوٹے لاکھوں موتیوں سے مزین تھے۔

''میں آہستہ سے پوچھا۔ ''اس کا کیا نام ہے؟''

''نوری چھنم۔!'' رہبر نے جواب دیا۔

(The Fall Of Light)

نوری چھنم۔!　　　　نور جہاں!

(The Light Of The World)

یہاں ہوا میں جاں بخش خنکی تھی اور ایک عجیب سی خوشبو، کچھ کچھ اوزون (Ozone) سے ملتی جلتی اور گو ہم آبشار سے ڈیڑھ دو سو گز کے فاصلے پر تھے پھر بھی آبشار کی ہلکی ہلکی پھوار پر پڑ رہی تھی۔ پانی کی چھوٹی چھوٹی بوندیں لاکھوں، کروڑوں، انگنت شبنم کے حسین قطروں درختوں کے پتوں پر، جھاڑیوں کی جھکی ہوئی شاخوں پر بنفشہ کے شرمائے ہوئے پھولوں پر پڑ رہی تھیں، آبشار کے قریب ہی یہ نیچے چٹان میں غائب ہو رہا تھا۔ ایک خوشگوار ہلکا سا دھواں اٹھ رہا تھا۔ اور اس کے بیچ میں ایک دل کش قوس و قزح تھی۔ مدھم اور رنگین، یہ قوس و قزح ہر لحظہ ٹوٹ کر نئی بن جاتی تھی۔ پہاڑ کی چوٹی پر سے لاکھوں ٹن پانی نیچے گر رہا تھا۔ رفتار میں نہایت تیز اور نہایت ہی آہستہ ایک لمحہ میں پانی بجلی کی سی سرعت کیساتھ نیچے جاتا ہوا معلوم ہوتا اور دوسرے لمحہ میں ایسا دکھائی دیتا کہ آبشار بالکل ساکن بن کر رہ گیا ہے۔ اور گویا آبشار نہیں، محض برف کا ایک مہیب تودہ ہے۔ ایک گلیشیر...... ہے لیکن پھر فوراً ہی یہ احساس بھی زائل ہو جاتا اور گرتے ہوئے پانی کے کروڑوں بلبلے روئی کے گالوں کی طرح سفید، آبشار کی رعد کی سی آواز اور اڑتی ہوئی اوزن سے بھری ہوئی پھوار جلدی ہی پہلے احساس کو برقرار کر دیتی۔

رہبر آہستہ آہستہ گویا کسی بھولے ہوئے قصہ کو دوہرا رہا ہو کہنے لگا ''وہ جو سامنے بڑھی ہوئی چٹان آپ دیکھ رہے ہیں۔ وہ چٹان بالکل آبشار کے نزدیک، یہ چٹان جہانگیر بادشاہ کے وقت میں بہت آگے بڑھی ہوئی تھی۔ اور اس چٹان پر پتھر کی دو کرسیاں بنی ہوئی تھیں۔ ان پر جہانگیر بادشاہ اور ملکہ نور جہان دوپہر کے بعد بیٹھا کرتے تھے۔ اِدھر اُدھر پہاڑیوں پر قناتیں لگادی جاتی تھیں۔ اس آشار کے قدموں میں کنیزوں کے تیرنے کے لئے ایک تالاب بنایا گیا تھا جہاں!

پتہ نہیں رہبر کیا کہہ رہا تھا۔ لیکن میری آنکھوں سے صدیوں کا پردہ ہٹ گیا تھا۔ میں اپنے سامنے ان دو کرسیوں پر بیٹھے ہوئے جوڑے کو دیکھ رہا تھا۔ ایک تھا جہانگیر بادشاہ، شہزادہ سلیم، انار کلی کا عاشق' اور دوسری ہندوستان کی ملکہ نور جہاں مرزا غیاث کی بیٹی، شیر افگن کی بیوی اور اب مغل بادشاہ کی چہیتی منکوحہ، قناتوں کے اندر آنے جانیوالوں کے لئے سزائے موت تھی۔ لیکن میں تو جہانگیر بادشاہ کے قریب کھڑا سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ وہ ایک جام ارغوانی ہاتھ میں لئے ملکہ کے قریب جھک کر کیا کہہ رہا تھا۔؟ اور ملکہ اسے کیا جواب دے رہی تھی؟ کیا اسی جانفزا پھوار کے قطرے اس ارغوانی جام میں ٹپک رہے تھے۔ اور کیا ملکہ کی بل کھاتی ہوئی زلفیں اسی پھوار کے موتیوں سے گندھی ہوئی تھیں؟''

مگر نہیں؟...... یہ تو محض ایک وہم تھا۔ سراب حقیقت! یکایک اس ارغونی جم نے چھلکے کر آبشار کی صورت اختیار کر لی مغل بادشاہ اور حسین ملکہ کی تصویریں معاً نگاہوں کے سامنے سے ہٹ گئیں۔ شاید ہوا کا وہی جھونکا انہیں واپس اڑا کر لے گیا۔ جس نے آج ایک دم کے لئے آج سے ساڑھے تین سو سال پہلے کی تاریخ کے فرسودہ ور نگین اوراق الٹ دیئے تھے۔ اب پھر آنکھوں کے سامنے وہی آبشار تھا۔ خوب صورت ہیبت ناک وحشی دل پر ایک عجیب احساس طاری ہوگیا۔ قدرت کی جمالی کیفیتوں کے آگے انسان حسن کس قدر ہیچ ہے۔ اور اس کے پر ہیبت شکوہ و جلال کے سامنے انسانی طاقت کس قدر پست نظر آتی ہے۔ پانی کے ان لاکھوں کروڑوں ٹوٹتے ہوئے بلبلوں میں بشریت کی مکمل تاریخ موجود تھی۔ اور قدرت کی ابدیت کے ساتھ ساتھ انسانی زندگی کم مائیگی اور بے چارگی کا ابھی اعتراف تھا۔ غالباً آج سے ہزاروں برس پہلے بھی یہی آبشار ہوگا۔ بالکل اسی طرح حسین دلفریب انسانی صدیاں اس کے چند لمحات ہیں۔ اور انسانی مسرتوں اور غموں کے مقابلہ میں اس کے پاس اپنی ابدی وحشیانہ ہنسی ہے۔

پتہ نہیں میں کتنی دیر وہاں بیٹھا رہا۔ پتہ نہیں میں کتنی دیر اور وہاں بیٹھا رہتا اگر ایک مدھم اور نحیف آواز مجھے اس روحانی خواب سے جگا نہ دیتی، جب میں ہوش میں آیا تو چاندنی چھٹکی ہوئی تھی۔ اور آبشار کا پانی ایک نورانی سل بنکر گر رہا تھا۔ میرے سامنے ایک بوڑھی عورت کھڑی تھی، دوہری کمر، چہرے پر لاتعداد جھریاں، روئی کی طرح سفید بال اور نحیف آواز میں کہہ رہی تھی "بابا، ایک پیسہ، خدا کا واسطہ ایک پیسہ"

میں جلدی سے اٹھ کھڑا ہوا اور اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔ میرے ساتھی پرے ایک ٹیلے پر بیٹھے تھے۔ چپ چاپ اور اکڑوں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی مافوق الفطرت سحر سے مسحور ہوگئے ہیں۔ سارا منظر افسانوی اور الف لیلوی تھا، ایسا گمان ہوتا تھا کہ ہم انسانوں کی سرزمین میں نہیں ہیں۔ بلکہ کسی جنوں یا پریوں کی دنیا میں آگئے ہیں۔ لیکن اس بوڑھی عورت کی کمزور آواز نے پھر چونکا دیا۔

"بابا ایک پیسہ، خدا کے واسطے ایک پیسہ۔"

میں نے جلدی سے جیب سے ایک پیسہ نکال کر دیا وہ مجھے دعائیں دینے لگی میں نے آبشار کی طرف دیکھتے ہوئے اس سے پوچھا "تم اسے جانتی ہو؟"

اس نے آہستہ سے پراسرار طریق سے سر کو ایک اثباتی جنبش دی۔

وو اس کا کیا نام ہے؟ تم جانتی ہو؟"

اس نے رک رک کہا "نوری...... چھنم...... نوری...... چھنم"

شاید وہ کوئی بھولا بسرا واقعہ یاد کر رہی تھی۔

"معاً مجھے کچھ یاد آگیا۔ میں نے پوچھا "تمہارا نام کیا ہے؟"

"نورجہاں!"

یہ کہہ کر اس نے آہستہ سے سر جھکا لیا۔ اور لکڑی ٹیکتی ہوئی آگے چل پڑی اس کے پریشان بال چاندی کے تاروں کی طرح چمک رہے تھے۔

مامتا

کوئی دو بجے کا وقت تھا۔ بادلوں کا ایک ہلکا سا غلاف چاند کو چھپائے ہوئے تھا۔ یکایک میری آنکھ کھل گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ساتھ کی چارپائی پر اماں سسکیاں لے رہی ہیں۔

"کیوں امی؟ میں نے گھبرا کر آنکھیں ملتے پوچھا۔

"کیوں...... امی!" اماں نے سسکیوں اور ہچکیوں کے درمیان میرے سوال کو غصہ سے دوہراتے ہوئے کہا "شرم نہیں آتی، باپ کو بھی اور بیٹے کو بھی اتنے بڑے ہوگئے ہو۔ کچھ خدا کا بھی خوف نہیں"

"آخر ہوا کیا؟" میں نے جلدی سے بات کاٹ کر پوچھا "یہ آدھی رات کیوقت رونا کیسا۔؟"

گرمیوں کے دن تھے ہم سب برآمدے میں سو رہے تھے۔ مگر ابا اندر سامنے ایک کمرے میں سو رہے تھے۔؟ ان کی طبیعت ناساز تھی اور انہیں اکثر گرمیوں میں بھی سردی لگ جانے کا اندیشہ لاحق رہتا ہے۔ اس لئے عموماً وہ اندر ہی سویا کرتے تھے آخر ان کی آنکھ بھی کھل گئی وہیں بستر پر سے کروٹ بدل کر بولے "کیا بات ہے وحید؟ تمہاری اماں کیوں رو رہی ہیں؟"

"میں کیا بتاؤں ابا، بس رو رہی ہیں۔"

"ہاں اور تمہیں کس بات کی فکر ہے۔" اماں کی ہچکیاں اور بھی تیز ہوگئیں پتہ نہیں میرا لال اس وقت کس حالت میں ہے میرا چھوٹا محمود، اور تم یہاں پڑے آرام سے سو رہے ہو ۔ وہاں اس کا کون ہے۔ نہ ماں، نہ بھائی، نہ بہن اور تم یہاں خراٹے لے رہے ہو آرام سے جیسے تمہیں کسی بات کی فکر ہی نہ نہیں (سسکتے ہوئے) میں نے ابھی ابھی اپنے چھوٹے محمود کو خواب

میں دیکھا ہے، وہ ایک میلے کچیلے بستر میں پڑا بخار سے تپ رہا تھا۔ اس کا پنڈا تنور کی طرح گرم تھا ۔وہ کراہتے ہوئے اماں، اماں، کہہ رہا تھا۔" یہ کہہ کر اماں زور سے رونے لگیں۔

اماں کا"چھوٹا محمود" اور میرا بڑا بھائی لاہور بی، اے میں تعلیم پاتا تھا تھرڈ ایئر میں ' میں ایف 'اے کا سالانہ امتحان دے کر لاہور سے یہاں مئی کے مہینے ہی میں آگیا تھا۔ مگر محمود کو ابھی لاہور کی تپتی ہوئی فضاؤں میں پورا ایک ماہ اور گزرنا تھا۔ لیکن اب جون کا مہینہ بھی گزر گیا تھا اور محمود ابھی تک لاہور سے واپس نہ آیا تھا۔ اماں بہت پریشان تھیں اور سچ پوچھیے تو ہم سب بہت پریشان تھے۔ ہم نے اُسے پرسوں ایک تار بھی دیدیا تھا اور مدتوں کے بعد اچانک کل ہی محمود کا خط آیا تھا۔ چند مختصر سطور تھیں۔ لکھا تھا۔"میں بیمار ہوں ملیریا کا بخار ہے۔ لیکن اب ٹوٹ رہا ہے ۔چند دنوں سے یہاں بہت بارش ہو رہی ہے۔ اگر لاہور کا یہ حال رہا تو اسلام آباد میں کیا ہو گا۔ کشمیر آنے کا راستہ کھلا ہے۔ جلدی لکھئے کہ کس راستہ سے آؤں۔ کیا جموں بانہال روڈ سے آؤں ...... کہ کوہالہ، اوڑی سڑک سے، کونسا راستہ بہتر رہے گا۔؟" ہم نے سوچ بچار کے بعد ایک تار دیدیا تھا۔ گو بارش بہت ہو رہی تھی۔ اور دونوں سڑکیں شکستہ حالت میں تھیں۔ پھر بھی کوہالہ اوڑی، بانہال روڈ سے بہتر حالت تھی۔ اس لئے یہی مناسب سمجھا کہ محمود کوہالہ روڈ ہی سے آئے ، اب آدھی رات کیوقت یہ افتاد آپڑی۔

ابا کی نیند پریشان ہو گئی تھی۔ چیں بجبیں ہوتے ہوئے بولے "تو اس کا کیا کیا جائے؟ اور تمہیں تو یونہی دل میں وسوسے سے اٹھا کرتے ہیں۔ بھلا اس کا علاج کیا ہے؟ آخر محمود کوئی بچہ تو نہیں؟ تمہیں فکر کس بات کی ہے۔ ہزاروں ماؤں کے لال لاہور میں پڑھتے ہیں اور ہوسٹلوں میں رہتے ہیں۔ آتا ہی ہو گا۔ آج صبح وہ لاہور سے چلا تو شام کو وہ راولپنڈی پہنچ گیا ہو گا۔ کل کو ہالے اور......"

اماں جلدی سے بولیں "اور......اور؟...... کیا غضب کرتے ہو۔ اور اگر خدانہ کرے اس کا بخار ابھی نہ ٹوٹا ہو تو پھر؟ میں پوچھتی ہوں تو پھر؟" یہ کہہ کر اماں رک گئیں اور دوپٹہ سے آنسوں پونچھ کر کہنے لگی "مجھے موٹر منگوادو میں ابھی لاہور جاؤں گی"

"اب تم سے کون بحث کرے ہمیں تو نیند آئی ہے۔" یہ کہہ کر ابا کروٹ بدل کر سو رہے میں نے بھی یہی مناسب جان کر آنکھیں بند لیں مگر کانوں میں اماں کی مدھم سسکیوں کی

آواز جسے وہ دبانیکی بہت کوشش کر رہی تھی برابر آرہی تھی۔ کیا دل ہے ماں کا اور کتنی عجیب ہستی ہے۔ اس کی؟ میں آنکھیں بند کئے ہوئے سوچنے لگا ۔ماں کا دل، ماں کی محبت، مامتا، کس قدر عجیب جذبہ ہے۔ عالم جذبات میں اس کی نظیر ملنی محال ہے۔ نہیں یہ تو اپنی نظیر آپ ہے ایک سپنے کے دھند لکے میں اپنے بیمار بیٹے کو دیکھتی ہے اور چونک پڑتی ہے۔ لرز جاتی ہے مامتا کیا اس جذبے کی اساس ہے۔ محض جسمانی ہے۔ محض اس لئے کہ بیٹا ماں کے گوشت و پوست کا ایک ٹکڑا ہے؟ اور کیا ہم سچ مچ فلابیر کے تخیل کیمطابق اس کائنات میں اکیلے ہیں۔ تنہا بے یارومدد گار ایک دوسرے کو سمجھتے ہوئے بھی نا آشنا مگر میں بھی تو محمود کا بھائی ہوں، میری رگوں میں بھی وہی خون موجزن ہے۔ ہم دونوں ایک دوسرے کو چاہتے ہیں اور اپنی زندگی کے ان میں سالوں میں صرف دو دفعہ محمود سے جدا ہوا ہوں۔ اور وہ بھی نہایت قلیل عرصہ کے لئے پھر میں کیوں اس قدر اس کے لئے بیتاب و بیقرار نہیں۔ مامتا کیا ہم سچ مچ پتھروں کے تودے کی طرح ہیں۔ مصر کے میناروں کی طرح خوصورت لیکن بیجان اشوک کے کتبوں کی طرح سبق آموز لیکن بے حس، بے روح؟ مامتا۔!...... بدھ نے کہا تھا کہ یہ دنیا دھوکا ہے، سراب ہے۔ مایا ہے ہوگی لیکن یقین نہیں پڑتا۔ آخر یہ حسین جذبہ کہاں سے آیا؟ اور کائنات کے ایک گوشے میں سسکتی ہوئی ماں کیا یہ بھی ایک دھوکا ہے؟ سچ جانئے یقین نہیں پڑتا

چھوٹا محمود...... میرا ننھا محمود میرا لال۔

امی ہلکی ہلکی ہچکیوں میں بھائی کا نام لے رہی تھیں۔ کتنی معمولی سی بات تھی۔ بھائی جان شاید ابھی لاہور میں ہی ہوں گے۔ ضیافتیں اڑاتے ہوں گے سینما دیکھتے ہوں گے۔ یا گر لاہور سے چلے آئے ہو تو راولپنڈی اس وقت خواب خرگوش میں پڑے خراٹے لے رہے ہوں گے۔ ملیریا کیا عجیب ملیریا کا بخار مطلق ہی نہ ہو میں، بھائی جان کے بہانوں کو خوب جانتا ہوں امان بھی جانتی ہیں مگر پھر بھی رو رہی ہیں۔ آخر کیوں؟ مامتا۔! شاید یہ کوئی روحانی قرابت ہے۔ شاید اس دنیا کے وسیع صحرا میں ہم اکیلے نہیں ہیں۔ شاید ہم محض پتھروں کے تودوں کی طرح

نہیں ہیں شاید اس انسانی مٹی میں کسی ازلی آگ کے شعلوں کی تڑپ ہے معاً مجھے موپاساں کا افسانہ ''تن تنہا' یاد آگیا۔ جس میں اس نے اس شدید احساس تنہائی کا رونا رویا ہے۔ آہ بے چارہ موپاساں، وہ ایک ماہر نفسیات تھا اور ایک ماہر نفسیات کی طرح وہ کئی بار نفسیاتی واردات کا صحیح اندازہ کرنے سے قاصر رہا۔ اس کے افکار نے اسے اکثر غلط راستہ پر ،ڈال دیا'' تن تنہا'' ایک ایسی ہی مثال ہے۔

وہ لکھتا ہے۔

''عورت ایک سراب ہے اور حسن ایک فروعی امر ،ہم ایک دوسرے کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتے ،میاں بیوی سالہا سال ایک دوسرے کیساتھ رہتے ہوئے بھی ایک دوسرے سے بیگانہ ہیں...... دو دوست ملتے ہیں۔ اور ہر دوسری ملاقات ایک دوسرے سے دور چلے جارہے ہیں...... نسوانی محبت مستقل دھوکا ہے ...... اور جب میں عورت کو دیکھتا ہوں تو مجھے چاروں طرف موت ہی موت نظر آتی ہے''

میں نے آنکھیں کھول کر اماں کی طرف دیکھا۔ امی روتے روتے سو گئی تھیں گال آنسوؤں سے گیلے تھے اور بند آنکھوں پر آنسو چمک رہے تھے۔ کیا امی موت ہے؟ اور کیا مامتا بھی کوئی ایسا ہی ہلاکت آفریں جذبہ ہے؟ شاید موپاساں غلطی پر تھا شاید اسے یہ لکھتے ہوئے وقت اپنی شفیق ماں کی یاد نہ آئی تھی۔ وہ اس کی جاں بخش لوریاں وہ نرم نرم تھپکیاں جبکہ وہ بچوں کی طرح صرف ''اوں ،اوں'' کہہ کر بلبلا اٹھتا تھا اور اس کی چھاتی سیلپٹ جاتا تھا...... نسوانی محبت مستقل دھوکا ہے...... شاید اپنی ماں کے وہ طویل بوسے بھول گئے کہ جب بڑا ہونے پر بھی اسکا نفسیاتی سر اپنے بازوؤں میں لے لیتی تھی اور پیار کرتی تھی۔ جب وہ مامتا سے بے قرار ہو جاتی تھی۔ اور ان کی غیر حاضری میں بھی اس کی راہ دیکھا کرتی تھی اس کی ہر غلطی کو بچوں کی بھول سے تعبیر کیا کرتی تھی۔ اور ہر گناہ کو نیکی میں بدل کر دیتی تھی۔ اس دنیا میں ہم اکیلے نہیں ہیں بلکہ ہمارے ساتھ ہماری مائیں ہیں ۔ وہ اس شدید احساس تنہائی جس کی موپاساں کو شکایت ہے ۔ جو دنیوی کلفتوں اور

الفتوں میں بھی انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتا نجانے وہ ماں کی گود میں آکر کیسے ناپید ہو جاتا ہے۔؟ماں کے جذبہ محبت میں ایک ایسی دیوانگی ووار فتگی ہے جو اسکی امانت کو فنا کر دیتی ہے۔ اور اس کی ذات کو بچوں میں منتقل کر دیتی ہے۔

یقیناً ہم اس دنیا میں اکیلے نہیں ہیں۔ بلکہ ہمارے ساتھ ہماری مائیں ہیں...... یقیناً
مگر......

☆ ☆ ☆

غٹر غوں، غٹر غوں، ککڑوں کوں، ککڑوں کوں۔ کبوتر، مرغ، چڑیاں دوشیزہ سحر کو خوش آمدید کہہ رہے تھے ان کی خوش الحانی نے مجھے بیدار کر دیا اور میں اٹھ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ ٹانگیں چارپائی سے نیچے لٹکا دیں اور آنکھیں ملنے لگا اتنے میں آنگن سے اماں کی آواز آئی۔

"بیٹا وحید اٹھو، محمود آگئے۔"

آنکھیں کھول کر دیکھا تو سچ مچ...... اماں آنگن میں اُگے ہوئے پنجتارے کے بوٹے کے نیچے ایک مونڈھے پر بیٹھی تھیں اور محمود ان کے پیروں پر جھکا ہوا تھا۔ میں جلدی سے اٹھا آنگن میں ہم دونوں بھائی بغلگیر ہوئے۔

اتنے دن کہاں رہے؟" میں نے محمود سے پوچھا۔

محمود نے شوخ نگاہوں سے میری طرف دیکھا اور ایک آنکھ میچ لی پھر گردن موڑ کر پنجتارے کے سرخ سرخ پھولوں کے گچھوں کو غور سے دیکھنے لگا۔

"کوئی سات روز جھڑی رہی، متواتر بارش ہونے سے سڑک نہ جابجا بہہ گئی تھی۔ اور سپرنٹنڈنٹ ٹریفک نے راستہ بند کر دیا تھا اس نے میرے ہاتھ کو پکڑ کر زور زور سے ہلانے لگا۔

اماں کدو چھیل رہی تھیں۔ اور ہم دونوں کو دیکھتی جاتی تھیں۔ ان کی آنکھیں پر نم تھیں۔ آنسوؤں کے ان دو سمندروں میں خوشیوں کی جل پریاں ناچ رہی تھیں۔

وہ کالج میں نیا نیا داخل ہوا تھا۔ پہلے شاید موگہ کالج میں تعلیم پاتا تھا۔ پھر جب اس کا بڑا بھائی لاہور کے ایک بنک میں ملازم ہو گیا، وہ بے حد شرمیلا تھا چھریرے بدن کا خوبرو جوان، فراخ پیشانی کھلتا ہوا رنگ، متبسم ہونٹ وہ ہونٹ جو ایک شرمیلی مسکراہٹ کے باوجود ہر وقت کسی نامعلوم جذبے کو زیر اثر تھر تھراتے رہتے تھے، جماعت میں عموماً وہ پچھلے بنچوں پر بیٹھا کرتا۔ اور ہمیشہ ایک کونے میں، اسے کسی نے کبھی جماعت میں کوئی شرارت کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ نہ وہ لڑکیوں پر چاک پھینکتا تھا۔ اور نہ ہی کاغذ کے ہوائی جہاز، اور تو اور اس نے تو کبھی فاضل پروفیسر کی عمدہ تقریر کے دوران میں ایک پیسہ تک بھی بطور تحسین پروفیسر کی میز پر نہ پھینکا تھا۔

اور پھر ایک دن مجھے پتہ چلا کہ وہ شاعر بھی ہے۔

کالج کے ہوسٹل میں ہمارے کمرے ساتھ ساتھ تھے۔ اس لئے ہم دونوں ایک دوسرے سے بہت جلدی مانوس ہو گئے تھے۔ اس نے مجھے بتایا کہ وہ لائل پور کا رہنے والا ہے۔ موضع ماموں کانجن، وہ سات بھائی ہیں۔ ایک مینم، ایک وکیل۔ ایک اسکول ماسٹر ایک آڑھتی۔ ایک بزاز۔ ایک افیون کا سرکاری ٹھیکدار، اور ساتواں اور سب سے چھوٹا وہ خود ایک طالب علم تھا۔ چھ بھائی تو بیاہے جا چکے تھے۔ اور ان کی بیویاں اگرچہ کافی بدصورت تھیں۔ مگر جہیز کے معاملہ میں بہت "حسین" واقع ہوئی تھیں۔ اور اب اس کی باری تھی بی، اے پاس کرنے کے بعد۔

شاید اسی امر نے اسے شاعر بنا دیا تھا۔

موسم سرما کی چاندنی راتوں میں جب بادلوں کے ہلکے ہلکے ٹکڑے پریزادوں کی طرح آسمان میں اڑ رہے ہوتے اور ہلکی۔ نرم سپید چاندنی کا برتو ہوسٹل کے کنگروں کو کسی پرستانی قلعے کے میناروں کی طرح پراسرار اور حسین بنا دیتا۔ ہم دونوں ہوسٹل کی چھت پر کسی برج میں جا بیٹھتے ہیں۔ میں اس سے بوچھتا۔

''سچ کہنا، کیا تم نے کانن سے زیادہ خوصورت اور باحیالڑکی کہیں دیکھی ہے خصوصا جس دن وہ سپید ساری اور نقرئی آویزے پہن کر جماعت میں آتی ہے تو کیسی پیاری معلوم ہوتی ہے۔ ایمان سے کہنا کیا اس وقت تمہارا دل یہ نہیں چاہتا کہ ایک ہلکا سا چاک کا ٹکڑا اس طرح پھینکا جائے کہ اس کے کانوں کے قریب اس کی سفید ساری کے دلفریب دھاریئے سے چھوتا ہوا گویا اسے چومتا ہوا گزر جائے اور ایک چمبیلی کے پھول کی طرح اس کے قدموں میں جا گرے...... ایمان سے، کلاس روم میں بیٹھے بٹھائے خراج حسن ادا کرنے کا اس سے بہتر ذریعہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ کیوں کنہیا لال...... اور پرنسپل اور پروفیسروں کی بدذوقی تو دیکھو کہ ہمیں اس قسم کی باتوں پر بھی جرمانہ کرنے سے نہیں چوکتے اور ''بدمعاش'' اور ''لفنگا'' کے خطاب الگ بخشے جاتے ہیں۔ جی چاہتا ہے......

کنہیا لال ایک شعر گنگنا نے لگا اور پھر اس نے آہستہ آہستہ مدھم لہجہ میں اپنی داستان محبت کہہ ڈالی، شرمیلی محبت، جو ایک نوزائدہ کلی کی طرح پتوں میں چھپی رہی۔ اس نے یہ داستان رُک رُک کر بیان کی۔ اس کے ہلکے مدھم لہجہ میں وہ مٹھاس اور حلاوت تھی جو اس پہاڑی گیت میں ہوتی ہے۔ جسے جنگل کی ہواؤں نے کسی کمسن چرواہے کے نازک لبوں سے پہلی مرتبہ سنا ہو۔ اس کی آنکھوں میں شرم اور حلیمی تھی جو محبوب کی پہلی نگاہوں میں ہوتی ہے۔ داستان شروع کرنے سے پیشتر اس نے ایک بار سوئے مشرق دیکھا کہ اس کی آنکھوں کی پتلیاں تاروں کی طرح چمک رہی تھیں۔

''ہمارے گھر میں پانی بھرنے کا کام ایک بیوہ برہمنی کے سپرد ہے اس کی ایک لڑکی ہے رکمن'' کنہیا لال نے رُک کر کہا ''رکمن کو تم نے نہیں دیکھا اسی لئے کانن کی دن رات تعریف کیا کرتے ہو۔ رکمن کا ایک چچا ہے، جس نے رکمن کے باپ کے مرنے کے بعد اس کی تمام جائداد پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور رکمن اور اس کی ماں کے لئے دو کوٹھڑیاں رہنے کے لئے دے رکھی ہیں۔ ماں بیٹی

دونوں بڑی مشکل سے دن کاٹ رہی ہیں۔اور دو تین گھروں میں برتن مانجھ اور پانی وغیرہ بھرتی ہیں ہمارے ہاں ان کا آنا جانا بہت ہے۔ وہ بیچاریاں جب ہمارے گھر آکر میری بد صورت بھابیوں کو اپنے دُکھڑے سناتی ہیں تو انہیں بہت رحم آتا ہے، اور اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ صبح یا شام کے وقت رکمن کی ماں رکمن کے چچا کی ایذا پرستی کی ایک نئی داستان سنا رہی ہیں۔ میرے چھ بڑے بھائی بھی ان کے گرد جمع ہو گئے ہیں اور رکمن کی شبنم فشاں آنکھوں کی طرف دیکھ دیکھ کر ہمدردی جتا رہے ہیں۔ ان کا روئے سخن ہمیشہ رکمن کی طرف ہے نہ کہ رکمن کی ماں کی طرف، مثلاً بات تو کر رہی ہے رکمن کی ماں، لیکن میرے بڑے بھائی جو سیٹھ رنچھور لال جی کے ہاں منیم ہیں، رکمن سے کہہ رہے ہیں۔

"اچھا رکمن تو ہمارے ہاں چلی آ، ہم یہاں تجھے کوئی تکلیف نہ ہونے دیں گے، ہے نا؟"

اور پھر باقی پانچوں بھائی سر ہلا کر کہتے ہیں۔ہاں، ہاں، ہاں، بھلا رکمن کی ماں اور رکمن تمہیں اپنے چچا کے ہاں رہنے کی کیا ضرورت ہے۔ ہمارے ہاں آ جاؤ نا رکمن۔!"

انسانی ہمدردی کے اس شدید مظاہرے کے وقت میری بھابیوں کی صورتیں دیکھنے کے لائق ہوتی ہیں، یا پھر کبھی یوں ہوتا ہے کہ رکمن ہمارے گھر اداس اور غمگین صورت بنائے آتی اور؟

پہلا بھائی:۔ "کیا بات ہے رکمن؟"
دوسرا بھائی:۔ "رکمن، کیوں کیا بات ہے؟"
تیسرا بھائی:۔ "رکمن اداس کیوں ہو؟ رکمن؟"
چوتھا بھائی:۔ "کیا کسی نے تجھے کچھ کہا ہے؟"

پانچویں بھائی کی باری آنے سے پہلے ہی رکمن پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتی اور سسکیوں کے درمیان کہتی جاتی۔ چچا نے ماں کو آج پھر پیٹ ڈالا ہے ...... چچا نے ...... چچا نے ہوں ...... ہوں ......"

پانچویں بھائی نے گرج کر کہا۔ "چچا نے مارا ...... ؟ کیوں اسے کیا حق ہے۔ تمہاری ماں کو پیٹنے کا؟ وہ کہاں سے آیا سالا، حرامزادہ، شہدا، کیوں جی؟ میں پوچھتا ہوں اسے تمہاری ماں کو پیٹنے کا

کیا حق ہے۔؟

اور چھٹے بھائی ہاتوں کی مٹھیاں بھینچ کر کہتے "کمبخت آج ملا راستہ میں کہیں تو اس سے پوچھ لوں گا کہ ایک غریب بیوہ کو کس طرح ستایا جاتا ہے۔؟"

چھٹے بھائی کی لال لال آنکھیں دیکھ کر رکمن ڈر جاتی اور آہستہ سے کہتی "نہ، نہ بھیا تم کہیں انہیں مار نہ بیٹھنا...... پھر تو آفت ہی آجائے گی۔"

اور چھٹے بھائی اسی "آفت" کے آجانے کے خیال سے چپ ہو رہتے، یوں بھی تو ہم میں سے کون اتنا دلیر تھا جو رکمن کے چچا سے جا کر لڑتا، وہ تو ایک بڑا ہی بدمعاش، چھٹا ہوا۔ پرلے درجے کا بد طینت آدمی تھا۔ اس سے لڑائی مول لینے کو کون تیار تھا۔ یہ ہمدردی کا شدید جذبہ تو میرے بھائیوں کے دل میں محض اس لئے بار بار طوفانی صورت اختیار کر لیتا تھا کہ رکمن ایک نہایت ہی انجان، بھولی بھالی معصوم اور بے حد خوب صورت دوشیزہ تھی۔ اور میرے بھائیوں کی بیویاں بہت ہی چالاک۔ فربہ اندام اور بد صورت تھیں اور پھر انہیں آج تک اپنے متوسط طبقے کی معاشرت میں کہیں حسین لڑکی سے باتیں کرنے اور اس کے ساتھ ہمدردی جتانے کا موقع نہ ملا تھا۔ جب وہ بیچارے دن بھر کی محنت و مشقت کے بعد تھکے ماندے گھر واپس آتے تو اکثر اپنی جاہل اور پھوہڑ بیویوں کو یونہی چھوٹی چھوٹی نکمی باتوں پر لڑتے جھگڑتے دیکھتے۔ اس امر کا نفسیاتی رد عمل تم جانتے ہو ایک ہی صورت اختیار کر سکتا تھا۔

"عشق یا ہوس" میں نے آہستہ سے پوچھا۔

"کچھ سمجھ لو" کنہیا لال نے متین لہجہ میں جواب دیا "یہ ایک ہی جذبہ کے دو مختلف مدراج ہیں۔ میرے بھائیوں کو رکمن سے باتیں کرنے میں جو مزہ آتا تھا۔ اسے حاصل کرنے کے لئے اور اس کی لذت سے بہرہ ور ہونے کے لئے وہ مختلف طریق استعمال کرتے تھے۔ لیکن اگر ان تمام طریقوں کو اکٹھا کر کے انہیں جزیاتی صورت میں دیکھنے سے احتراز کیا جائے اور بحیثیت مجموعی ان پر نظر ڈالی جائے تو وہ تمام طریقے ایک تسلسل کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔

مثلاً تمام بھائیوں کی یہ کوشش ہوتی تھی کہ اپنے جذبہ ہوس کو ایک دوسرے سے چھپائے رکھیں۔

جہاں تک ہو سکے رکمن سے اس وقت باتیں کی جائیں جب اور کوئی بھائی وہاں موجود نہ

ہوں۔

رکمن پر اپنی ذاتی ہمدردی، خاندان کے دیگر اراکین سے الگ تھلگ ہو کر جتائی جائے۔

یہ ثابت کیا جائے کہ سچی ہمدردی صرف "اسے" ہو سکتی ہے اور باقی سب بھائی یونہی دکھاوے کے لئے باتیں بناتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ

"اور تم؟" میں نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔ "تم ساتویں بھائی تھے۔ اور غالباً بہت شریف......"

کنہیالال شرما سا گیا۔ کہنے لگا میں؟ تو اسے دیکھتا ہی رہتا، حتیٰ کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہو جاتی۔ اس کی باتیں سنتا ہی رہتا۔ یہاں تک کہ وہ خاموش ہو جاتی اور پاؤں کے انگوٹھے سے زمین کریدنے لگتی۔ میں تمہیں کیا بتاؤں، میں اسے کس قدر چاہتا ہوں۔ رکمن کے آتے ہی میری حالت متغیر ہونے لگتی خون کی روانی تیز ہونے لگتی، طاقت گویائی سلب ہو جاتی میں اس سے بات کرنا چاہتا لیکن نہ کر سکتا، بس ٹکٹکی لگا کر اس کی طرف دیکھتا رہتا، تمہیں کیا بتاؤں وہ کس قدر حسین ہے اور جب وہ مسکراتی ہے تو اس کے لبوں کی داہنی طرف ایک نہایت دلفریب خم پڑتا ہے۔ جسے دیکھ کر میں اکثر دیوانہ ہو گیا ہوں۔

کنہیالال رک گیا۔ پھر ذرا ٹھہر کر بولا۔

پچھلی گرمیوں کی چھٹیوں میں میں نے کئی بار سوچا کہ اگر اسے رکمن! رکمن! میری جان رکمن! یہ کہہ کر بلاؤں تو پھر کیا ہو گا۔ کہ وہ مجھے گالیاں تو نہ دیگی کیا وہ اپنی ماں سے جا کر تو نہ کہے گی۔ اپنے بھائیوں اور بدصورت بھابیوں کا تو مجھے مطلق خوف نہ تھا۔ آخر میں نے تہیہ کر لیا کہ رکمن سے بات کروں، میں نے دل میں سوچا کہ اس طرح خاموش محبت کرنے سے تو مر جانا ہی بہتر ہے آخر ہو گا کیا۔ یہی نا، کہ وہ میری محبت ٹھکرا دے گی۔ میں اس سے یہ کہونگا اور وہ مجھے یوں جواب دیگی، جس کے جواب میں میں اسے یہ کہوں گا، اور وہ کہے گی۔ کہ مجھے تو ڈر لگتا ہے اور میں کہوں گا۔ کہ ڈر کیسا؟ رکمن، جب دو دل محبت کرنے پر تل جاتے ہیں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں نہیں روک سکتی اور پھر وہ ایک شرمیلی ادا سے اپنے بازو میرے گلے میں حائل کر دے گی۔ اور میں پیار بھری نگاہوں سے......

یکایک ایک کھٹکا سا ہوا میں چونک پڑا۔ سامنے دیکھا تو رکمن کھڑی تھی سر پر پانی کا گاگرا

اٹھائے ہوئے۔ اس کے ماتھے پر زلفیں بل کھائے بھیگی پڑی تھیں۔ اور اس کی لانبی لانبی پلکیں بھی پانی کے قطروں سے جھکی پڑی تھیں۔ بڑی مشکل سے انہیں اوپر اٹھا کر میری طرف دیکھ کر کہا " کاہن ذرا گاگر اتو اتروادو"

میں وہیں کھڑا کا کھڑا رہ گیا۔ آج کتنا اچھا موقع تھا۔ گھر میں کوئی بھی نہ تھا۔ نہ بھائی نہ بھابیاں، کتے بلیاں سب غائب تھے۔ کیسا عجیب اتفاق تھا میں ایک گھبرائے ہوئے بطخ کے بچے کی طرح رکمن طرف دیکھنے لگا۔

"میں نے کہا کاہن (وہ مجھے کاہن کہا کرتی ہے) ذرا گاگر اتروادو، کھڑے کھڑے کیا دیکھ رہے ہو۔"

میں نے گاگر اتروادی۔

رکمن دالان کے ایک ستون کا سہارا لے کر کھڑی ہو گئی وہ ہاپ رہی تھی۔ چہرہ لال تھا۔ زلفیں لہرائی ہوئیں، کیا کر رہے ہو؟" رکمن نے یونہی پوچھا۔

"کچھ نہیں ...... کچھ نہیں ......" میں نے ایک مجرم کی طرح جواب دیا وہ ہنسی یونہی، ایک دلکش ہنسی، جیسے کسی مست رقاصہ کے گھنگھرو ایک دم بج اٹھیں پھر وہ چپ ہو گئی اور چند لمحوں تک کامل خاموشی رہی۔

"بھابیاں کہاں ہیں؟" اب پھر رکمن نے پوچھا اور اپنی جبین کے بال درست کرنے لگی۔

پنڈت جھگڑو رام کے ہاں کھانا ہے، وہاں گئی ہیں۔؟

اچھا! اس نے "اچھا" کچھ اس طرح مدھم اور رازدارانہ لہجہ میں کہا کہ میں نے سمجھا گویا ہوا کا کوئی لطیف جھونکا نیم کے نکیلے جھومروں میں نغمہ حیات پیدا کرتے ہوئے گزر گیا۔

پھر تھوڑی دیر کے بعد اس نے اپنی کمر کو جھٹک دیا، اپنے شانوں کو جھٹک دیا اپنی گردن کو جھٹک دیا۔ یہ سب کچھ بالکل غیر شعوری طریق پر ہوا۔ اس کے بعد اس نے لاابالی انداز میں کہا" اچھا کاہن میں چلتی ہوں۔"

وہ چلی گئی۔

اے، اے رکمن! میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔

وہ ڈیوڑھی سے لوٹ آئی "کیا کہتے ہو؟" اس کا چہرہ بالکل بھولا بھالا اور ہر قسم کے

جذبات سے عاری تھا۔

میری آنکھیں نیچی ہوگئیں، اور چہرہ بھی لال ہو گیا "کچھ نہیں، کچھ نہیں رکمن" میں نے آہستہ سے کہا۔

وہ کچھ دیر تک وہاں کھڑی رہی اور میں اس سے نگاہیں نہ ملا سکا پھر میں نے دیکھا کہ اس کے قدم آہستہ سے ڈیوڑھی کی طرف مڑ گئے۔

وہ جا رہی تھی۔

ارے، بیوقوف، گدھے، وہ جا رہی ہے۔

میں بھاگ کر ڈیوڑھی کی طرف گیا۔ وہ اس تنگ و تاریک ڈیوڑھی میں سے گزر رہی تھی۔ میں نے دوڑتے دوڑتے رک جانا چاہا، لیکن میرے قدم مجھے اس کے پاس لے ہی گئے۔ میں نے اسے بازوؤں سے پکڑ لیا اور کانپتے ہوئے لہجہ میں کہا۔ رکمن، رکمن، میری سنو اور پیشتر اس کے کہ وہ میر بات سن سکتی میں نے اپنے لب اس کے لبوں پر رکھ دیئے۔

رکمن کے بدن میں سر سے پاؤں تک ایک جھرجھری سی آتی ہوئی معلوم ہوئی اس نے بڑی مشکل سے اپنے آپ کو مجھ سے جدا کیا اور پھر ایک زور کا طمانچہ میرے منہ پر رسید کیا اور ایک زقند لگا کر ڈیوڑھی سے باہر نکل گئی۔

میں رکمن کے پیچھے بھاگتا ہوا گیا۔ بوقوفوں کی طرح پیچھے بھاگ رہا تھا۔ اور دل میں ڈر رہا تھا کہ اگر اس نے کسی سے کہ دیا تو پھر...... رکمن ذرا ٹھہر تو سہی، تجھے پرماتما کی سوگند ہے رکمن!

لیکن رکمن روتی ہوئی آنچل سے آنسو پونچھتی ہوئی آگے آگے بھاگی جا رہی تھی اور زور زور سے کہہ رہی تھی ابھی ماں جی سے کہوں گی۔ ابھی چچا سے کہوں گی۔ ابھی چچا سے کہوں گی...... ابھی تمہارے بڑے بھائیوں سے کہوں گی۔

کیا ہوا رکمن، تو میری بات تو سن لے، تجھے دیوی کی سوگند اگر تو کسی سے کچھ کہے تجھے گائے ماتا کی قسم۔

رکمن ٹھہر گئی اور آتش بار نگاہوں سے میر طرف دیکھ کر بولی "ایسی سخت قسمیں دیتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آتی۔"

اب ہم دوڑتے بھاگتے گھر سے دور نکل آئے تھے۔ یہاں چھوٹے ٹیلے تھے اور ایک ریتلا میدان جس میں کہیں کہیں آک کی جھاڑیاں اُگی ہوئی تھیں۔ پرے ایک درختوں کا جھنڈ تھا اور اس کے پیچھے رکمن کے چچا کا گھر اس جھنڈ کی اوٹ میں سورج غروب ہو رہا تھا۔ اور کوے کائیں کائیں کرتے ہوئے مغرب کو بھاگ رہے تھے، سورج کی شعاعوں میں ان کے پر سونے کے بنے ہوئے معلوم ہو رہے تھے۔ میرے سامنے رکمن کمر پر ہاتھ رکھے ایک عجب شان دلربائی سے کھڑی تھی۔ اس کے آنچل کے تاروں سے سورج کی کرنیں چھن چھن کر آ رہی تھیں۔

"اب کبھی چھیڑو گے؟" رکمن نے ملائم لہجہ میں کہا۔

میں نے سر ہلا دیا "ہرگز نہیں۔"

وہ ایک ٹیلے پر بیٹھ گئی اور پاؤں سے ریت کرید کرید کر ایک محراب کی شکل سی بنانے لگی۔ جب محراب بن گئی تو اس نے آہستہ سے اپنا پاؤں محراب کے نیچے سے نکال لیا۔ اب ریت کی محراب تیار ہو چکی تھی۔ رکمن نے فتحمندانہ نگاہوں سے طرف دیکھا۔

"یہ کیا ہے؟" میں نے مسکراتے ہوئے اس سے پوچھا۔

"یہ تمہاری قبر ہے۔" رکمن نے شوخی سے کہا اور پھر قہقہہ لگا کر ہنس پڑی شریر لڑکی چیخ چیخ کر ہنس رہی تھی۔

"لاؤ ذرا دیکھیں۔ تو" میں نے اسے پرے دھکیل کر کہا اور پھر لات مار کر ریت کی محراب کو مسمار کر دیا۔

اوف...... اس کی ہنسی فوراً بند ہو گئی یہ تم نے کیا کر دیا (ہاتھ بڑھا کر) لگاؤں ایک طمانچہ اور............

میں نے سر جھکا کر کہا۔ "ضرور، اب ایک نہیں ایک سو طمانچہ لگاؤ، اگر اف کر جاؤں تو کہنا۔"

وہ گھر جانے کے لئے آہستہ سے مڑی اور ڈوبتے سورج کے تپتے ہوئے سنہری سیال نے یکایک اس کے رخ کو روشن کر دیا۔ اس کی نگاہوں میں ایک عجیب چمک تھی۔ جاتے جاتے اس نے مدھم لہجہ میں کہا۔

''ہم گھر جاکر کہیں گے کہ کاہن ، بڑا بد معاش ہے۔''
اتنا کہہ کر کنہیالال رُک گیا ہے۔
پھر؟ میں نے بے صبری سے پوچھا۔
''...... پھر؟''کنہیالال نے آہستہ سے کہا...... پھر گرمی کی چھٹیاں ختم ہوگئیں اور میں یہاں چلا آیا۔

ہم دیر تک دونوں خاموش بیٹھے رہے۔ ہوا کے ہلکے ہلکے جھونکے آرہے تھے اور پرے پیپل کے درخت کی ایک ٹہنی میں چاند ایک ٹوٹے ہوئے کنگن کی طرح اٹک گیا تھا۔ نیچے سڑک پر ایک پوربیا گاڑی بان ''پیتم کیوں بھیو اداس، پیتم کیوں بھیو اداس'' گاتے ہوئے بیل گاڑی چلاتا ہوا گزر رہا تھا۔

بہت دیر کے بعد میں نے کنہیالال سے پوچھا ''اور رکمن؟''
کنہیالال مسکرا کر کہنے لگا۔ ''میرے بھائی اپنی غلطیوں کی خمیازہ مجھے بھگتنے پر مجبور نہیں کر سکتے، انہوں نے روپیہ چاہا انہیں، روپیہ مل گیا۔ اب وہ اپنی بد صورت بیویاں دیکھ کر کڑھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ میری شادی بھی کسی موٹی، سانولی، اجڈ، گنوار سے کر دی جائے لیکن میں روپیہ نہیں مسرت چاہتا ہوں۔ اور مسرت کا نام رکمن ہے۔ اور یہ بات رکمن بھی اچھی طرح سے جانتی ہے۔

''یہ بات ہے!'' میں نے سر ہلا کر کہا۔
''ہاں!''
بات ختم ہوگئی اور ہم دونوں برج سے اٹھ بیٹھے۔ لیکن نیچے سڑک پر گزر جانے والے گاڑی بان کیلئے بات ابھی پوری نہ ہوئی تھی۔ وہ ابھی تک گاتا ہوا چلا جا رہا تھا۔ ''پیتم کیو بھیو اداس ! پیتم کیوں بھیو اداس؟

☆ ☆ ☆

میرے لئے کالج کی زندگی بہت جلد ختم ہوگئی۔ بہت سالوں کے بعد مجھے ایک

دن پھر کنہیالال ملا۔ میں لاہور بسلسلہ سیاحت آیا تھا۔ کرسمس کے دن تھے۔ اور انارکلی میں بہت رونق تھی یونہی گھومتے گھومتے کنہیالال مل گیا۔

ارے،!

میں نے سے بہت مشکل سے پہچانا۔ اس کا کھلتا ہوا رنگ اب دھوئیں کی طرح میلا ہو گیا تھا۔ جبیں شکن آلود تھی۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی ہونٹ۔ خشک اور چہرے پر چھائیاں جسم سوکھے ہوئے بانس کی طرح نظر آرہے تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ وہ ایم، اے انگریزی میں اول رہا اور اب لاہور میں کسی کالج میں پروفیسر ہے۔

مگر تمہیں۔ ہوا کیا؟" میں نے حیران ہو کر پوچھا۔

میرا سوال سن کر وہ آہستہ لیکن بے حد تلخ لہجہ میں بولا "میرا عقیدہ ہے کہ ہندوستان کی موجودہ معاشرت میں عورت کو باعزت طریق پر حاصل کرنا ناممکن ہے، یہاں شادیاں ہوتی ہیں۔ لیکن محبت نہیں ہوتی۔ ہمارے ماں باپ ہمیں سب کچھ معاف کر سکتے ہیں ہمارے سب عیوب چھپا سکتے ہیں قتل، چوری، ڈاکہ، بددیانتی لیکن وہ یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتے کہ کوئی ان کی مرضی کے خلاف کسی لڑکی سے محبت کرنے کی جرأت کرے، نتیجہ؟ نتیجہ تم کہو گے نتیجہ صاف ظاہر ہے۔ رکمن براہمنی تھی اسے ایک پچاس سال کا بوڑھا لیکن امیر براہمن بیاہ کر لے گیا۔ میں بنیا تھا۔ میرے پلے ایک چڑچڑی گھگھیا بھگیا کر باتیں کرنے والی بنیائین باندھ دی گئی۔ وہ بوڑھا براہمن چند مہینے ہوئے رام رام کرتا ہوا اس دنیا سے چل بسا اور اب کمسن اور حسین رکمن بیوہ ہے، ماں بھی بیوا اور بیٹی بھی بیوہ، وہ اب میلے کپڑے پہنتی ہے اور سر جھکا کر چلتی ہے جیسے اپنے بوڑھے خاوند کے موت کی ذمہ دار ہے۔

میں نے بات کا رخ پلٹنا چاہا۔ چنانچہ میں نے آہستہ سے کہا" سناؤ تمہارے بال بچے تو ہونگے۔ راضی خوشی ہیں۔"

جیسے اس نے میری بات کا غلط مطلب لے لیا ہو۔ وہ ملامت بار نگاہوں سے میری طرف دیکھ کر بولا۔

"بچے پیدا کرنے کا یہ مطلب کیسے ہو سکتا ہے کہ مجھے اپنی بیوی سے محبت ہے۔ شادی

ایک سودا ہے، دیگر اشیا کی طرح لڑکے لڑکیاں بھی سیم وزر کے دیناروں کے عوض بیچے جاتے ہیں۔ اور یہ طریقہ موجودہ نظام زندگی کے عین مطابق ہے۔ اور بچے ...... ''وہ ایک تلخ ہنسی ہنس کر کہنے لگا۔ '' بچے تو ایک کامیاب شادی کا جزولاینفک ہیں۔ اور پرماتما کا شکر ہے کہ ہندوستان میں ننانوے فیصد شادیاں اس لحاظ سے کامیاب ہوتی ہیں، تمہیں میرے بچوں کا حال سن کر حیرت ہوگی۔ میں چھ بچوں کا باپ ہوں، رینگتے ہوئے بچے، بسورتے ہوئے بچے، چیختے ہوئے بچے۔ اور میری طرف غصہ بھری نظروں سے دیکھ کر بولا ''اس میں میرا کیا قصور ہے پچیس چھبیس سال کی جنسی فاقہ پرستی کے بعد اگر ہندی نوجوان کی زندگی میں ایک عورت آجائے تو وہ کیوں نہ چوم چوم کر اس کا حلیہ بگاڑ دے۔ مگر شرط یہ کہ وہ عورت ہو۔ کوئی عورت، ایک کانی عورت، لنجی عورت ایک عورت جس کی شکل تمہارے کوٹھے کے پرنالے سے بھی زیادہ حسین ہو مگر وہ عورت ضرور ہو۔

اس کا سانس پھول گیا اور وہ کھانسنے لگا۔ کچھ مضائقہ نہیں، اب تھوڑے دن رہ گئے ہیں۔ اب رات کو مجھے بخار بھی ہو جاتا ہے۔، کبھی کبھی کھانسی کے ساتھ خون کے قطرے بھی آجاتے ہیں۔ اب جلدی ہی اس قید سے چھوٹ جاؤں گا۔ لیکن مجھے اپنی فکر نہیں، مجھے فکر ہے تو صرف یہ کہ میں جتنا روز بروز دبلا ہو رہا ہوں۔ میری بیوی اتنی ہی موٹی ہوتی جارہی ہے۔

میں۔ ہنسا '' بھائی کنہیالال معلوم ہوتا ہے تمہارے دماغی توازن برقرار نہیں رہا، ذرا کسی پہاڑ پر چلے جاؤ، جو ہونا تھا، ہو چکا، خوش رہا کرو۔ دیکھو میاں کتنی چہل پہل ہے۔ یہ دلفریب ساریاں، بے فکروں کے قہقہے، رومان اور خوشی۔

'' رومان اور خوشی ؟'' کنہیالال نے جھنجلا کر کہا۔ اس کی آنکھیں بے نور ہو گئیں اور وہ پہلے سے بھی بدصورت نظر آنے لگا۔ تم ان لوگوں کی خوشی کا غلط اندازہ کر رہے ہو، یہ لوگ پیدا ہونے سے پہلے مر چکے ہیں۔ ان کا گلا ان کے ماں باپ نے خود اپنے ہاتھوں سے گھونٹ دیا ہے۔ یہاں نہ رومان ہے نہ خوشی۔ یہ تو چلتی پھرتی لاشیں ہیں۔ لاشیں۔

وہ رک گیا اور پھر میری طرف عجیب نگاہوں سے دیکھ کر بولا ''تم جانتے ہو، جہاں رومان اور خوشی نہیں ہوتی وہاں کیا ہوتا ہے ؟...... وہاں ہوتا ہے ؟ مذہب، مذہب اور صرف مذہب، اب رکمن مجھ سے بات تک نہیں کرتی ہے وہ دن رات مالا جپتی ہے اور اپنے آپ کو اور

مجھے دونوں کو پاپی سمجھتی ہے ہاں، ہاں، ہاں،!

کنہیالال زور زور سے ہنسنے لگا۔

☆ ☆ ☆

کنہیالال کی ہنسی نے بے اختیار میرے جسم کے رونگٹے کھڑے کر دیئے۔ میرے جسم میں ایک جھر جھری سی ائی اور میرے جسم کے روئیں روئیں کو کانپتا ہوا چھوڑ گئی پتہ نہیں کیوں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ کنہیالال کے پچکے ہوئے گالوں کو دیکھ کر مجھے بے اختیار وہ ریت کی قبر یاد آگئی جو ایک شام غروب آفتاب کے وقت کانجن کے ایک ریتیلے میدان میں ایک پنجابی دوشیزہ نے اس کے لئے تیار کی تھی۔

گوماں

نام ہے گومتی، پنڈت جی پیار سے گوماں گوماں کہا کرتے ہیں۔ مجھے اس سے ایک طرح کاانس ہے، حقیقت یہ ہے کہ اس سے پیار کرتے ہیں۔ اس کی محبت کادم بھرتے ہیں۔ اس کے چاہنے والوں میں سے ہیں۔ اپنا نام اس طرح جاں نثاروں میں لکھواتے ہیں۔ کہ لوگ انہیں۔ گومتی کا عاشق تصور کریں۔ مجھ سے کئی بار اس معاملے پر بحث کر چکے ہیں۔

''دیکھو بھئی میں مفت میں بدنام ہورہا ہوں۔ لوگ طعنے دیتے ہیں۔ اس بے چاری کو، لیکن اگر سچ پوچھتے ہو، تم جانتے ہو میں تم سے کوئی بات نہیں چھپاتا دھرم سے کہتا ہوں اور تم جانتے ہو مجھے دھرم سے بڑھ کر اور کوئی چیز پیاری نہیں۔ مجھے گومتی سے انس ہے۔ بس اس انس میں گناہ کا شائبہ تک بھی نہیں، لوگ یونہی بدنام کرتے ہیں۔''ایک لمبی سانس لے کر......

''میرا کیا ہے۔ اکیلی جان ہوں کچھ کٹ گئی ہے۔ کچھ کٹ جائے گی۔ مجھے تو اس بے چاری کی فکر ہے۔ اور اگر اس کے خاوند کو پتہ لگ جائے تو پھر کیا ہو۔ تم جانتے ہو مرد کتنے شکی مزاج ہوتے ہیں۔ اور عورتوں کو اپنا ناموس کس قدر عزیز ہے گو میری محبت پاکیزہ ہے۔ تم جانتے ہی ہو، سانچ کو آنچ نہیں پھر بھی...... خلق کا منہ کون بند کر سکتا ہے۔ تم جانتے ہی ہو۔ اچھا چھوڑو۔ اس معاملے کو، لوگ یوں ہی شوشے چھوڑ دیا کرتے ہیں۔ ہمارا دل صاف ہے۔ لوگ جو چاہیں بکیں ۔ آؤ چائے پئیں۔

اور پھر ہم چائے پینے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔

پنڈت جی بڑے مشہور ڈاکٹر ہیں۔ قصبہ اور آس پاس گاؤں کے تمام ڈھور ڈنگران کے پاس بغرض علاج آتے ہیں۔ ان کا پورا نام ہے۔ پنڈت بام دیوا گنی ہوتری آف سلوتری میں نے

انہیں۔ اکثراسی طرح دستخط کرتے ہوئے دیکھا ہے لوگ انہیں۔ صرف "پنڈت جی" کہہ کر پکارتے ہیں، یوں بھی دیکھنے میں۔ اچھے خاصے بد صورت ہیں اور انہیں اپنی کم مائیگی اتنا ہی احساس ہے جتنا ایک حسین کو اپنے حسن کا۔

ایک دفعہ آئینہ سامنے رکھے مونچھوں کو تیل لگا رہے تھے۔ یکایک بول اٹھے۔

"لال حسین، تمہیں پتہ ہے کنکریٹ کیا ہوتا ہے؟"

میں نے جواب دیا "نہیں تو"

"دیکھو، ہم تمہیں بتائے دیتے ہیں۔ کنکریٹ وہ مسالہ ہے جس سے خالق نے بیسویں صدی کے انسان کو بنائے، یہ بات سائنسدانوں نے بڑی کھوج کے بعد دریافت کی ہے انہوں نے اس مسالہ کو تیار بھی کر لیا ہے۔ مگر اس سے وہ انسان تیار نہیں کر سکے اگر وہ ایسا کر سکیں تو ان میں اور پر میشور میں کیا فرق رہ جائے سچ ہے نا۔"

"بجا فرمایا آپ نے"

"تو دیکھونا، ہم تو سب اس مسالے سے بنے ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ خدا نے آپ لوگوں کو پہلے بنایا اور مجھے سب سے آخر۔"

"وہ کیسے۔؟"

"بڑی سیدھی بات ہے، دیکھونا۔ جب خدا سب لوگوں کو بنا چکا ہے تو جو باکھچا مسالہ پڑا تھا۔ اسے دیکھ کر سوچ میں پڑ گیا۔ آخر اس کا کیا کیا جائے تو بہت غور خوض کے بعد اس نے یہ فیصلہ کیا کہ اس سے ایک ایسا مجسمہ تیار کیا جائے جو سب سے الگ ہو۔ اپنی نظیر آپ ہو، جس کے رعب حسن سے عورتیں۔ غش کھا جائیں، بچے ماؤں کے گودیوں میں چھپ جائیں۔ جس کے جلال سے مردوں کے پیٹ میں بل پڑ جائیں ہنستے ہنستے قولنج ہو جائے وہ نوری مجسمہ میں ہوں ذرا دیکھو تو...... ناک اندر دھنسی ہوئی۔ چیچک کے داغ، مہاسے اور یہ ہونٹ پکے ہوئے انجیر کی طرح پھٹے ہوئے" یہ کہہ کر آپ نے آئینہ زور سے میز پر پٹخ دیا اور لگے اپنے آپ کو گالیاں دینے۔

پھر کچھ دیر ٹھہر کر گنگنانے لگے "عشق تیرے میں صنم، میں نے صنم بول سنے کس کس کے کس کس کے۔!! کس کس کے!!"

آدمی کے مزاج میں تلون کو کتنا دخل ہے۔ یہ دیکھ کر میں بے اختیار ہنسنے لگا۔ پھر

وہ بھی میرے ساتھ ہنسنے لگے۔ ہا ہا ہا۔

☆ ☆ ☆

گومتی حسین ہے مگر اس کا حسن الجبرے کا فارمولا نہیں، ایک فنکار اس میں ہزاروں نقائص دیکھ سکتا ہے۔ اس کے سیکڑوں عیوب بیان کر سکتا ہے۔ یہ ہوتے ہوئے بھی اس کے حسن میں کچھ ایسی دلکشی و جاذبیت ہے جو دل کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے مجھے اس کی آنکھیں بہت پسند ہیں۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھیں۔ ناگواری گائے کی طرح مست اور پنڈت جی کو اس کی ٹھوڑی اور وہ شیریں لوچدار آواز پسند ہے جسے سنکر ان کا دل کسی نامعلوم مسرت سے کانپنے لگتا ہے۔ قصبہ کے حاکم اعلیٰ یعنی نائب تحصیلدار صاحب بھی اسے اکثر تعریفی نگاہوں سے دیکھا کرتے ہیں۔ گومتی ان تعریفی نگاہوں سے خوش ہو جاتی ہے یہ خیال کہ وہ حسین ہے اور لوگ اسے چاہتے ہیں۔ اسے ہر دم مسرور رکھتا ہے، وہ اپنے خاوند پر حکومت جتا سکتی ہے اس سے ایک نئے زیور کی فرمائش کر سکتی ہے۔ روٹھ جاتی ہے اور پھر چاہتی ہے کہ اس کا خاوند اسے منائے۔ وہ تین بچوں کی ماں ہے۔

اس کا خاوند ایک غریب دوکاندار ہے۔ قصبے کے چھوٹے سے بازار میں ایک سرے پر چھوٹی سے دوکان ہے نمک، آٹا، تیل، کھدر اور گجرے وغیرہ بیچتا ہے۔ قد ٹھگنا۔ مخنثی صورت، زن مرید گومتی کو اس سے کیسے محبت ہو سکتی ہے یہ بات میری سمجھ میں آج تک نہ آئی، اس کے کپڑے عموماً میلے رہتے ہیں۔ بیچارہ ہر وقت دوکان پر بیٹھا رہتا ہے۔ ہمارے قصبہ کی دوکانیں شام کے چھ بجے بند ہو جاتی ہیں۔ مگر بارہا جب ہم سیر کر کے شام کو آٹھ ساڑھے آٹھ بجے گھر لوٹے ہیں، گومتی کے غریب خاوند کو ہم نے دوکان پر ہی بیٹھا پایا ہے۔ اور اس وقت شمع کی جھلملاتی ہوئی لو میں اس کا چہرہ کتنا عجیب نظر آتا ہے۔ وہ بودھوں کے دلائی لامہ کی طرح صم بکم، بیٹھا ہوتا ہے۔ وہ کیا سوچتا ہے؟ شاید وہ سوچتا ہی نہیں، یا شاید وہ کسی گاہک کا انتظار کر رہا ہے، ایسے گاہک کا جو کبھی آئے گا ہی نہیں یا شاید الف لیلیٰ کا ایک بونا ہے کہ محفل ہزار داستان سے اٹھ کر ہماری اس خاموش، خشک رومان سے خالی دنیا میں چلا آیا ہے۔ اور انتظار کر رہا ہے اس زمانہ کا جس کی حقیقت

آج محض افسانوی ہے۔ منتظر ہے۔اس کائنات کا جس میں ہارون الرشید، ابو الحسن الہ دین، امینہ اور بکبارہ لیتے ہیں۔اور جب وہ اپنے شانے سکیڑے گردن نیچی کئے ہوئے بیٹھا ہوتا ہے تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی منتر پڑھ رہا ہے زمین پر کچھ پڑھ کر پھونک رہا ہے۔ جس کے سحر سے یہ زمین ابھی پھٹ جائے گی اور ایک جن نمودار ہوگا۔جو رعد کی سی آواز میں بولے گا ''کیا چاہئے؟'' .... مگر ایسا کبھی نہیں ہوتا، اس رومانیت سے خالی دنیا میں ایسا کبھی نہیں بلکہ ہر بار یہی ہوتا ہے کہ وہ غریب بنیا بول اٹھتا ہے۔

''کیا چاہئے، بابو جی؟''

اور میں جلدی سے گھبرا کر جواب دیتا ہوں ''تین انڈے مرغی کے!''

اور پھر مجھے یہ محسوس ہوتا ہے یہ الف لیلیٰ کا بونا نہیں، ایک غریب دوکاندار ہے گومتی کا خاوند، گومتی جسے میں اور نائب تحصیلدار صاحب تعریفی نگاہوں سے دیکھا کرتے ہیں۔ اور بس..... اس دنیا میں حسن ہے مگر رومان نہیں، محبت ہے مگر مجنوں ناپید، شاید یہی سوچ کر عمر خیام کو دنیا کے نامکمل ہونے کا احساس ہوا ہوگا۔

☆ ☆ ☆

پنڈت جی دن میں دوبار آٹھ آنہ تول افیم کی چسکی لگاتے ہیں۔افیون کی اتنی مقدار غالباً ہندوستان کے آٹھ دس بیکار نوجوان گریجویٹوں کو ابدی سکون عطا کرسکتی ہے۔اور ہندوستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو گھٹانے میں ضبط تولید سے زیادہ ممد و معاون ثابت ہوسکتی ہے۔ ہند کے اصلاح پسندوں کو مصنوعی اور غیر قدرتی طریقے سے چھوڑ اس نعمت خداداد کی طرف رجوع کرنا چاہئے، کیا عجب ہے کہ اسی سے قوم کا بیڑا پار ہو جائے، پنڈت جی سے پوچھئے چسکی لگا کر کیسی روح پرور باتیں کرتے ہیں اور پھر لالہ سے چودہ چھٹانک دیسی شراب پی کر کسی طرح ہوا کے گھوڑے پر سوار ہو جاتے ہیں۔اس وقت دنائے سیاست کی باگیں ان کے ہاتھ میں ہوتی ہیں اور کل کائنات کے اسرار و رموز ان کے نطق میں ایسی حالت میں جو دوا وہ تجویز کریں، بیمار حیوانوں پر اکسیر کی طرح اثر کرتی ہے۔اس وقت کتنے ہی لوگ جن کے ڈھور ڈنگروں نے ان سے شفا

حاصل کی ہے ان کے جان و مال کو دعائیں دے رہے ہیں، کسی پیر، سادھو، کے استھان کی طرح شفا خانے میں لوگ آپ ہی دودھ مکھن، پنیر، پھل لئے آ رہے ہیں۔ پنڈت جی نیک آدمی ٹھہرے جو چیز دلی عقیدت سے پیش کی جائے اسے کس طرح نہ قبول کریں۔ طرفہ یہ اکیلی جان، کیا کھائیں اور نہ کھائیں، چنانچہ اکثر یہ ہوتا ہے کہ دودھ، مکھن، پنیر اور پھلوں کا بیشتر حصہ گوماں کے گھر پہنچا دیا جاتا ہے۔ ویسے بھی انہیں گومتی کی لڑکیوں رانی اور بملا سے بہت الفت ہے یہ سب اشیاء بچوں کے لئے بھیجی جاتی ہیں۔ اور غالباً اسی لئے قبول کی جاتی ہیں، رانی بڑی شوخ و طرار ہے۔ پنڈت جی سے ہر روز کسی نہ کسی چیز کی فرمائش کر دیتی ہیں۔ مگر یہ فرمائشیں۔ اکثر شکر کی ڈالی سے لے کر سیپ کی گڑیا تک ہی محدود رہتی ہیں۔ صبح سیر کرتے ہوئے وہ راستہ میں گومتی کے گھر سے رانی یا بملا کو اٹھا کر سیر کرنے کے لئے لے جاتے ہیں۔ اور شام کو ایک ہی کھاٹ پر بیٹھ کر گوماں سے گلچھپ اڑاتے ہیں۔ ان دونوں کی اس طرح بیٹھے دیکھ کر بوکیشو کے شاہکار ''حسن اور حیوان'' کا تصور آنکھوں کے سامنے آ جاتا ہے۔ گوماں کی وہ نشیلی نگاہیں۔ پنڈت جی کے رخ صحرائی پر ابر رحمت بنکر برستی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو ان نگاہوں کی لامتناہی وسعتوں میں کھو دیتے ہیں اور اکثر بالکل بے خود ہو کر شام کو جھومتے ہوئے واپس گھر آ جاتے ہیں۔

ایک شام کا ذکر ہے میں آتشدان کے قریب پاؤں پھیلائے اونگھ رہا تھا مینہ برس کر تھم چکا تھا اور بادل مغرب کے قریب شفق سے گل رنگ ہو گئے تھے جلتی ہوئی لکڑیاں چیخ چیخ کر مجھے لوری دے رہی تھیں۔ اور قریب تھا کہ میں یہ دلفریب لوری سنتا سنتا ان کی آغوش میں گر جاتا، اگر باہر کسی قدموں کی آہٹ نے چونکا نہ دیا ہوتا مڑ کر دیکھتا ہوں کہ پنڈت جی شانے سکڑے چہرے کو اپنے پرانے اوور کوٹ کو اٹھے ہوئے کالروں میں چھپائے کھڑے ہیں۔

''کیا بات ہے پنڈت جی۔؟''

جواب ندارد۔

''چپ کیوں ہو گئے؟ کیا اداس ہو؟''

کامل سکوت۔

''کہیں بے بھاؤ کی تو نہیں پڑیں، دوست؟''

کوٹ کے الٹے ہوئے کالروں سے ایک قہقہہ بلند ہوا، سکڑے ہوئے شانے سیدھے ہو گئے اور خمیدہ گردن نے اپنے آپ کو اونچا کیا۔ میں چہرہ دیکھ کر بھونچکا رہ گیا۔ یہ گوماں تھی...... ہنس رہی تھی۔ اور ہنستی ہوئی دوہری ہوئی جا رہی تھی۔

میں جلدی سے ٹانگیں جھاڑ کر اٹھ کھڑا ہوا اور فرط حیرت سے اس کی طرف دیکھنے لگا کچھ توقف کے بعد میں نے گوماں سے پوچھا۔

''آپ یہاں کیوں کر آئیں؟...... پنڈت جی کہاں ہیں۔؟''

''نالے میں پڑے آپ کی راہ تک رہے ہیں۔

''ہائیں۔'' میں گھبرا کر کہا۔ ''کیا ہوا کہیں۔''

وہ جلدی سے قطع کلام کر کے بولی۔ لیکن اب اس کی دلکش ہنسی غائب ہو چکی تھی۔

''ہونا کیا تھا، خاک۔'' اس نے تیز لہجہ میں کہنا شروع کیا'' وہ آپ کا دوست پنڈت جی، پنڈت جی...... !بد معاش کہیں کا...... لچا...... مگر نہیں۔'' اک دم اس کا لہجہ بدل گیا اور وہ تاسف انگیز لہجہ میں بولی'' یہ سب میرا ہی تو قصور ہے''

کچھ دیر چپ چاپ سر جھکائے کھڑی رہی پھر اس نے سر اٹھا کر میری طرف دیکھا بولی۔

بھائی، میں اسے کچھ اور ہی سمجھے ہوئے تھی۔ دنیا کچھ کہے میری نظروں میں وہ میرا بھائی تھا۔ میں نے اس کے لئے خاوند کی گھرکیاں سہیں، رشتہ داروں کے طعنے برداشت کئے مگر اس سے غیروں کا سا سلوک نہ کیا آج اس کا صلہ یہ ملا کہ اس نے پکڑ کر میرا منہ چوم لیا...... میں میں...... یہ کہ کر وہ رونے لگی، اور اسی طرح سسکیاں بھرتی ہوئی رخصت ہو گئی۔

☆ ☆ ☆

''اور اس کمبخت نے میرے بال نوچ ڈالے'' پنڈت جی آہستہ آہستہ کہہ رہے تھے۔ اور میں ان کے پیٹ پر مالش کر رہا تھا۔ ''میں تو بھلا شرابی تھا۔ نشے میں چور تھا۔ ''اب وہ نشہ کدھر ہرن ہو گیا تھا...... ''مگر اس نے میرا قطعاً کوئی خیال نہ کیا۔ اس نے مجھے گالیاں دیں، میرا اوور کوٹ اتار لیا۔ اور مجھے کان پکڑ کر نالے پر لے آئی، بارش بھی ہو رہی تھی۔ کمبخت، آہ، بند

بند دکھ رہا ہے اس نے میری رتی بھر پرواہ نہیں کی، آہ وہ پھلوں کے ٹوکرے، دودھ کے کلسے، مکھن کے گولے"

میں ان کی دلچسپ باتیں سن رہا تھا۔ اور خوش ہو رہا تھا میرے کانوں میں کے، سی ڈے کا وہ ریکارڈ گونج رہا تھا۔...... دل لگانے کا نتیجہ مل گیا"

ان کے کوچہ میں جو تواے دل گیا
دل لگا نے کا نتیجہ مل گیا

☆ ☆ ☆

دل اکثر اداس رہتا ہے۔ پنڈت جی نے اپنی رونی صورت کو دو آتشہ کر لیا ہے۔ دوستوں سے بے رخی، نوکروں سے خفگی اور مریضوں سے بے اعتنائی اختیار کر لی ہے۔ بات بات پر غصہ ناراض، وجہ؟ صلح کی سب کوششیں ناکام رہی ہیں۔ دودھ کے ڈول لوٹا دیئے گئے ہیں۔ پھلوں کے ٹوکرے بغیر ہاتھ لگائے واپس بھیج دیئے گئے ہیں مکھن ایک بال نکالے بغیر پھیر دیا گیا ہے۔ کریں تو کیا کریں۔ قریب کے ایک گاؤں کا نمبر دار نور حسن اپنی خوبصورت گابھن گائے کو لے آیا کہنے لگا۔

"پنڈت جی اسے دیکھئے، شاید سردی لگ گئی ہے۔ بدن کانپتا ہے۔ نتھنوں سے ریشہ جاری ہے۔ کبھی کبھی کھانستی بھی ہے۔ اور پچھلا داہنا پاؤں بار بار اٹھاتی ہے، پنڈت جی کوئی اچھی سی دوا دو، ابھی ایک، مہینہ ہوا اسے کشتواڑ سے لایا ہوں، آپ کا بھلا ہوا گا" پنڈت جی جلے بھنے اٹھے جلدی سے ایک شیشی اٹھا لائے گائے کا منہ کھول کر ور پیک چڑھا کر دوا انڈیل دی۔ پلانا تھا۔ گیو مکسچر، جلدی میں پلا گئے ٹنکچر آیوڈین گائے نے راستہ میں ہی پران دیدیئے۔ نور حسن کو شبہ ہوا، گابھن گائے، خوب صورت گائے، نئی خریدی ہوئی ناگوری نسل، تھانے میں رپٹ لکھوادی۔

شومئی قسمت پنڈت جی و خود ہی اس " گئو ہتیا" کا بہت افسوس تھا۔ اسپر "پولیس والوں" نے تنگ کرنا شروع کیا، اصل میں یہ "تھانے والے" دوسروں کے جذبات اور احساسات

سے قطعاً بے پرواہ ہوتے ہیں۔ کبھی بھولے سے بھی ان کے دل میں یہ خیال نہیں گذرتا کہ وہ اپنے طرز علم سے دوسروں کے نازک جذبات کو کتنی ٹھیس پہنچارہے ہیں۔ پنڈت جی کو دیکھو بے چارے آپ ہی آپ شرم کے مارے مرے جارے ہیں۔ اب بھلا پولیس کو دخل در معقولات کی کیا ضرورت تھی۔ گائے تو نور حسن کی مری یا ر ماری گئی۔ بھلا یہ تھانیدار صاحب کیوں پرائے پھٹے میں ٹانگ اڑاتے ہیں اور ہمارے ان کے ان کے تعلقات کتنے برسوں سے خوشگوار چلے آرہے ہیں۔ جب کہ یہ تھانیدار صاحب ابھی سرینگر میں سارجنٹ ہی ہوا کرتے تھے۔ خود میں نے کئی دفعہ ان کی بھینس کی مرہم پٹی کی ہے کہ جب اسکول کے لونڈوں نے اسے پتھر مار مار کر ادھ موا کر دیا تھا۔ اور آج یہ ہم سے تین سو روپیہ رشوت میں مانگتے ہیں۔ اور طرفہ یہ کہ دھمکی دیتے ہیں۔ جیل پہنچانے کی، حوالات کی، کیوں" یہ کہہ کر پنڈت جی میری طرف دیکھنے لگے۔ میں نے نگاہیں نیچی کرلیں اور لوٹ کی نوک سے زمین کریدنے لگا۔ گویا تین سو روپے وہیں گڑے ہوئے تھے۔ .... اور بھلا کرتا بھی کیا۔ تین سو روپیہ کہاں سے لاتا پنڈت جی نے تو کبھی پھوٹی پائی بھی نہ رکھی تھی۔ تنخواہ اور بالائی آمدن" کے علاوہ ہمیشہ ادھار مانگ کر کھایا کرتے تھے۔ زیادہ نہیں تو کم از کم ساڑھے تین چار سو تک انہیں قصبہ کے دوکانداروں کا دینا تھا۔ اور ان سے اب کچھ مزید ملنے کی توقع نہ تھی۔ ...... میں غریب آدمی ٹھہرا، اِدھر اُدھر سے مانگ تانگ کر پچاس روپیہ اکٹھے کئے مگر یہ تو آٹے میں نمک کے برابر بھی نہ تھا۔ تھانیدار صاحب حرص و آز کے وقت دانت تیز کئے ہوئے تھے۔ تین سو سے ایک پائی کم لینے کو تیار نہ تھے۔ بڑی مشکل کا سامنا تھا۔ اسی حیص بیص میں کئی دن گزر گئے آخر ایک دن تھانیدار صاحب میرے پاس آئے، کہنے لگے کیوں بھئی پھر کیا صلاح ہے، چالان کر دوں، آخر کب تک چپ بیٹھا رہوں گا۔ نور حسن بھی بگڑا ہوا ہے۔ فرض کی بجا آوری تم جانتے ہو۔"

قرائین سے معلوم ہوتا تھا کہ نور حسن نے آج تھانیدار صاحب کی مٹھی گرم کی تھی۔ فرض کی بجا آوری اتنے دن خاموش رہنے کے بعد آج پھر چمک اٹھی تھی۔

کوئی جواب نہ پاکر تھانیدار صاحب اٹھ کھڑے ہوئے۔ اچھا تو چلتا ہوں۔ اگر آج شام تک کچھ بن جائے تو بہتر، ورنہ کل تو معاملہ میرے اختیار سے باہر ہو جائے گا۔

پنڈت جی کو ساتھ لئے رات کے بارہ بجے تک دربدر گھوما۔ کسی نے آس نہ بندھائی۔

رات ساری جاگتے کٹی اور صبح میلے کچیلے بادلوں کا لبادہ اوڑھے نمودار ہوئی رات کو خبر قصبہ میں آگ کی طرح پھیل گئی تھی۔ کہ پنڈت جی کو صبح گرفتار کیا جائے گا۔ صبح لوگ جوق در جوق آنے شروع ہوئے، ٹولیاں بنا کر دو۔ دو، چار۔ چار کھڑے تھے۔ کوئی کچھ کہتا، کوئی کچھ، کوئی پنڈت جی کی ''گئو ہتیا'' پر نفرتیں کرتا تو کوئی تھانیدار صاحب کی رو پہلی مصلحتوں کا ذکر کرتا جتنے منہ اتنی باتیں۔ گھر کے اندر پنڈت جی چپ چاپ بیٹھے حقہ گڑگڑا رہے تھے۔ جب چاروں طرف سے ناامیدی نے گھیر لیا ہو۔ اندھیرے میں کہیں بھی شعاع امید نہ دکھائی دیتی ہو۔ اس وقت طبیعت میں اپنے آپ سکون پیدا ہو جاتا ہے، قلب میں دلیری اور ہر شکل کا سامنا کرنے کی جرأت پیدا ہو جاتی ہے۔ پنڈت جی تو یوں بھی بے پرواہ' بے فکر نتائج و عواقب سے بے نیاز طبیعت کے مالک تھے جو کچھ ہو گا دیکھا جائے گا۔ صبر کر کے بیٹھ رہے۔ تھانیدار صاحب کی راہ دیکھ رہے تھے۔ کہ آئیں تو کم از کم مغلظات سنا کر ہی اپنے دل کی بھڑاس نکال لیں۔

یکا یک کسی کے بھاری قدموں کی چاپ سنائی دی اور باہر لوگوں کی چہ میگوئیاں بھی یکا یک بند ہو گئیں، میں نے اٹھ کر دروازہ کھولا یہ تھانیدار صاحب تھے۔ وردی پہنے ہوئے درا تے ہوئے اندر داخل ہوئے۔ ان کے بعد پولیس کے تین سپاہی اور ان کے بعد بیس پچیس ہمارے قصبہ کے بھائی بند۔ تھانیدار صاحب نے ایک اڑتی ہوئی نگاہ سے میری طرف دیکھا اور...... سب کچھ سمجھ گئے ۔مین نے انہیں اندر لے جا کر تخلیہ میں بات چیت کی گڑگڑایا پنڈت جی نے ان کے پاؤں بھی پکڑ لئے۔ مگر وہ خدا کا بندہ ٹس سے مس نہ ہوا۔ پچاس روپے میں وہ معاملہ کو کیسے دبا سکتا تھا۔ اکیلا نور حسن ہی بمشکل ڈیڑھ سو لیکر راضی ہو گا۔ مقدمہ بالکل صاف تھا۔ گواہ موجود تھے۔ تھانیدار صاحب کو خود بہت رنج تھا۔ کیا وہ پنڈت جی کی گرفتاری کو پسند کر تے تھے۔ ہاں وہ اتنا کر سکتے تھے۔ کہ پنڈت جی کو ہتھکڑی لگائے بغیر گرفتار کرتے۔

جب تھانیدار صاحب اپنا منشا ظاہر کر چکے تو پنڈت جی نے اٹھ کر اپنا اوور کوٹ اوڑھا اور نگاہیں نیچی کر کے بولے ''چلئے جدھر لے چلو، چلتا ہوں۔''

میرا دل بھر آیا۔ پنڈت جی لاکھ بڑے سہی، پھر بھی میرے دوست تھے بس چلتا تو اس کمبخت تھانیدار کی بوٹی بوٹی نوچ لیتا، مگر کیا کرتا، اپنے بس کی بات نہ تھی۔ زہر کا گھونٹ پی کر رہ گیا۔ پنڈت جی چلے، آگے آگے تھانیدار صاحب تھے۔ اس کے بعد پنڈت جی سر جھکائے

ہوئے ان کے بعد پولیس کے سپاہی لوگ آنگن میں کھڑے تماشا دیکھ رہے تھے۔ اہل قصبہ میں ایسا کون شخص تھا کہ جس کے مال مویشی کی خدمت پنڈت جی نے نہ کی تھی۔ اس آنگن میں دلدورام شاہ بھی کھڑے تھے۔ اور گھسیٹامل بھی، چودھری پیر بخش بھی تھے۔ اور ملک سردار خاں بھی مگر کسی کو نہ ترس آیا۔ نہ خوف خدا، سب اہل تماشا بنے کھڑے تھے۔ تھانیدار صاحب ابھی ابھی بمشکل آنگن میں چار قدم چلے ہوں گے کہ دروازے پر کسی نے روک لیا اور کسی کی مہین آواز سنائی دی، ٹھہریئے۔

مجھے کسی کی میلی کچیلی ساڑھی کا پلو نظر آیا۔ آگے بڑھ کر دیکھا گومتی تھی سمٹی جا رہی تھی۔ تھانیدار صاحب ایک طرف ہو گئے۔

گومتی نے پنڈت جی کی طرف دیکھا، وہ سر جھکا، صم بکم کھڑے تھے پھر اس نے میری طرف دیکھا اور آنکھیں جھکا کر بولی "بھائی...... میرے بھائی کو چھڑا دو۔" یہ کہہ کر اس نے آہستہ سے ایک روپوں سے بھری ہوئی تھیلی میری طرف بڑھا دی۔

"بھائی...... میرے بھائی کو چھڑا دو۔"

گومتی کے اس جملے نے پنڈت جی کی زندگی میں انقلاب پیدا کر دیا۔ انہوں نے مجھے ہاتھ کے اشارے سے روپے لینے سے روک دیا آگے بڑھ کر گومتی کے پاؤں چھو لئے، اور نمناک لہجہ میں بولے، بس بہن تمہارے روپے مجھے پہنچ گئے۔ میں قید سے آزاد ہو گیا۔" پھر تھانیدار صاحب کی طرف دیکھ کر پر جوش آواز میں بولے، چلو اب دیر کیوں لگا رکھی ہے۔

☆ ☆ ☆

پنڈت جی چھ مہینے سے جیل میں ہیں وہاں افیم ملتی ہے نہ شراب خوب مزے میں ہیں۔ کہتے ہیں گوماں نے مجھے سدھار دیا۔

مصوّر کی محبت

دھرمسال
۲۰ر ستمبر

میری کملا

کتنی مختصر سی بات تھی۔ جسے تم نے افسانہ بنادیا میری نگاہوں میں تم آج بھی وہی ہو جو سوشیلا کے آنے سے پہلے تھیں۔ میرے لئے پہلے کی طرح دل کش و جاذبیت کامل ترین حسین مجسمہ ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری محبت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ وہ پہلے کی طرح ہی۔ پرجوش اور ہیجان انگیز ہے اور اس میں تمہاری دوری نے اور یاد نے کرب کا اضافہ کردیا ہے۔ زندگی کے ان چند خوش آئند لمحات کو جو میں نے تمہارے قرب میں بسر کئے اپنا سرمایۂ حیات سمجھتا ہوں۔ انہیں۔ بھلا کیسے سکتا ہوں؟ تمہیں بھلا دینا ... تم جو کہ لمحات کا سرچشمہ منبع ہو ایک ناممکن امر ہے۔

اور پھر ..... کملا؟ میں حیران ہوں تم نے سوشیلا کا نام کیوں لیا۔ کیا یہ سچ ہے کہ عورت جوش رقابت میں عقل و حواس بھی کھو بیٹھتی ہے؟ اور پھر اس رقابت کا علاج کیا ہے؟ آخر تم نے میری محبت کو "بھابو" (ہربنس کور) سے کیوں نہیں منسوب کیا وہ بھی تو سوشیلا کی طرح موٹی ہے اور اتنی ہی کند ذہن، اور تمہارے ہوسٹل میں وہ خوب صورت دھوبن آتی ہے کیا نام ہے اس کا؟ نورن؟ ہاں ... ہاں۔ وہی نورن جسے دیکھ کر آدمی چغتائی کی پرکیف تصویریں بھی بھول جاتا ہے۔ تم نے اس کا نام کیوں نہ لیا۔ تم جانتی ہو فنی نقطۂ نگاہ سے میں اس کا کتنا پرستار ہوں۔ اگر تم اس کا نام ہی لے بیٹھتیں تو مجھے رنج نہ ہوتا۔ بنگال کے سرتاج

تصویر کو شروع کرونگا۔ نگی کون ہے میں اس دلچسپ ہستی کے متعلق اگلے خط میں لکھوں گا۔
فی الحال یہی لکھنے پر اکتفاء کرتا ہوں کہ نگی بھی ایک عورت ہے۔

تمہارا:۔ شیام سندر

دھرمسال

۸/اکتوبر

میری بیوقوف کملا۔

کہتے ہیں۔ حسن کو عقل سے خدا واسطے کا بیر ہے اس لئے میں تمہیں بیوقوف لکھا یوں تم کھنیکوا یم،اے میں پڑھتی ہو۔ مگر اس امر سے تمہاری عقل کو کچھ سروکار نہیں یہ سب ہمارے طریقۂ تعلیم و نصاب کی خام کاریاں ہیں۔ ورنہ یہ ممکن نہ تھا کہ تم جیسی سیم تن دو شیزائیں کالجوں میں لڑکوں کے دوش بدوش پڑھتیں اور مارشل اور مارکس کے معاشی نظریوں کی اس جاہلانہ انداز میں تنقید و تنقیص کرتیں۔ چھوڑ دو خدارا ان نظریوں کو۔ ان میں کیا پڑا ہے؟ آج تک کوئی عورت اقتصادیات اور معاشیات کی ماہر نہیں بن سکی۔ یہ کرخت مسائل صنف کرخت ہی کے لئے رہنے دو۔ ان معاشی و اقتصادی فلسفوں میں الجھ کر تمہاری والہیت، رنگینی معصومیت سب فنا ہو جائیں گی۔ اور اس وقت دنیا کو انہیں چیزوں کی بڑی ضرورت ہے، یہ سب نظریے تمہارے لئے بنائے گئے ہیں۔ نہ کہ تم ان کے لئے تم کو کم از کم مرے جذبات وحسیات کا احترام کرنا چاہئے۔ میں مصور ہوں حسن سرکش حسن بے باک کو پسند کرتا ہوں مگر وہ حسن جو محتاج ہو عینک کا مجھے کسی حالت میں گوارا نہیں۔ شیلے کو پڑھو۔ شیلے اپنی شاعری کے بعض لمحات میں دنیا کا سب سے بڑا شاعر نظر آتا ہے۔ آج بے وقوف گاڈون کا کو کون پوچھتا ہے۔ اس کا نام محض شیلے کے نام سے زندہ ہے کیوں کہ وہ شیلے کا استاد تھا۔ یا یوں کہو کہ شیلے اسے اپنا استاد سمجھتا تھا۔ گاڈون کے پاس دو چیزیں تھیں۔ ایک اس کا اشتراکی مسئلہ دوسری اس کی لڑکی میری شیلے نے میری کو پسند کر لیا۔ اسی میں اس کی عظمت پنہاں ہے۔ تمہارے سامنے دو چیزیں ہیں۔ ایک طرف ہیں رکارڈو کے نظریات اور دوسری طرف ہے محبت، وہ والہانہ محبت جو قیود مذہب و ملت سے بیگانہ ہے۔ ان تمام

شاعر چنڈی داس کو ایک دھوبن سے عشق تھا۔ میں تو خیر ایک معمولی مصور ہوں جس کا شاہکار یہ ہے کہ اس نے اپنے دل کے قرطاس پر تمہاری تصویر کھینچ لی ہے۔ اجنتا کے رنگین نقوش کچھ مٹ چکے ہیں کچھ مٹ جائیں گے۔ مگر میری موت ہی شاید تمہاری صورت کو میرے دل سے مٹا سکے "شاید" اس لئے موت کے بعد کا مجھے علم نہیں۔

اس اعتراف محبت کے بعد تم سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر میں شو شیلا کو خط لکھ دیا تو کیا برا کیا، کیا کسی کے خط کا جواب دینا گناہ ہے، ممکن ہے تمہاری اصطلاح میں ایسا ہو، مگر میں حسین نہیں اور نہ تمہاری طرح تشکر و ترحم کے جذبات سے بے نیاز ہی۔ اور اگر اسو شیلا نے اپنے خط کے ہمراہ اپنی تصویر بھی بھیج دی تو غالباً اس کا یہ مدعا ہر گز نہ تھا کہ تمہارے سینہ میں حسد کی آگ مشتعل ہو جائے غالباً وہ صرف اتنا چاہتی ہے کہ میں اسے یاد رکھوں شاید اسے مجھ سے محض افلاطونی محبت ہے۔ اور یہ کوئی اتنا برا جذبہ نہیں جتنا تم اسے سمجھتی ہو۔ شیلے کو غور سے پڑھو۔ اس کی شاعری "محبت میں افلاطونیت" کی بہترین مثال ہے شیلے کی شاعری بھی اسی افلاطونی محبت کے طفیل زندہ ہے۔ شیلے کو غور سے پڑھو ورنہ ایم، اے میں فیل ہو جاؤ گی ۔امتحان محبت تو الگ رہا۔

اور کیا لکھو۔ میں جانتا ہوں کہ یہ خط پڑھنے کے بعد تم مجھ سے روٹھ جاؤ گی۔ مگر مجھے تم سے وہ لازوال، بے پایاں محبت ہے کہ میں تمہارے روٹھ جانے کی ذرہ بھر بھی پروا نہیں کر سکتا۔ عمر خیام کے بعد دنیا میں اگر کوئی دوسرا قنوطی پیدا ہوا ہے تو وہ میں ہوں، بہتر ہو گا کہ مجھ سے روٹھنے کی صلاح نہ کرو۔ بہترین بات یہ ہو گی کہ رقابت کو دل میں جگہ نہ دو۔ میں تمہیں مناؤں گا۔ بھی نہیں، اور تم مفت میں اپنا دل جلاؤ گی۔

میں یہاں جھیل پر مچھلی کا شکار کر کے اور لمبی لمبی سیریں کر کے اپنے دن گزار رہا ہوں ۔ میری صحت پہلے سے بہت اچھی ہے مگر میں اس وقت تک تمہارے پاس مسوری آنے کا خیال نہیں کر سکتا جب تک کامل طور پر صحت یاب نہ ہو جاؤں، کہتے ہیں۔ اختلاج قلب کے لئے قرب محبوب موافق نہیں۔

نورن کی تصویر قرب قرب مکمل ہو چکی ہے۔ افسوس ہے کہ ڈاک میں یہ تصویر تمہیں۔ نہیں بھیج سکتا۔ ورنہ تمہاری ناقدانہ رائے سے بھی فائدہ اٹھالیتا اس کے بعد میں نگی کی

نظریوں اور الجھنوں سے نا آشنا ہے۔وہ محبت جو ایک فرد کو دوسرے فرد واحد سے ہو سکتی ہے ۔اور جس میں اشتراکیت کا شائبہ تک بھی نہیں۔اپنی عظمت کو پہچان لو۔

میں نے نگی کی تصویر بنانی شروع کر دی ہے۔ نگی ایک گوالن ہے۔اور نہایت خوب صورت اور نہایت ہی بو قوف کل میں نے جھیل کے کنارے بیٹھ کر اسے تمہارا خط پڑھ کر سمجھایا اور میں یہ دیکھ کر بڑا حیران ہوا کہ اسے رکارڈو کے نظریہ کی مطلق پروا نہیں اور نہ وہ اسے تمہاری طرح عورتوں کا میکنا کارٹا ہی تصور کرتی ہے۔وہ مجھ سے شادی کی خواہاں ہے۔وہ چاہتی ہے۔کہ اس کے نو دس بچے ہوں۔بیو قوف لڑکی،وہ جرمنی یا اٹلی میں پیدا ہوتی تو شاید اس کے نصیب کھل جاتے کیا عجب کہ ہٹلر یا مسولینی اس سے شادی کر لیتا۔اور مجھے یہ لکھتے ہوئے بہت افسوس ہوتا کہ اسے اتنا پتہ بھی نہیں کہ سلج مین کے نظریۂ محصولیات میں کیا کیا خامیاں ہیں۔اور ہنٹر صاب نے انہیں کس خوبی سے رد کر کیا ہے۔ہاں اس کے بال بہت خوب صورت ہیں۔سونے کے باریک تاروں کی طرح نرو و نازک اور آپس میں اس طرح الجھے ہوئے کہ گمان ہوتا ہے ڈوبتے ہوئے سورج کی کرنیں۔ان گیسوؤں میں آکر بند ہو گئی ہیں۔شام کے وقت جب میں بنسی کی ڈور ہاتھ میں لئے جھیل کے کنارے بیٹھا ہوں اور جب شفق کی ارغوانی روشنی جھیل کے نیلے پانی سے کھیلتی ہے۔اس وقت خوب صورت گوالن ایک ننہا سا بھیڑ کا بچہ گود میں لئے مدھم سروں میں گاتی ہے۔

مینوں دس کھاں نی مائے

کدوں گھر آوسی ماہیا لیسی گلے نال لا ماہیا

مینوں دس کھاں نی مائے مینوں دس کھاں نی مائے

نگی کی آواز میں لوچ ہے،اور درد بھی۔،اور پھر بے انتہا شرینی میں نے اس سے پوچھا'' نگی!تم نے کون سے میوزک اسکول میں تعلیم پائی ہے'' وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔کہنے لگی 'میوزک اسکول کیا ہوتا ہے؟'' میں نے کہا '' جہاں یہ گیت سکھائے جاتے ہیں۔گانا اور سروں کا اتار چڑھاؤ...... '' وہ بولی اور اب اس کی آنکھیں ایک لمحہ کے لے خوابیدہ ہو گئیں ''خبر نہیں تم کیا کہہ رہے ہو۔؟لو آگے سنو''

اسمانیں اڈی اِل ماہیا   میرا تیرے اُتے دل ماہیا
ہُن آ۔ہُن آ۔ماہیا   گل نال لا۔نال لا۔ماہیا
مینوں دس کھاں نی مائے

کتنا دلفریب نغمہ تھا۔اور کتنا پراثر جادو۔ایسا معلوم ہو تا تھا کہ پانی کا ہر قطرہ اور پانی پر جھکی ہوئی ٹہنی کا ہر پتہ ترنم خیز ہے یا ہر ذرہ کائنات گوالن بن گیا تھا ۔اور میٹھے سروں میں گا رہا تھا۔

مینوں دس کھاں نی مائے   مینوں دس کھاں نی مائے

کرشن جی کی بنسی شاید انہی گوالنوں میں گونجی تھی۔اور رادھاجی بھی شاید کوئی ایسی ہی گوالن ہونگی۔اگر رادھاجی آج زندہ ہوتیں تو خدا جانے ٹیرف بورڈ کی موجودہ سفارشات کے متعلق ان کی کیا رائے ہوتی؟ دلچسپ سوال ہے اور تم جیسی ماہر اقتصادیات کے فکر رسا کے نہایت موزوں، مجھے امید ہے کہ میری محبوبہ اپنے خط میں ضرور اس دلچسپ سوال پر روشنی ڈالے گی۔

منجھلے بھائی اترسوں لاہور روانہ ہوگئے۔انہیں ایف۔اے کے ضمنی امتحان میں بیٹھنا ہے۔وہ مسوری میں ضرور تم سے ملیں گے۔نورن کی تصویر ان کے حوالے کر دی گئی ہے ۔سنبھال کر رکھنا۔فیروز بھائی ہنوز لاہور کی پستیوں میں گرمائی ٹینس ٹورنمنٹ کھیل رہے ہیں۔یا مسوری پہنچ گئے ہیں۔؟

تمہارا شیام سندر

دھرم سال

۲۱راکتوبر

کملا۔!

معلوم ہوتا ہے۔کہ بخت کی نامساعدت ابھی میرا پیچھا نہیں چھوڑے گی۔ اختلاج قلب کا دورہ پچھلے چند دنوں سے پھر تیز ہو گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔چند دنوں میں صحت یاب ہو کر تمہارے پاس پہنچ جائے گا۔مگر شاید قسمت کو کچھ اور ہی منظور ہے۔

اچھا تو کالج کھل گئے ہیں۔ یہ تم نے نئی بات بتائی۔ ورنہ مجھے جیسے گنوار کو بھلا کب تک اس بات کا پتہ چلتا میں نے مزید ایک مہینہ کے لئے چھٹی کی درخواست کالج میں بھیج دی ہے ۔فیروز بھائی کے خط سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اب تمہاری اور سوشیلا کی آپس میں گہری چھنتی ہے ۔کلاس روم میں بھی دونوں سہیلیاں ہمیشہ اکٹھی بیٹھتی ہیں۔ اور ریفرشمنٹ روم میں بھی اکٹھے جانا ہوتا ہے۔ بازو میں بازو ڈال کر میں نہ کہتا تھا کہ سوشیلا بہت اچھی لڑکی ہے۔ گو اس کی ناک بہت چھوٹی ہے۔ مگر اس کا دل اتنا فراخ ہے کہ بیک وقت اس میں چار عاشق اور قریب قریب اتنی ہی سہیلیاں سما سکتی ہیں۔ میں اس بہت پر بہت خوش ہوں، اور اس بات کی امید میں ہوں کہ تم بھی میرے اور نگی کے رشتہ محبت و خلوص کی نظروں سے دیکھ سکو "نورن"، تمہیں پسند آئی ہے، مگر " نورن" کسے پسند نہیں۔ سید صاحب نے بھی اپنے خط میں شاباش کے لڈو بھیجے ہیں۔ لکھتے ہیں۔ کہ "امسال کالجیٹ آرٹ سوسائٹی کی سالانہ نمائش پر تمہار نورن کی تصویر کی بھی نمائش کریں گے" ہزار ہزار شکر یہ مگر میں یہ جاننے کے لئے بے چین ہوں کے خود نورن کی اپنی تصویر کے متعلق کیا رائے ہے؟ تم نے اسے یہ تصویر تو دکھائی ہو گی۔؟

میں نے شروع شروع میں نگی کی تصویر کا ہلکا سا خاکہ تیار کرنا چاہا تھا۔ مگر مجھے اس میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوئی۔ اصل بات تو یہ ہے کہ میرے ہاتھ اسکی تصویر پر جمتے ہی نہیں۔ پتہ نہیں کیوں؟ جوں جوں نگی کو دیکھتا ہوں مجھے اس کے متعلق نئی نئی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ بظاہر نہایت خفیف لیکن باطن میں نہایت ہی نمایاں 'دل کی گہرائیوں تک پہنچتی ہوئی۔ وہ ایک ایسا جواہر ریزہ ہے۔ کہ جس کے ہر کونے سے اور ہر پہلو سے ایک نئی شعاع کا انعکاس ہوتا ہے۔ میں جب تک اس کے دل میں مختلف کیفیتوں اور نیرنگیوں کو نہ پالوں اس کی تصویر کیسے شروع کر سکتا ہوں، ممکن ہے کہ تمہیں۔ مونالزا کی تصویر اس موقع پر یاد آجائے مگر میرے خیال میں اطالوی مصور نے مونا کے دل کی گہرائیوں کو پا لیا تھا۔ ورنہ ناممکن تھا۔ کہ وہ ایسا بلند پایہ صوری شاہکار، آرٹ کی دنیا میں پیش کر سکتا۔ مصور اور معمول کے درمیان ایک نازک ترین رشتہ ہے اسے سمجھے بغیر کوئی مصور حقیقی معنوں میں کامیاب نہیں کہلا سکتا۔ تم نے اپنی فطرت کو ہمیشہ مجھ سے چھپایا ہے میرے نزدیک تمہاری دلکشی کا غالباً یہی بڑا سبب ہے اور شاید اسی وجہ سے میں تمہاری تصویر اس وقت تک نہیں بنا سکا۔ تمہاری ہستی چھوئی موئی کی طرح ہے جو ہاتھ لگانے سے بند ہو جاتی ہے۔ اس طرح کہ پھر کوئی تمہارے دل کے طوفانی جذبات کا اندازہ نہیں کر سکتا اور

اور ..... نکی ..... کوہستانی گلاب کی ایک کلی ہے، حیا سے سمٹی ہوئی، اور پتوں میں چھپی ہوئی نرم ونازک، مگر وہ کھل رہی ہے۔ آہستہ آہستہ ہر روز ایک نئی پتیاں کھل جاتی ہیں اور اپنی رنگینی سے دل کو مسرور بناتی ہیں۔ ایک دن یہ کلی پھول کی طرح کھل جائے گی شگفتہ اور ہنستا ہوا پھول پھر میں شاید اس کی تصویر بنا سکوں، ابھی نہیں۔

لاہور میں تو گرمی ہو گی، سکنجبین مفرح اور لیمونیڈ کا استعمال ہو تا ہو گا۔ مگر یہاں اب سردی ہو گئی ہے میں تو ادنی کپڑے پہنتا ہوں اور چائے پیتا ہوں۔ اگلے مہینے غالباً برف باری بھی شروع ہو جائے گی۔ جھیل کا پانی ٹھنڈا ہو گا اور کناروں پر یخ بستہ بھی، شام کو مچھلیاں پکڑنے کی بجائے آگ تاپی جائے گی اور جنوں بھوتوں کی کہانیاں صاحب دین چوکیدار سے سنی جائیں گی۔

اگلی ڈاک میں مارس لیول کی ایک دو کتابیں بھیج دینا۔

شیام سندر

دھرمسال

۷ ر نومبر

فیروز بھائی

آج نکی کی موت کو سات روز ہو گئے، میں سوچتا ہوں۔ میرا کیا بنے گا۔ اور یہ بے مصرف کائنات میرے کس دم آئے گی۔ میں جو ہر شے کے مصوری پہلوؤں پر نظر ڈالنے کا عادی ہوں۔ آج اس کرب انگیز [illegible] نت کا احساس کر رہا ہوں کہ دنیا میں سچی خوشی کی بنیاد ظاہر نہیں بلکہ محض نفسیاتی اور جذباتی ہے۔ ورنہ ناممکن تھا کہ مجھ جیسی قنوطیت پسند طبیعت پر نکی کی موت کا اتنا اثر ہوتا، اور وہی دلفریب قدرتی مناظر جو ایک ہفتہ پہلے میری روح کو بالیدگی بخشتے تھے۔ اب یوں مجھ پر خندہ زن ہوتے پرسوں سے پھر برف باری جاری ہے اور میں سامنے کے بند دریچے کے شیشوں میں سے ان برف کے گالوں کو دیکھ سکتا ہوں۔ جو چپ چاپ کسی بیکس کے آنسو کی طرح زمین پر گر رہے ہیں۔ کل دنیا اس سپید خموشی کے لبادے میں لپٹی ہے، پرندے بھی خاموش ہیں۔ ہوا بھی ساکن ہے اور چاروں طرف موت کا سکوت چھایا ہوا ہے ..... مگر میرے دل میں ایک قیامت خیز ہیجان بپا ہے

آج میں ٹھیک دس روز پیشتر بھی اسی طرح برفباری شروع ہوئی تھی۔ لیکن آج اور اس دن میں کتنا فرق ہے۔

میں اس روز جھیل میں ایک ہلکی سی ناؤ کو کھول رہا تھا۔ آسمان بالکل صاف تھا۔ جھیل کے پانی کی طرح نیلا، اور مغربی شفق سے رنگین، میں ناؤ چلا رہا تھا اور ایک مبہم خوشی کے زیر اثر ایک بے معنی پہاڑی گیت گا رہا تھا۔ جھیل کے اس پار بگی ریوڑ چرا رہی تھی۔ اور مجھے اس کے کاندھے پر رکھی ہوئی لاٹھی اور تار ہائے عنکبوت کی طرح چمکتے ہوئے بال صاف نظر آ رہے تھے۔

اتنے میں زرو کا جھکڑ چلنے لگا آسمان پر کالے بادل اٹھے ہوا میں تیزی اور خنکی آ گئی اور جھیل کا پانی لہریں مارنے لگا۔ میں نے بھی۔ زور زور سے کھینا شروع کر دیا۔ اور ناؤ کو جلدی سے پار لگانے کی کوشش کی، بمشکل کنارے پر پہنچا و بوندا باندی اور پھر تڑاتڑ اولے بھی برسنے شروع ہو گئے۔ بہزار خراب کشتی کو کنارے پر گھسیٹ کر ایک جھاڑی سے باندھا اور دور پرے ایک درخت کو دیکھ کر اس کی طرف بھاگا۔

اولے پڑتے گئے اور میں بھاگتا گیا۔ اپنے سر کو بچانے کے لئے میں نے اپنا کوٹ اتار کر دونوں بازوں سے سر کے اوپر چھاتے۔ کی طرح پھیلا دیا۔ اور بھاگتا گیا بجلی کی چمک بادل کی گرج، اور ہوا کے برفانی فرائے ہوش و حواس گم کئے دیتے تھے۔ آخر وہ درخت قریب آ گیا اور میں ایک جست لگا کر اس کے تنے سے پیٹھ لگا کر بیٹھ گیا آنکھیں بند کر لیں اور دل پر ہاتھ رکھا بچارا کتنے زور سے دھک دھک کر رہا تھا معلوم ہوتا تھا کہ ابھی پھوٹ جائے گا۔ ایک طویل عرصہ کے بعد جب سانس کی وہ دھونکنی ڈھیلی پڑی۔ دل ٹھکانے آیا اور حواس بجا ہوئے۔ تب جا کر کہیں میر آنکھیں کھلیں اور میں نے ادھر ادھر دیکھنا شروع کیا۔

بخدا کتنا بڑا سرول کا درخت تھا۔ صرف تنے سے لپیٹ ہی ساٹھ ستر فٹ ہو گا۔ اور کتنا اونچا درخت تھا۔ دور اوپر کہیں سے اولوں کی تڑاتڑ کی آواز آ رہی تھی۔ مگر اس گھنے چھتنار سے کے نیچے کوئی کوئی اولا نہیں گرتا تھا چاروں طرف قیامت کا منظر تھا لیکن یہ تین سو چار سو یا شاید پانچ سو سال کا پرانا درخت، ایک پر شور مہیب بحری طوفان میں ساکن جزیرے کی طرح قائم تھا۔ ایک بے آب و گیاہ ریگستان میں خوشنما لہلہاتے ہوئے نخلستان کی طرح تنہا، قدرت نے ایک ہی جھلک میں کائنات کی تصویر کے دونوں پہلو دکھا دیئے

یونہی سوچتا ہوا ایک بھیگے ہوئے کوٹ کو نچوڑ رہا تھا کہ اتنے میں کہیں پاس ہی سے بکری کے بچے کی "میں میں" سنائی دی۔ معاً گھوم کر اور درخت کے تنے کے دوسری طرف جا کر دیکھا

ہوں کے تنے میں ایک بڑی سی کھوکھ ہے جس میں نگی خاموش "صم بکم" ایک سونٹے کے سہارے کھڑی ہے اور بھیڑ بکریوں کا ایک ریوڑ اس کے پاس ہی قدموں میں بیٹھا ہوا ہے۔

مجھے دیکھ کر نگی ایک دم کانپ اٹھی۔ اس کے آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک نمودار ہوئی اور پھر آہستہ سے اس نے اپنا سر نیچا کر لیا۔

میں نے ایک بکری کا بچہ کو آہستہ سے گود میں اٹھالیا سردی میں مجھے اس کی نرم نرم پشم کے گھنے بال نہایت بھلے معلو ہوئے ۔یونہی اس بکر کے معصوم بچے کے سر پر ہاتھ پھیر پھیرتے میں نے پوچھا

"دو دن سے میں نے تمہیں نہیں دیکھا نگی۔؟

وہ خاموش رہی، آنکھیں جھکائے ہوئے۔

میں بکری کے بچے سے کھیلتا رہا

اب چاروں طرف خاموشی چھاگئی تھی۔ اولے برسنے بند ہوگئے تھے۔ آخر ایک صدیوں کی طرح لمبے عرصے کے بعد میں نے آہستہ سے کہا "یہاں تو بہت سردی ہے کیا میں کھوکھ کر اندر آسکتا ہوں؟"

کوئی جواب نہ پاکر میں کھوکھ کے اندر آ گیا۔

"ہونہہ۔ اچھی خاصی کوکھ ہے۔" میں نے آپ ہی بلند آواز میں کہنا شروع کیا "پتہ نہیں اس درخت کی عمر کیا ہوگی؟ نگی۔؟...... شاید دو تین سو سال تو ہوگی کیوں۔ نگی؟ ٹھیک ہے نا؟ کتنی اچھی جگہ ہے طوفان اور برف و باراں میں غریب چرواہے اسی درخت کی کھوکھ کا سہارا ڈھونڈھتے ہونگے۔ ٹھیک ہے نا! بولتیں کیوں نہیں؟"

نگی کھلکھلا کر ہنس پڑی، آہ۔ وہ دلکش ہنسی، اس کے موتیوں کی طرح خوشنما دانت چمک رہے تھے۔ اس کا غنچہ سا دہن۔ اس کوہستانی گلاب کے پھول کی طرح روشن ہو گیا۔ جس کے درمیان برف رکھ دی گئی ہو۔

میں نے بکروٹے کو زمین پر چھوڑتے ہوئے پوچھا۔ "کیوں ہنس رہی ہو نگی؟"

اس نے کوئی جواب نہ دیا وہ ہنس رہی تھی، اور کانپ رہی تھی۔ اس کے بازو ننگے تھے۔ اور اس کی قمیص جابجا سے پھٹی ہوئی تھی۔

"تمہیں سردی لگ جائے گی نگی۔ لو یہ پہن لو"

اس نے ہنسنا بند کر دیا۔ اور چپ چاپ کھڑی ہو گئی میں اسے کوٹ پہنانے لگا۔

جب میں کوٹ پہنا چکا تو اس نے آہستہ سے اپنے بازو میرے گردن میں ڈال دیئے اور اپنا سر میرے سینے پر رکھ دیا اور سسکیاں لے کر رونے لگی۔

میں اس کی ہنسی کو نہ سمجھ سکا تھا۔ لیکن اسکے رونے کو سمجھ گیا محبت کے پرسوز نغمے نے یکایک دل کے ویرانے کو روشن کر دیا میں نگی کے پریشان بالوں سے کھیلنے لگا وہ سسکیاں لے لے کر رو رہی تھی اور اپنی پریشان لٹوں سے آنسوؤں کو پونچھتی جاتی تھی آہستہ آہستہ اس کی سسکیاں کم ہوتی گئیں۔

اولے بند ہو چکے تھے۔ اور اب برفباری شروع ہو گئی چاروں طرف دھند اور تاریکی چھا رہی تھی۔ شاید اس اتنی بڑی دنیا میں اب وہی سرول کا گھنا چھتنارا محفوظ ترین جگہ تھا اور اسی چھتنارے کے نیچے کھڑے دو فرد اور دو دھڑکتے ہوئے دل باہر کے طوفان سے پناہ مانگ رہے تھے۔

اور...... اگر اسی کھوکھ میں کھڑے کھڑے محبت کے ان دو پتنگوں کی عمریں بیت جاتیں تو کیا ہی اچھا ہوتا۔

سرول کا چھتنارا بھیڑ بکریوں کا ریوڑ، نگی اور میں، اور خوشی کے آنسو، یا شاید غم کے آنسو۔ کون کہہ سکتا ہے؟ فطرت کس قدر پراسرار ہے۔!

اور اس کے دو دن بعد وہ مر گئی، نہیں اس کے وحشی باپ نے اسے مار ڈالا

کیا وہ ایک رات بھر ایک سرول کے درخت کی کھوکھ میں ایک اجنبی کے پاس نہ رہی تھی۔؟ اس نے ٹھیک کیا اسے مار ڈالا یہ جنگل کا قانون تھا۔ اس نے اس کی لاش کو گھسیٹ کر جھیل کے کنارے برف پر پھینک دیا۔ شاید میری اپنی آنکھوں نے اسے جھیل کے کنارے برف کے سفید بستر پر سوئے ہوئے دیکھا۔ کتنی گہری نیند تھی۔ کبھی نہ ختم ہونے والی۔ اس کے بازو کھلے تھے۔ اسکے سنہری بال الجھے ہوئے، چہرہ کنول کے نوزائیدہ پھول کی طرح سپید، اور اس کی کنول کی ڈنڈی کی طرح نازک گردن میں ایک گہرا شگاف تھا۔ یاقوت کی طرح گہرا سرخ میں جانتا ہوں کہ میں اسے اس طرح پڑے دیکھ کر پاگل ہو گیا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ میں اس وقت آگے بڑھ کر اور گھٹنے ٹیک کر اس گہرے یاقوتی گھاؤ کو چوم لیا تھا۔ آہ، مگر یہ تو ایک

بیوقوف مصور کی فطری کمزوری تھی۔ وہ اس ایک بوسے سے اس سونے کی مورت میں روح پھونکنا چاہتا تھا۔

بے سود، محض بے سود۔

تم کہتے ہو کہ میرا خط پڑھ کر کملا پہروں روتی رہی تمہیں پتہ ہے فیروز میں ان سات دنوں میں کس قدر رویا ہوں، کیا میرے آنسو کملا کے آنسوؤں کی سزا ہیں۔ جانے دو فیروز بھائی یہ آنسو کس کام کے ہیں۔ میرے اور کملا کے بے سود، بالکل بے سود۔

پتہ نہیں یہ آنسو کب بند ہوں گے، پتہ نہیں یہ برف باری کب بند ہوگی۔ بہر صورت میں کل ضروری جھیل کے اس پار جاؤں گا۔ جہاں سرول کا ایک گھنا چھتنارا ہے، جس کے تنے میں ایک بڑی کھوکھ ہے، جھیل کے کنارے میری کشتی انتظار کر رہی ہوگی۔ اور جھیل کے اس پار میری نگی۔

یہ کون گا رہا ہے۔ سنتے ہو۔ کتنا میٹھا، پر درد گیت ہے۔

ہُن آ، ہُن آ، ماہیا   گلے نال لا، نال لا، ماہیا

مینوں..........

روزنامچہ پولیس تھانہ دھر مسال

۸ر نومبر

آج ڈاک بنگلہ کے چوکیدار مسمی صاحب دین کی رپورٹ پر کالارام خواندہ سپاہی کو جھیل پر بھیجا گیا۔ ایک ٹوٹی ہوئی کشتی ملی اور پانی میں تیرتی ہوئی ایک لاش۔ چوکیدار مذکورہ کا بیان ہے کہ اس نے کل شام متوفی کو آخری مرتبہ دیکھا جبکہ وہ ننگے سر جھیل کی طرف بھاگتا ہوا جارہا تھا۔ چوکیدار نے کئی بار آوازیں دیں۔ مگر متوفی نے کوئی جواب نہ دیا۔ متوفی رات کو واپس بنگلہ پر نہیں آیا۔

متوفی کے جسم پر کوئی چوٹ یا خراش نہیں، موت غالباً خودکشی سے ہوئی۔ یا اتفاقیہ ڈوب جانے سے، متوفی کا نام شیام سندر تھا۔ وہ لاہور کا رہنے والا تھا۔ اور یہاں بغرض سیر و سیاحت آیا تھا۔ لاش بغرض پوسٹ مارٹم سول سرجن صاحب بہادر کو بھیج دی گئی ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقلم خود

حق نواز خاں صدر محترم۔ تھانہ چوکی دھر مسال

یرقان

''یرقان بذات خود کوئی بیماری نہیں'' یہ بھی ڈاکٹروں کا ایک مفروضہ ہے۔ سائنسداں کے اس مفروضہ کی طرح کہ چاند بذات خود روشن نہیں۔، دراصل اسی قسم کے مفروضوں سے ڈاکٹر اور سائنسداں عامیوں سے الگ پہچانے سے جاسکتے ہیں۔ ورنہ یہ تو غیر ممکن ہے کہ ہم میں سے کوئی چاند کی ٹھنڈی چاندنی اور یرقان جیسی تکلیف وہ بیماری سے انکار کر سکے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ میری بات پر مطلق یقین نہ کیا جائے اور اسے محض ایک یرقانی نظریہ قرار دیکر طاق نسیاں پر دھر دیا جائے۔

بہر حال آپ کو باور کر لینا چاہئے کہ یرقان ایک بیماری ہے اور بہت اذیت پسند بصورت دیگر آپ کو اس کہانی کے پڑھنے یا سننے سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ دوسری بات یہ کہ اس کہانی کے شروع ہونے پر میں یرقان میں مبتلا تھا۔ جس طرح ساون کے اندھے کو ہر طرف سبزہ ہی دکھائی دیتا ہے۔ اسی طرح یرقان میں آدمی کو ہر طرف زردی ہی زردی نظر آتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا کسی غیبی ہاتھ نے کل کائنات پر زعفران انڈیل دیا ہو اور بس اس کے بعد مرض کا ایک اور درجہ ہے، زندگی کی ایک منزل ہے۔ جہاں سب دوری مٹ جاتی ہے۔ اور مجھ جیسا شریف کنوار انزدان حاصل کر لیتا ہے۔

بس یہی بیماری اس مختصر سے قصہ کی ابتدا تھی، نہ میں بیمار پڑتا نہ شاما میری عیادت کو آتی ۔شاما کے متعلق میں صاف طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں کہ میری محبوب ہے یعنی میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ اور وہ اپنے خاوند سے محبت کرتی ہے جو چکوال میں اینٹوں کے ایک بھٹے پر ملازم ہے۔ میں

روپے تنخواہ پاتا ہے اور بھٹے پر کام کرنے والے مزدوروں کی حاضری لگاتا ہے اور کبھی کبھی اپنی حسین بیوی کو خط لکھ دیتا ہے۔ جس میں اکثر سیف الملوک شاہ بہرام اور حسن بانو کے پاکیزہ اشعار درج ہوتے ہیں۔ شامادہ خط اکثر مجھ سے پڑھوایا کرتی ہے۔ اور اس وقت اس کا چہرہ شرم سے لال ہو جاتا ہے۔ بچاری ان پڑھ ہے نا۔ اور جب میں سیف الملوک کے کلام کی تشریح اپنے مخصوص یرقانی انداز میں کرتا ہوں تو کسی قدر گھبرا جاتی ہے۔ لجاتی ہے۔ اور پیاری معلوم ہوتی ہے۔ گل عارض پر چمک اور آنکھوں میں دمک آجاتی ہے۔ لب کانپنے لگتے ہیں۔ اور پھر مجھے یکایک اس کی مہین شیرین آواز سنائی دیتی ہے۔ "آگے کیوں نہیں پڑھتے؟" اور...... میں بھلا خط پڑھتے پڑھتے اس کے چہرے کی طرف کیوں دیکھنے لگ گیا تھا۔ محبت؟ نہیں یرقانیت! یااللہ مجھے محبت ہے کہ یرقان۔؟

ایک دن ...... وہ دن مجھے اچھی طرح یاد ہے ...... میں بستر پر کروٹ کے بل لیٹا ہوا ریشم کے کیڑوں سے کھیل رہا تھا۔ ہمارے پڑوسی نے ریشم کے کیڑے پالے تھے۔ وہ ان کے کوئے بیچتا تھا۔ بڑی اچھی تجارت ہے، پچھلے سال اس نے دو ماہ کے قلیل عرصے میں کوئے بیچ کر تین سو روپے کمائے تھے۔ میرا چھوٹا بھائی اس سے آٹھ دس ریشم کے کوئے سے مانگ لایا تھا۔ ان کویوں میں سے پانچ پھوٹ گئے تھے اور ان میں سے ریشم کے کیڑے نکل آئے تھے۔ سفید اور زردی مائل کیڑے جو کوئے سے نکل کر نہ کچھ کھاتے نہ پیتے ہیں۔ صرف سات ن زندہ رہتے ہیں۔ اس عرصے میں نر و مادہ آپس میں جنسی تعلقات قائم کرتے ہیں۔ اس کے بعد نر مر جاتا ہے۔ پھر مادہ انڈے دیتی ہے، زرد، باریک اور گول گول، خشخاش کے دانوں جیسے اس کے بعد مادہ بھی مر جاتی ہے۔ بس یہی سات دن ان کی حیات معاشعہ ہیں۔

میں ان ریشم کے کیڑوں سے کھیل رہا تھا۔ ان میں چار نر تھے اور ایک مادہ بڑے بڑے زرد پروں والی جو خاموش بیٹھی نر کیڑوں کی طرف دزدیدہ نگاہوں سے تک رہی تھی۔ وہ کسے پسند کرے گی کس پر اس کی نظر انتخاب پڑیگی۔ وہ کون خوش نصیب ہوگا۔ جو اس سیمیں تن حسینہ کا محبوب ہوگا۔ آپ سچ جانئے مقابلہ واقعی سخت تھا۔ نر کیڑے دیوانہ وال بھونروں کی طرف اڑاڑ کر چلے جاتے تھے۔ وہ پروانوں کی طرح شمع کے گرد طواف کرتے تھے۔ کبھی وہ آپس میں گتھ جاتے اس طرح کہ مجھے ان میں سے کسی ایک کی ہلاکت کا شبہ ہو جاتا۔ پھر میں جلدی سے انہیں الگ الگ کر دیتا۔ وہ کچھ دیر چپ بیٹھے رہتے بالکل خاموش، بے حس و حرکت مگر

جلدی ہی وہ حسین مجسمہ انہیں اپنی طرف مائل کر لیتا۔ اور وہ پھر بے اختیار پھڑ پھڑانے لگتا۔ کبھی ایک کبھی دوسرا اڑ کر مادہ کے پاس آجاتا اور اپنے میں منہ کے قریب لاکر نہایت چرب زبانی سے اپنے عشق کا اظہار کرتا وہ کافر ادا کبھی مسکراتی، اور کبھی بے اعتنائی سے منہ موڑ کر پرے ہو جاتی ۔ نر بچارا اپنا سا منہ لے کر رہ جاتا۔ عورت کی فطرت میں دورخی کیوں ہے۔ ایک ہی نظر سے یہ گھاؤ بھی پیدا کرتی ہے اور اس پر پھاہا بھی رکھ دیتی ہے۔ دل تڑپا دیتی ہے اور تسکین بھی پہنچاتی ہے۔ ستم اس کو پھبتا ہے۔ کرم بھی اس کے شایاں ہے۔

یہی سوچتے سوچتے میں آنکھیں بند کرلیں، کسی کے پاؤں کی ہلکی سی چاپ سنائی دی اور کوئی میرے سرہانے آکر کھڑا ہوا۔

میں نے آنکھیں۔ کھولے بغیر ہی کہا "ماں...... دلیہ لائی ہو؟"

"نہیں، میں ہوں شاما۔"

اگر میرے پیٹ پر رکھی ہوئی پانی کی بوتل یکلخت پھٹ جاتی تو بھی مجھے اس قدر تعجب نہ ہوتا جس قدر شاما کے آنے پر ہوا۔ جب سے میں بیمار ہوا تھا۔ اور مجھے بیمار پڑے تین ماہ ہو چکے تھے۔ وہ ایک دفعہ بھول کر بھی مجھے پوچھنے نہ آئی تھی۔ کیا اس کے خاوند کا چکوال سے کوئی خط نہ آیا تھا۔؟

شاما تم۔؟" "میں!" میں نے خالص ڈرامائی انداز میں کہا۔

"ہاں میں!" اس نے خالص دیہاتی انداز میں جواب دیا۔ یہ لو۔

"تمہارے لئے چند ایک خوبانیاں لائی ہوں۔ خوب پکی ہیں۔ اور میٹھی" یہ کہہ کر اس نے رومال کھول کر سب خوبانیاں میرے بستر پر بکھیر دیں۔

یرقان میں مجھے دو چیزیں بہت مرغوب و موافق ہیں۔ ایک خوبانی دوسری شاما، اور پھر جب دونوں اکٹھی مل جائیں تو میری خوش قسمتی کے کیا کہنے۔ آج میں واقعی خوش قسمت تھا۔ میں آہستہ سے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اور اخبار کا وہ صفحہ جس پر ریشم کے کیڑے دھرے تھے۔ آہستہ سے پرے رکھ کر کہا "آؤ بیٹھو"

وہ پائینتی پر بیٹھ کر بولی "کیا حال ہے؟"

"اچھا ہے"

کچھ دیر ہم دونوں صم بکم بیٹھے رہے، میں نہ جانتا تھا کہ مجھے کیا کہنا چاہئے دل میں جذبات کا طوفان اُمڈ آیا تھا۔ اپنے غم اور غصے کا مظاہرہ کرنا چاہتا تھا۔ مگر یکایک زبان گنگ ہوگئی دل میں شکایتوں کا طومار تھا۔ مگر لب جیسے کسی نے سی دیئے تھے۔ دل میں بے چینی کا طوفان تھا۔ مگر آنکھیں اس کے چہرے کو دیکھ کر مسرور ہو گئیں........ آخر سوچ سوچ کر میں نے کہا چکوال سے کوئی خط نہ آیا؟''

''نہیں تو، تم تو بہت ہی نحیف ہو گئے ہو، تمہاری آنکھیں اس قدر زرد کیوں ہیں۔ مجھے ازحد افسوس ہے۔ میں اس سے پہلے تمہارے ہاں نہ آسکی۔ ماں کی طبیعت علیل تھی۔ خوبانی کیوں نہیں کھاتے، کھاؤ۔!''

میں نے مشکور نگاہوں سے اسے دیکھا۔ ایک خوبانی اٹھائی اور منہ میں ڈال کر دل کو لعنت وملامت کرنے لگا۔ ارے میاں کچھ تو کہو، اگر شکایت کی جرأت نہیں تو اظہار محبت ہی سہی، ان تعریفی نگاہوں سے کیا ہوتا ہے۔ نکل کر بات کرنا سیکھوں' گونگے عاشق کو تو ادھیڑ عمر کی عورتیں بھی پسند نہیں کرتیں۔

''شاما، تم........ ''میں نے کہنا شروع کیا۔

''اچھا، یہ ریشم کے کیڑے ہیں۔!'' شاما نے جلدی سے اخبار کو اپنی طرف سرکا کر کہا'' کس قدر خوصورت ہیں، تم نے کہاں سے پائے؟ اچھا یہ مادہ ہے، یہ نر ہیں۔ کیا خوب، اور اب اس نر مادہ کا آپس میں ایجاب و قبول ہو گیا دیکھو تو یہ کیڑا بڑا السان ہے، پتہ نہیں اس سے کیا کیا میٹھی باتیں کرتا ہے، سب ہی مرد ایسے ہوتے ہیں، ہے نا، یہ جوڑا تو الگ ہوا۔

''اب یہ باقی تین کہاں جائیں گے۔ بچارے کس طرح سسک رہے ہیں۔ دیکھو''

میں نے شاما کی طرف دیکھا، سونے کی مورت معلوم ہوتی تھی۔ لب تھرّے سے کھلے تھے۔ اور طلائے احمر کی طرح دمک رہے تھے۔

''تم کس قدر خوب صورت ہو شاما۔'' میں نے سینمائی انداز میں کہا'' اس سے بھی زیادہ خوب صورت جتنا کہ تم اپنے آپ کو سمجھتی ہو۔ میری آنکھوں اور تمہارے حسن کے درمیان ایک زرد پردہ حائل ہے۔ مگر پھر بھی تم مجھے بہت حسین نظر آتی ہو اور اگر یہ پردہ سامنے سے ہٹ جائے تو پھر کیا یہ تابناک حسن میری آنکھوں کو خیرہ نہ کردے گی...... اور

تمہاری آنکھیں کس قدر روشن ہیں۔ صاف اور پاکیزہ نیلو فر کی طرح کھلی ہوئیں۔
ماں دلیہ لے کر اندر آئیں کہنے لگیں "بیٹا نیلو فر کی بابت کیا کہہ رہے ہو۔"
"کچھ نہیں اماں یہی...... یہی...... کہ...... سنا ہے کہ نیلو فر یرقان میں بہت مفید ہے۔"
"ہاں میں ابھی ابھی ان سے ذکر کر رہی تھی۔" شاما نے سر جھکا کر کہا "پتہ نہیں انہیں موافق آئے، نہ آئے"
"نہیں بیٹی، مجھے دیسی دوائیوں پر یقین نہیں اور بعض حکیم تو......" اماں شاما سے باتیں کرنے لگیں، میں چپ چاپ دلیہ کھانے لگا۔

☆ ☆ ☆

شاما بہت حسین تھی۔ اس لئے چاہنے والے بھی بہت تھے۔ وہ بیاہی ہوئی تھی۔ اور یہاں میکے آئی ہوئی تھی۔ عاشقوں کے وافر ہونے کی یہ بھی ایک وجہ تھی اس کا باپ مر چکا تھا۔ اور اس کی والدہ رنڈاپے میں بھی سہاگ کی شان اور جوانی کی آب کو قائم رکھے ہوئے تھی۔ اس امر نے بھی شاما کے عاشقوں کی تعداد میں معتد بہ اضافہ کر دیا تھا۔ اور ان تمام امور کا شاما کو بخوبی احساس تھا۔ اس کے شریف اور بد عصمت ہونے کی یہ بھی ایک وجہ تھی۔

ہمارا قصبہ بہت چھوٹا ہے، اتنا کہ اس میں صرف پانچ حکیم تھے۔ تین ڈاکٹر اور دو وید پریکٹس کرتے ہیں۔ سوڈا واٹر کی صرف ایک دوکان ہے۔ ملائی کی برف بیچنے والا بھی ایک سے زیادہ نہیں، اور وہ ایک نوجوان ہے۔ منچلا اور شاما کا چاہنے والا شاما کی ماں اس سے ہر روز پاؤ آدھ پاؤ ملائی کی برف مفت کھا جاتی ہے۔ صرف دو درزی ہیں۔ ایک بچارہ ہے سیدھا سادا آدمی، وہ قمیص کی سلائی دو آنے تک خوشی سے قبول کر لیتا ہے۔ دوسرا راولپنڈی پاس ہے۔ اس نے تین سال تک راولپنڈی میں ایک مشہور معروف انگریزی "ٹیلرنگ شاپ" میں کام سیکھا ہے۔ وہ سلائی صرف اتنی طلب کرتا ہے جتنی کپڑے کی قیمت ہوتی ہے۔ ہمارے قصبے کے نوجوان اس سے بڑے شوق سے کپڑے سلواتے ہیں۔

ہمارے قصبے میں ایک مڈل اسکول ہے، پہلے پرائمری تک ہی تعلیم دی جاتی تھی۔

ٹدل کلاسیں اس سال کھلی ہیں۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نو وارد ہیں خوب صورت خوش طبع جوان ہیں، اسکول کو اپنے کالج کا بدل بنانا چاہتے ہیں۔ گاتے خوب ہیں۔ دور سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ گویا کوئی گرموفون بج رہا ہے۔ پیارو قوال کا "من تو شدم تو من شدی" انہیں بہت مرغوب ہے شاما کے گھر سے گزرتے ہوئے انہیں اکثر گنگناتے بلکہ صاف گاتے ہوئے سنا گیا ہے۔ شاما بھی کبھی دریچے میں بیٹھ کر سن ہے۔ اس کے چہرے پر اس وقت ایک عجب مسکراہٹ ہوتی ہے جوش رقابت میں، میں اسے محبت سے تعبیر کرتا ہوں۔

ہمارے قصبہ نائب تحصیلدار صاحب کا صدر مقام ہے۔ وہ مجسٹریٹ بھی ہیں، ور طبیب بھی، ان کی غیر معمولی ہر دلعزیز کا بڑا بھاری سبب یہی ہے۔ فارسی اچھی خاصی جانتے ہیں اور ادیب بھی ہیں۔ شاما کو خالص فنی نکتہ نگاہ سے دیکھنے اور پرکھنے کے عادی ہیں اور اس پر اس انداز سے تنقید کرتے ہیں۔ گویا شاما، شاما نہیں، زندہ عورت نہیں بلکہ لڈ گیو کا ایک مرمریں مجسمہ ہے یا باطلی سیلی کی پر کیف تصویر۔

ہمارے قصبہ میں باوا تہمن گر کا استھان بہت مشہور ہے عقدت مند روحیں جو اکثر طبقہ اناث سے تعلق رکھتی ہے انہیں صرف "باواجی" کہہ کر پکارتی ہیں۔ باواجی کی جوانی ڈھل، چکی ہے مگر ہر بات میں جوانوں سے آگے قدم دھرتے ہیں۔ "فنا ہونے سے پہلے کھیلتی ہے موج پانی پر" چرس کا دم لگاتے ہیں" شراب پیتے ہیں۔ اور شاما سے افلاطونی محبت رکھتے ہیں۔ قد لانبا۔ جسم اکہرا اور رنگ بگلے کی طرح سپید ہے۔!

ساون برسات کا مہینہ ہے، ساون میں جھولے پڑتے ہیں۔ شاعر اور ندی نالے طغیانی پر آجاتے ہیں، دل میں امنگیں اٹھتی ہیں، شاید خون کچا ہوتا ہے۔ جوش مارتا ہے میں نے بھی اپنی کوٹھری چھوڑ دی اور باہر باغ میں آرہا۔ سرول کے ایک گھنے چھتنارے کے نیچے میرا بستر تھا ۔اور اس کے نزدیک ہی ایک چنار پر میری چھوٹی بہن نے جھولا ڈلوایا تھا۔ قصبہ بھر کی لڑکیاں دوشیزائیں اور نویلی بہوئیں ہمارے ہاں جھولا جھولنے آتی تھیں۔ بڑا دلکش منظر ہوتا تھا۔ جب شاما پینگ بڑھاتی تو میرا دل بلیوں اچھلنے لگتا اور جب وہ پینگ بڑھاتے بڑھاتے دور اوپر چنار کی ٹہنیوں کے سبز سبز پتوں میں ایک لمحے کے لئے گم ہو جاتی تو میرا دل چٹک کر گلے میں آرہتا، کہیں وہ گر نہ پڑے۔

ایک دن جب شاما جھولا جھول رہی تھی۔ اور میرا نوکر رالی میرے پاؤں داب رہا تھا، میں نے اس سے پوچھا رالی اگر وہ گر پڑے تو پھر کیا ہو۔؟"

رالی بولا "کون بابو جی۔"

"شاما"

رالی بچارا حیران نگاہوں سے میری طرف دیکھنے لگا اسے میری بات سمجھ میں نہ آئی اسے کیا پتہ تھا کہ محبت کیا چیز ہوتی ہے۔؟

رالی بچارا سیدھا سادا نوکر ہے کبھی کبھی ہکلا کر بات کرتا ہے۔ باپ کے ہوتے ہوئے بھی۔ یتیم ہے کیونکہ اسکی سوتیلی ماں نے اسے گھر سے نکال دیا ہے۔ اور بڑے بھائی کے پیار اور ماں کے لاڈ اور چاؤ نے عالم شباب ہی میں ہی اس کے بال کھچڑ کر دیئے ہیں۔

"رالی" میں نے اسے کہا ایک لمبے وقفے کے بعد کیا "تم میری بات نہیں سمجھتے" اتنے میں شاما کی ماں دوڑتی ہوئی آئی۔ کہنے لگی، بابو جی، ذرا رالی کو اجازت دینا پن چکی سے آٹا پسا کر لے آئے، بڑی مہربانی ہو گی۔ (آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر) آج ضرور بارش ہو گی۔ اور اگر رالی ابھی ابھی آٹا نہ لے آیا تو پھر ندی زوروں پر آجائے گی۔ دیکھئے بادل پہاڑوں پر کیسے چھپئے ہوئے ہیں۔

رالی بولا "میں ابھی جاتا ہوں۔"

میں نے کہا "میری طرف سے اجازت ہے" رالی یہ سنتے ہی اٹھ کھڑا ہوا۔

رالی بچارا بہت سیدھا سادا ہے، میں نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی چاروں طرف بادل چھا رہے تھے۔ اور مشرق کی طرف تو کالا دھاری کی چوٹیاں کالی گھٹاؤں میں چھپی ہوئی تھیں۔ میں نے دل میں سوچا آج ندی میں خوب طغیانی آئے گی۔ پہاڑی نالہ کمزور آدمی کے غصے کی طرح ہے۔ جلدی چڑھتا ہے اور جلدی اتر جاتا ہے، ساون کے دنوں میں ندی کئی جانیں لے لیتی ہے۔ نالہ ایک دم ٹھاٹھیں مارتا ہوا آتا ہے۔ اور کناروں سے اُچھل کر میلوں اطراف میں پھیل جاتا ہے۔ گاؤں کے گاؤں تباہ کر برباد ہو جاتے ہیں۔ ڈھور ڈنگر اور اناج اور مال کے نقصان کا کچھ اندازہ نہیں۔

اماں میرے قریب آکر کہنے لگیں "اندر چلو، آج بارش ہو گی۔ گھٹا تلی کھڑی ہے۔

رالی کہاں ہے؟"

شاما کی ماں نے پن چکی سے آٹا لانے کو کہا تھا۔ ادھر ہی گیا ہو گا۔ چلو۔ اندر چلتا ہوں۔ لڑکیوں کے جھولا جھولتے جھولتے بارش شروع ہو گئی پل میں جل تھل ہو گیا، ندی کی پر شور روانی میری خواب گاہ کے اندر بھی سنائی دے رہی تھی۔

رات کے دس بج گئے۔ رالی نہ آیا۔ اماں اسی فکر میں کھوئی ہوئی میرے پاس بیٹھی رہیں "کمبخت کو اس وقت جانے کی کیا ضرورت تھی، انکار کر دیتا" اماں نے کہا۔

" میں نے ہی اجازت دے دی تھی۔ "میں نے آہستہ سے جواب دیا۔

"تم بھی نادان ہو، وہ بھلا موسلا دھار بارش میں کیسے آئے گا، ذرا ندی کا شور تو سنو، ندی ٹھاٹھیں مار رہی ہے۔ اور وہ اس وقت تک کیوں نہیں آیا پن چکی بھی تو دور نہیں ہے یہی چار میل کے قریب ہو گی۔ اسے اس وقت تک آ جانا چاہیے تھا۔ کہیں اس پار ہی نہیں رہ گیا ہو۔"

"اور اماں "میں نے جھجکتے ہوئے کہا "اگر اس نے ندی کو عبور کرنے کی کوشش کی ہو، یوں تو اچھا خاصا تیراک ...."

"چپ بیٹا، یوں نہیں کہا کرتے، رام سب کا بھلا کرتے ہیں۔"

بارہ بج گئے مگر مجھ نیند نہ آئی، شمع کی تھرتھراتی ہوئی لو میں میں نے دیکھا کہ اماں وہیں بیٹھے بیٹھے سو گئی ہیں۔ اتنے میں آنگن میں آہٹ سی ہوئی، کسی نے دیوار کیساتھ اپنا سونٹا ٹیک دیا اور لمبی سانس لی۔

میں نے کہا۔ "رالی ہے"

"جی ہاں"

"آٹا لے آئے"

"دے آیا بابو جی، وہاں ان کے گھر تو سب سوئے پڑے تھے، ودھوا کو جگایا اور اس کے حوالے کر کے ابھی آ رہا ہوں"

"کمبخت میں پوچھتا ہوں تم آٹے کیسے لے آئے؟"

"کھال میں بابو جی، بالکل نہیں بھیگنے دیا۔ ندی بڑے زوروں پر تھی پر میشر نے ہی جان

سلامت رکھے۔"

"بیوقوف تمہیں آنے کی اتنی جلدی کیا تھی، ندی کے پار رہ جاتے"

"میں نے سوچا شاما بھوکی رہے گی"

جواب سن کر بھونچکارہ گیا، یہ بینگن کے پودے میں انگور کے خوشے کیسے' تلخ لہجہ میں نے اس سے پوچھا"اور اگر تم ندی میں غرق ہو جاتے ہو.........."

رالی تھوڑی دیر چپ رہا، پھر ہکلا نے لگا۔" میرا...... رکیا ہے بابو جی یہ زندگی ک...... ک...... کسی کے کام آجاتی، میں اپنے آپ کو بھاگوان سمجھتا"

"کمبخت، مجنوں بھی کوئی تمہاری ہی طرح کا گنوار ہو گا۔"

"کیا کہا بابو جی؟"

"کچھ نہیں جاؤ، سو رہو۔"

اب شمع زرد پڑ چکی تھی، زرد اور بالکل ساکن، صرف ایک پروانہ اس کے گرد گھوم رہا تھا، میں غنودگی سے لبریز نگاہوں سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔ پروانہ ...... شمع...... رالی پروانہ ...... رالی...... شمع...... رالی...... شاما...... شمع......!

☆ ☆ ☆

باوا تھمن گر کا "استھان" ندی کے کنارے شمشان بھومی کے قریب واقع ہے۔اس میں ایک چھوٹا سا مندر ہے اور ایک مختصر سا باغیچہ اور اس کے ساتھ کپڑے دھونے کا گھاٹ، باوا جی اور ان کا چیلا سومناتھ وہیں دیوی کے قدموں میں آسن جماتے ہیں۔ اور رات کو بھی وہیں پڑ کر سو رہتے ہیں۔ ندی میں ہر سال طغیانی آتی ہے مگر مندر ہمیشہ محفوظ رہتا ہے پچھلے سال تو گھاٹ بھی بہہ گیا تھا۔ مگر مندر جوں کا توں کھڑا رہا۔ یہ سب باوا جی کی دعا کا اثر ہے۔ اور ان کے فوق الفطرف ہونے کا ثبوت، شاما کی ماں ودھوا باوا جی کو ہر روز پرنام کرنے جاتی ہے۔ اور شاما بھی کبھی کبھار اس کے ساتھ جایا کرتی ہے۔ میں نے پہلے اسے باوا جی کے باغیچے میں ہی دیکھا تھا اس نے جوہی کے پھولوں کا ایک گچھا اپنے بالوں میں لگا رکھا تھا اور دوپٹہ میں پھول چن چن کر رکھ

رہی تھی۔ آہ جوہی کے پھول۔

کتنی مدت ہو گئی اس اولین ملاقات کو، مگر آج پھر وہ پہلی نگاہیں اور جوہی کے پھول مجھے رہ رہ کر یاد آرہے تھے، ہم گھڑی کی سوئیوں کو الٹ پلٹ کر سکتے ہیں۔ مگر زمانے کی سوئیاں کو الٹا پھیر دینے کی کس میں ہمت ہے کاش وہ پہلی نگاہیں مجھے واپس مل جائیں۔ کاش میں انہیں پھر ایک بار دیکھ لیتا، وہ نگاہیں۔ جنہوں نے میرے سینے میں امنگوں کا طوفان برپا کر دیا تھا جنہوں نے محبت کی سوئی ہوئی ندی کو اپنے نازک پتواروں سے متلاطم کر دیا تھا، مگر آج وہ حقیقت محض ایک خواب ہے شفق کی طرح رنگین قوس وقزح کی طرح دور.........

رالی میرے پاؤں داب رہا تھا۔ میں نے اسے آہستہ سے کہا "رالی مندر سے جوہی کے پھول لاؤ گے ؟"

رالی بولا "بابوجی بارش ہور ہی ہے۔" پھر یہ کہہ کر خود ہی اٹھ کھڑا ہوا "اچھا جاتا ہوں۔"

رالی اسی موسلادھار بارش میں اٹھ کر چلا گیا۔ آج اس کی نگاہ اولین کی یاد نے دل میں دبی ہوئی امنگوں میں ایک ہیجانی کیفیت سی پیدا کر دی تھی میں نے اپنی آنکھیں بند کرلیں اور اپنی خیالی دینا میں گم ہو گیا۔ اس دنیا کو مجھ سے کوئی چھین نہیں سکتا۔ اس خیال سے مجھے ایک گونہ تسلی ہوتی ہیے کہ یہ دینا میری ہے اور اس جسد خاکی کے آخری سانس، زندگی کے آخری لمحے اور دل کی آخری دھڑکن تک یہ دنیا میری ہو گی، شاید اب یہ دنیا ہی میرا سرمایہ حیات ہے اس دنیا میں پہنچ کر مجھے احساس ہوتا ہے کہ میں ایک ناؤ بن گیا ہوں ایک ناؤ جو چاروں طرف لہروں سے گھری ہوئی ہے۔ لہریں کھیلتی ہیں، مسکراتی ہیں ڈوبتے ہوئے سورج کی ارغوانی کرنو کو ہمک ہمک کر پیار کرتی ہیں۔ یکایک میں اپنے بادبان پھیلا دیتا ہوں، اور لہریں اپنے شانوں پر لئے ہوئے مجھے دور دور بہالے جاتی ہیں، پتہ نہیں کس طرف ؟ نجانے کیوں مجھے صرف ایک خاموش موسیقی اور ایک جانفزا سرور کا احساس ہوتا ہے کیف آور اور شیریں۔

پتہ نہیں۔ میں کتنا عرصہ اسی خیالی دنیا میں گم رہا یا کتنا عرصہ اور اسی خیالی دنیا میں گم رہتا۔ اگر اماں میرا شانہ جھنجوڑ کر جگانہ دیتیں "بیٹا، اٹھو تو سہی، وہ دیکھو رالی......"

میں نے آہستہ سے کہا۔ "کیا بات ہے ماں، رالی پھول لے آیا؟"

''اچھا تو کیا تم نے اسے مندر بھیج دیا تھا؟'' اماں نے کہا۔ ''آہ بے چارہ رالی، اس کا بازو ٹوٹ گیا ہے اور اس کے سر پر کئی چوٹیں آئی ہیں۔ بر آمدے میں پڑا ہے۔''

میں جلدی سے اٹھ کر بر آمدے میں گیا۔ رالی آنکھیں بند کئے چار پائی پر پڑا آہستہ آہستہ کراہ رہا تھا۔ سر پر اور دائیں بازو پر پٹیاں بندھی تھیں۔ میں نے پوچھا ''بیوقوف کیا مندر میں باوا جی سے لڑ پڑے، اگر وہ پھول نہ دیتے تھے تو واپس چلے آتے، جھگڑا کرنے کی کیا ضرورت تھی سومناتھ نے بھی پیٹا ہوگا، تمہیں، جیسا گورو ویسا چیلا''

''وہ مندر کہاں رہا بیٹا۔ یہ جو تین دن سے لگاتار بارش ہو رہی تھی۔ اس کمبخت جھڑی کو کچھ لے کر ہی ٹلنا تھا آج ندی میں اسے اس قدر طغیانی ہے کہ توبہ بھلی ذرا شور تو سنو، اور جب رالی مندر کی طرف پھول لینے گیا تو مندر کے چاروں طرف پانی چڑھ رہا تھا اور گھاٹ بہہ رہا تھا۔''

''تو...... میں نے تو اسے یونہی بھیج دیا تھا اگر پانی چڑھ رہا تھا تو نہ جاتا ایسی بھی......'' میں نے فقرہ ناتمام چھوڑ دیا۔

''کیسے نہ جاتا بیٹھا، وہاں شاما......''

اماں میری بات ان سنی کر کے بولیں ''اور دیکھو یہ باوا اور اسکا چیلا۔ دونوں کتنے کمینے نکلے ان کو اتناہ بھی نہ خیال آیا کہ......''

''مگر شاما کیا؟'' میں قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔

''کہہ تو رہی ہوں بیٹا'' اماں جلدی سے بولیں۔ ''کہ شاما بھی وہاں گئی ہوئی تھی اور دیوی جی کو پرنام کر کے باغیچہ میں جوہی کے پھول چن رہی تھی کہ بارش نے آگھیرا، وہیں مندر میں ٹھہر گئی، سوچا ہوگا کہ بارش تھمے تو جاؤں۔ آن کی آن میں جل تھل ہو گیا، مندر کے چاروں طرف پانی کی لہریں مارنے لگا۔ اور جب نیا گھاٹ بھی بہنے لگا اور ندی کا رخ مندر کی طرف مڑا تو باوا جی بڑے گھبرائے، چیلے سمیت بھاگ کھڑے ہوئے۔''

''اور شاما کو میں وہیں چھوڑ دیا۔؟'' میں نے جلدی سے پوچھا۔

''کچھ نو پوچھو، جان تو سب کو پیاری ہوتی ہے۔ جب رالی وہاں پہنچا تو پانی نے مندر کو چاروں طرف اچھی طرح سے گھیر لیا تھا۔ شاما سیڑھیوں پر چیخیں مار رہی تھی۔ اور باوا جی اور ان کا

چیلا تیرتے ہوئے خشکی کی طرف آرہے تھے۔

"کمینے!" میں نے تیز تر لہجہ میں کہا۔

اتنے میں کسی نے باہر کا دروازہ کھٹکھٹایا، ماں اندر چلی گئیں۔ نائب تحصیلدار صاحب تھے۔ برآمدے میں آکر رالی کے سرہانے بیٹھ گئے کہنے لگے "آپ کے نوکر نے آج بڑی جوانمردی دکھائی مندر کی گرتی ہوئی دیواروں، اور ٹھاٹھیں مارتے ہوئے پانی کے ریلوں سے شاما کو بچا کر لے آیا۔ چوٹیں تو بہت لگی ہیں بچارے کو، میں نے ڈاکٹر سے وہیں پٹی وغیرہ کا انتظام کر دیا تھا آج شام کو ڈاکٹر پھر آئے گا ...... رالی بیٹا تم بہت جلد اچھے ہو جاؤ گے۔"

اتنا کہہ کر تحصیلدار صاحب چپ ہو گئے اور رالی کی طرف دیکھنے لگے۔ رالی خاموش لیٹا ہوا تھا۔ میں نے اس کی نبض دیکھی تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔

"کیوں روتے ہو رالی۔" میں نے پوچھا۔

رالی نے دھیمے میں جواب دیا "بابو جی سر میں بہت درد ہے"

تحصیلدار صاحب چارپائی سے اٹھ کر بولے "اچھا تو میں چلتا ہوں اور ڈاکٹر کو ابھی آپ کے پاس بھیجتا ہوں۔ چوٹیں تو معمولی ہیں۔ میرے خیال میں، ایک دو دن میں اچھا ہو جائے گا۔ فکر نہ کریں شاما کا خاوند سنا ہے کل یہاں پہنچے گا۔"

وہ چلے گئے، میں چپ چاپ رالی کے پاس بیٹھا رہا "شاما کا خاوند کل یہاں پہنچے گا ...... کل ...... فکر نہ کریں ...... چوٹیں معمولی ہیں ...... چوٹ ...... کاش تحصیلدار صاحب کو پتہ ہوتا کہ یہ چوٹیں معمولی نہیں ہوا کرتیں۔ ......"

اماں رالی کے لئے گرم دودھ لے آئیں، میں چمچہ سے اسے پلانے لگا۔ اماں کی آنکھوں میں آنسو بہہ رہے تھے۔

☆ ☆ ☆

اس واقعے کے پانچ روز بعد شاما اپنے خاوند کے ہمراہ چکوال چلی گئی۔

جانے سے قبل وہ مجھے ملنے کے لئے آئی۔

"میں آج جا رہی ہوں بھیا۔"

اس کا چہرہ زرد تھا، اور لب انار کی کلی کی طرح سرخ تھے۔

میں نے خاموش نگاہوں سے اسے دیکھا اور چپ ہو رہا، ماں نے ہاتھ پھیلا کر دعا دی" پر میشور تمہارے سہاگ کو ہمیشہ قائم رکھے۔"

"رالی کدھر ہے بھیا، میں اسے ملے بغیر نہ جاؤں گی۔"

ماں نے جواب دیا" رالی چشمے سے پانی بھرنے گیا ہے۔ اب آتا ہی ہو گا"

گھنٹہ پون گھنٹہ گزر گیا۔ مگر رالی نہ آیا۔

میں نے نہایت نرم لہجہ میں آہستہ سے کہا" شاید وہ نہ آئے گا۔"

جیسے اس نے میری بات سمجھ لی ہو۔ وہ فوراً اٹھ کھڑی ہوئی، آہستہ سے بولی" تم اچھے ہو جاؤ گے بھیا" پھر اس نے سر جھکا کر ماں کو پرنام کیا۔

اور وہ چلی گئی چپ چاپ، خاموش سر جھکائے ہوئے مجرم کی طرح

کائنات کا ہر ذرّہ بے مصرف ہے، اور انسان کی ہر کوشش بے سو، یہ انسان کتنا حقیر ہے، اور یہ دنیا اس سے بھی حقیر تر، یہ عقیدہ لاینحل کیا ہے؟ اور کس لئے؟ اور پھر اگر تمام زندگی کو یوں مٹھی میں بند کر کے چرم کر دیا جائے، اس طرح کہ اس کے ریزے ریزے ہو کر بکھر جائیں، اور کوئی ان کی ہوا تک بھی نہ پاسکے، تو پھر...... تو پھر کیا ہو .... کس لئے۔؟...... کیونکر۔؟

دل میں ہزاروں خیال تھے۔

بے سود، سب بے سود۔

بہت دیر کے بعد رالی آیا، پانی کا گھڑا سر پر اٹھائے ہوئے۔ اس کا چہرہ ستا ہوا تھا۔ اور ہونٹ نیلے، تھوڑی دیر ٹھہر کر جب وہ میرے پاؤں دابنے بیٹھا تو میں نے اس سے پوچھا۔ رالی آج کہاں غائب رہا۔؟

کچھ دیر ہو گئی، بابو جی، معاف کر دو" اس دن آپ نے جوہی کے پھول مانگے تھے۔ آپ یہ گچھا لے سکتے ہیں یہ کہہ کر اس نے جیب سے پھولوں کا ایک گچھا نکالا اور میرے ہاتھ میں دیدیا۔ باسی پھول تھے اور پتیاں زورد، مگر ان میں خوشبو تھی۔

مجھے تحصیلدار صاحب کی بات یاد آگئی ، میں نے کہا "رالی ،اسے تم رکھ لو یہ لو اسے تمہیں اپنے پاس رکھو۔"

"نہیں بابو جی میں اسے نہیں لے سکتا۔"

"کیوں۔؟"

رالی چپ ہو رہا۔

میں نے ایک پھیکی ہنسی ہنستے ہوئے کہا "رالی مجھے معلوم نہ تھا کہ تم اتنے جذباتی ہو اور شاعر مزاج ہو"

رالی چپ بیٹھا رہا، بے جان، بے حس و حرکت، مٹی کی مورت پھر سر جھکا کر آہستہ سے میرے پاؤں دابنے لگا۔ گرم آنسو کے ایک دو قطرے میرے پاؤں پر گر پڑے۔

زندگی کس قدر عجیب ہے۔!

شاما...... ودھوا...... باوا جی...... رالی...... سومناتھ...... ریشم کے کیڑے......

زندگی کس قدر عجیب ہے۔

آپ ہمارے کتابی سلسلے کا حصہ بن سکتے ہیں،
مزید اس طرح کی شاندار، مفید اور نایاب برقی
کتب (Pdf) کے حصول کے لیے ہمارے
وٹس ایپ گروپ میں شمولیت اختیار کریں
ایڈمن پینل
عبداللہ عتیق : 0347-8848884
حسنین سیالوی : 0305-6406067
سدرہ طاہر : 0334-0120123

فن

● "کرشن چندر میں سب سے مقدم چیز اُن کا منفرد نقطۂ نظر ہے۔ وہ سب سے پہلے بھی کرشن چندر ہے اور سب سے آخر میں کرشن چندر۔ اس نے مخصوص تحریک یا نقطۂ نظر کو اپنے اُوپر غالب نہیں ہونے دیا ہے۔ نہ تو پرولتاریت کو، نہ جنس کو، نہ رومانیت کو محض ترقی پسندی کو بھی نہیں۔ وہ زندگی کو دیکھنے کے لئے کسی مخصوص رنگ کے شیشوں کی مدد نہیں لیتا۔ اُس کو اپنی آنکھوں پر پورا اعتماد ہے۔ اس کا افسانہ زندگی کا ایک ذاتی اور بلاواسطہ تاثر ہوتا ہے۔"

—— محمد حسن عسکری

● "فن اور وسیلۂ اظہار کی اہمیت، اتنی ہی ہے جتنی مواد اور موضوع کی۔ بلکہ اس میں تو ایسا جادو ہے کہ کبھی کبھی یہ مواد کی سطحیّت کا پردہ پوش بن جاتا ہے۔ اور زبان و بیان کے رسیا اسی کے چند گھونٹ پی کر مست ہو جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ نہ تو تنہا اسلوب پر فن کی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے نہ اُس کو نظر انداز کر کے۔ کرشن چندر افسانہ نویسی کے اس اہم ترین بھید سے نہ صرف واقف ہیں بلکہ اُس کو برتنے پر قدرت رکھتے ہیں۔"

—— سید احتشام حسین

● "کرشن چندر اندر سے سراسر شاعر تھا۔ اُس نے اپنے افسانوں سے شاعری کی شبنم جھاڑنے کی کوشش کی مگر اس میں ناکام رہا۔ اور اچھا ہی ہُوا کہ ناکام رہا اور اس طرح محبت، اپنائیت اور اجتماعیت اس کے افسانوں کا مجموعی تاثر بنی۔"

—— احمد ندیم قاسمی

● "وہ اپنے خوبصورت اندازِ بیان کے خود ہی موجد اور خود ہی خاتم ہیں۔ ان کے اسٹائل کا اگر تجزیہ کیا جائے تو حیرت ہوتی ہے کہ اُس میں ایسے عناصر پائے جاتے ہیں جو عموماً ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں مثلاً رُومان، مزاح اور حقیقت۔ مزاح ایک ایسا عنصر ہے جو رُومان کے حق میں زہرِ قاتل ہوتا ہے۔ اور رُومان وہ عنصر ہے جو حقیقت کو تباہ کر دیتا ہے لیکن کرشن چندر کے اسلوبِ بیان میں وہ نہ صرف اچھے ہمسایوں کی طرح رہتے ہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ کھُل بیٹھتے ہیں۔ کرشن چندر قدرت سے ایک شاعر کا دل، ایک فلسفی کا دماغ اور ایک مجاہد کا جگرلے کر پیدا ہُوئے تھے۔ یہ نظریۂ اشتراکیت کی خوش قسمتی تھی کہ اُسے کرشن چندر ایسا مبصّر اور مبلغ ملا۔ جس نے کارل مارکس کے خشک اور سنجیدہ فلسفہ کو اس دلکشی اور رعنائی کے ساتھ پیش کیا کہ وہ عمر خیّام کی رُباعی اور شعرِ حافظ سے بھی زیادہ دلآویز نظر آنے لگا۔"

—— کنہیا لال کپور